عملیات بزرگانِ دین

مصنفہ صوفی وارثی میرٹھی

اس کتاب میں حسبِ ذیل بزرگانِ دین کے اعمال درج ہیں!

حضرت پیران پیر — حضرت خواجہ سلطان الہند اجمیری — حضرت اورنگارہ شاہ

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی — حضرت صوفی محمد حسین الہ آبادی — حضرت امام اعظم

حضرت علی کرم اللہ — حضرت خواجہ قطب الاقطاب — حضرت امام شافعی

حضرت شیخ الاعظم — حضرت شیخ بہاؤالدین نقش بندی — حضرت [illegible]

حضرت [illegible] — کلیم اللہ جہاں آبادی — شاہ ولی اللہ صاحب

[illegible]ت مخدوم جی — حضرت امام علی نقی — حضرت مجدد صاحب

[illegible]اجی محمد شیر صاحب — حضرت خضر — حضرت الیاس

حضرت مولانا گنج مرادآبادی — حضرت صابر کی گوریاں — حضرت بابا شاہ کا چلہ

حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی

ملنے کا پتہ

قیمت ایک روپیہ چار آنے

[illegible]بہار بک ڈپو

[illegible]رن لوہاری گیٹ لاہور

پہلی بات

جناب ندیم صاحب کی یہ مدت سے یہ خواہش تھی کہ میری کو تصنیف شائع کریں۔ لیکن ایسا موقعہ ہی نہ ملتا تھا۔ ایک مرتبہ ایسی صورت پیدا بھی ہوئی مگر ان کی عدیم الفرصتی اور میری نازک مزاجی کے طفیل پھر کوئی کام نہ بن سکا۔ آخر پھر ایک دن ندیم صاحب مجھے سربازار مل گئے۔ اور یہ خواہش کی کہ میں کوئی کتاب عملیات کی لکھ کر انہیں اس ضمن میں میری تصانیف مقبول موجود ہیں ہیں۔ مگر بالآخر میں نے ان کی خواہش کا احترام کرتے ہوئے یہ بات منظور کر لی اور بڑی عرق ریزی سے مسودہ تیار ہو گیا۔ وہ کچھ عدیم الفرصت تھے۔ پھر ملنے کی نیت سے اٹھ آیا۔ اتفاق ایسا پھر وہ مسودہ نہ جانے کہیں گم ہو گیا۔ میں کہیں رکھ کر بھول گیا۔ اب میں نے پھر عزم ترتیب کیا۔ الحمد اللہ پھر اس مرتبہ اک قدیمی مسودہ مل گیا۔ گویا یہ پہلے نقش کا نعم البدل تھا۔ میں نے اسے کیا وہ مسودہ یہی ہے۔ جو پیش نظر ہے۔

گر قبول افتد زہے۔ عز و شرف

صوفی وارثی میر[illegible]

نام	صفحہ	نام	صفحہ	نام
نقش حافظ الامراض	۲۱	حضرت انگارہ شاہ	۲۴	دیوانہ کے لئے
نقش فتوح	″	گمراہی سے بچانیوالا نقش	″	سحر اتارنا
نقش تقویت	″	نکاح کا نقش	″	بیوی شیدائی ہو
نقش حضرت مظہر	″	دشمن پر غالب ہونیکا نقش	۲۵	روزگار ملے
خانہ خرابی دشمن	۲۲	[illegible]ین کا نقش	″	ہلاکت دشمن
نقش ایک عجیب	″	[illegible]میں محفوظ رہنے کا نقش	″	چور
نقش حاجی امداد اللہ صاحب	″	ایک خاص عمل	″	تسخیر
برائے دشمنی	″	عملیات اک خاص عمل	″	سورۂ ابراہیم
فراخی رزق کا نقش	″	خواص بسم اللہ	۲۶	باغ اجاڑنے کو
نقش مقابلہ	″	خواص فاتحہ	۲۷	عمل
قاضی الحاجات نقش	۲۳	آیت الکرسی	″	نیند کے لئے
نقش استخارہ	″	یٰسین	۲۸	بخار و درد
نقش صدمہ	″	بدکلامی دشمن	۲۹	شراب
نقش قربانی	″	صوفی محمد حسین	″	احتلام
نقش صوفی	″	قوت حافظہ	۳۰	جو خفیہ بخار
نقش شفا	″	نکسیر و استحاضہ	″	پیغام
نقش برکت تجارت	۲۴	ذات الجنب	″	آسیب
نقش حج	″	آندھی کے لئے	″	دعا مجھے معرا[illegible]
دین و دنیا کا نقش	″	راز مخفی	″	اشتہا[illegible]

عنوان	صفحہ
عمل کی کامیابی	۳۵
اسمائے [illegible]	〃
ختم کلام پاک	۳۶
کلمہ توحید	〃
شیطان کا کوڑا	۳۷
جنت کی خریداری	〃
ورد ہفت روزہ	〃
حضرت امام اعظم	۳۸
[illegible] استخارہ مجرب	〃
[illegible] خواب میں دیکھنا	۳۹
[illegible] سے رہے	〃
[illegible]ی الحاجات [illegible]	〃
[illegible] میں کافی ہیں	〃
نقش فتح	۴۰
[illegible]ت کا نقش	〃
[illegible] بخار کا [illegible]ت	〃
نقش حروف	۴۱
نقش فاتحہ	〃
نقش یا عزیز	〃

عنوان	صفحہ
آگ سے جلے	۴۰
چیچک کیلئے	〃
بچہ چونکے	۴۲
بچہ آسانی سے ہو	〃
حمل نہ قائم ہونیکیلئے	〃
جو عورت نکاح نہ کرے	〃
قوت مردانہ	۴۳
مال تجارت	〃
کرب و شدت رفع ہو	〃
ابیات مفتاح الذہن	〃
گم شدہ کیلئے	۴۴
〃	〃
چوہے بھگانے کو	〃
وسوسات روکنے کو	〃
سورہ حم السجدہ	〃
کھانسی	۴۵
سورۃ تحریم	〃
〃 نجم	〃
〃 حجرات	〃

عنوان	صفحہ
سورۃ طور	۴۵
〃 ممتحنہ	〃
〃 نون	〃
〃 الحاقیہ	〃
〃 غاشیہ	〃
〃 العلق	〃
〃 نصر	〃
〃 حم	〃
〃 صافات	〃
〃 روم	〃
〃 آیۃ مبارکہ	〃
پسر صغیر درد ہوں	〃
حضرت علی	۴۶
دعائے دوا سنون نقش بنیاد	〃
راہ کھولے	۴۷
زبان بندی	〃
استخارہ	〃
اسم	۴۸
رجعت سے بچنے کو	〃

جاڑہ بخار	48	عمل شب	52	جواب نامہ	57
سورۃ بقر	״	״	״	ضرورت	58
مرگی کے لئے	״	خنگ	״	انگوٹھی	״
علم لدنی	״	״	״	دریائی سفر	״
حاکم بگڑے	״	بکری زیادہ ہو	״	ہر جمع کا درد	59
دم	״	کھیتی	53	امام شافعی	״
آرام دہ نام	״	قرض کے لئے	״	تقبیات	״
داڑھی سر پہ	49	״	״	شیطان	60
درد سر	״	بربادی	״	دوزخ کا محافظ	״
یرقان	״	حلال	54	اسم الاعظم	
آنکھ درد کرے	״	جب چاہے جاگے	״	عاشورہ	
درد جسم	50	رحمت	״	حفا	
خنازیر پھوڑا	״	ارشاد خواجہ	״	بارہ مہینے	
دعائے فرزند	״	مصیبت	״	״	
واپس بلانے کو	״	مالداری	55	رمضان	
ذہن		علی کا ارشاد	״	قربانی	
سانپ	״	مزمل	״	رجعت	
محبت	51	ترمذی	״	دروزہ	
زعون کا قسم	״	حکمات	56	اسمعیل	

نام	صفحہ	نام	صفحہ	نام	صفحہ
محبت کا منتر	۶۵	بچ کے مٹھی	۷۴	حامل جن	۸۲
	″	درود غوثیہ	″	مخدوم جی	″
بارگزیدہ	″	بیت الہد	″	نقش دعل	۸۳
نقش پندرہ	۶۶	حاضری مزار	″	دعائے کاظمی	۸۴
اخلاص	″	مخفی بات معلوم ہو	۷۵	علی نقی	۸۵
۳۴	۶۷	دشمنوں سے جنگ	″	قہر آلہی	″
ہمدرد	″	تحفہ شیعہ	۷۶	سری سقطی	″
ڈر دہشت	۶۸	نقش جنگ	″	حضور غوث پاک	۸۶
بھینس دودھ دے	″	نقش طاعون	″	سخت بیماری	″
محبت	″	نقش رسولی	۷۶	شجرہ	″
زبان بندی	″	خواجہ بہاؤالدین	″	توکل	۸۷
شادی	۶۹	بہاؤالدین زکریا	۷۷	مجدد کا معمول	″
محب	″	بلھے شاہ	″	بعد وضو	″
کشفیں	″	شیخ حکیم اللہ	۷۸	مجدد صاحب	۸۸
عزیز الخلق	۷۰	نقش شاہ ولی اللہ	″	دعائے استخارہ	″
درنجوت	″	شعبدہ	۷۹	اللہ	″
مرگی	″	تعویذ فردوس	۸۰	بلاکٹ سفر	۸۹
روزنامہ	″	سوال جو چاہو بتانا	″	فالج زدہ	″
زیارت رسول	۷۱	مداد کا کرشمہ	۸۱	حاجی محمد شیر	″

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
نظر زدہ	90	بارش کرانے کے لیے	96	طہ کا عمل	102
عزیمت وجنات کا عمل	91	دعائے قبول	96	منزل کا ورد	103
بزرگ کا مقولہ	92	ناف ٹل جانے	97	کام کی باتیں	"
دعائے حیدری	"	آخری چہار شنبہ	"	مجرب عمل	104
ورد غوثیہ	92	گم شدہ کے لیے	"	دست غیب کا عمل	105
حضرت خضر	94	رزق کا ہونے کیلئے	98	نقش کا شانہ	106
معمول مشائخ	"	خاتمہ خالدی	"	ابوہریرہ کے چھوہارے	107
سوتے وقت	95	علامات قتل	99	صابر کی گوریاں	108
نقش داد	"	سفر کوئٹہ چادر	"	لاہور دا تا صاحب	"
روغن ماش	"	گھوڑا دوڑ	100	محبوب الٰہی	"
طوفان میں	"	سٹہ	"	بابا صاحب کا چلّہ	"
تبادلہ کے لیے	"	اس کتاب میں	"	دلائل شریف	"
آگ بجھانے کو	96	پہلوانوں کو طاقت	101	آخری مجرب المجرب	109
مرض بواسیر	"	قرآن کا عمل	"	آخری باب	"

فہرست ختم

شد

پیران پیر حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ

نام خاص شیخ سید عبدالقادر لقب محی الدین وطن جیلان قادریہ سلسلے کے بانی مشہور بزرگ ہیں جن کی گیارہویں شریف دنیا کے اکثر مسلمان منایا کرتے ہیں۔ آپ بڑے صاحب کشف و کرامات تھے۔ آپ کے وعظ کی محفل میں سے ہمیشہ دو چار جنازے نکلتے تھے۔ آپ کا وعظ بڑا موثر ہوتا تھا۔ بڑے بڑے مجاہدے اور ریاضتیں آپ نے کی تھیں۔ حضرت شیخ بہاؤالدین نقشبند کی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی نے بھی اسی سے فیض پایا۔ بلکہ آپ کی دعا سے پیدا ہوئے تھے۔ بڑی بڑی کرامتیں آپ سے ظاہر ہوئیں۔ بہت سے لوگوں نے آپ سے ہدایت پائی۔ آج بھی لوگ آپ کے معمولات سے فیض پاتے ہیں۔ مزار پر انوار بغداد شریف میں زیارت گاہ خاص و عام ہے۔ مشہور ہے۔ کہ آپ کے مزار پر دست دراست کا نقش موجود ہے۔

مگر یہ افواہ ہے۔ البتہ آپ کے سلسلے کے مشہور و معتبر بزرگان کے آزمائے ہوئے آپ کی بیاض خاص کے نقشیات جو ہم نے بڑی خدمات انجام دینے کے بعد حاصل کئے ہیں۔ ذیل میں درج کئے دیتے ہیں۔ کاش دنیا کے لوگ خلوص و عقیدت سے اس خزانے کی قدر کریں۔ جو انہیں کوڑیوں کے مول ہاتھ لگ گیا ہے۔ یاد رکھئے کہ

آں کہ مرداں را رساند مراد۔ اعتقاد است [illegible]

آپ فرمایا کرتے تھے۔ کہ دنیا اکسیر نہیں کھوتی۔ خدا کی نعمت [illegible] پھر فائدہ نہیں اٹھاتی۔

عمل فاتحہ:- سورۂ فاتحہ ہی یعنی الحمد شریف ہی [illegible] سورت ہے۔ کہ اگر وصل میم کے ساتھ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ رب العالمین ختم تک ۱۱ مرتبہ روزانہ صبح کے فرض اور سنت کے درمیان پڑھ لیجایا کرے۔ تو کشائش [illegible] خیر و برکت کیلئے کسی دوسرے عمل کی ضرورت نہیں پڑتی۔ جو لوگ آج بزرگوں کی خدمت میں جاتے [illegible] اور روزگار کیلئے پریشان پھرتے ہیں۔ وہ ادھر توجہ کریں۔ اور دلی مراد گوہر ہائے [illegible] سے جھولیاں بھریں۔

خاندان قادریہ رزاقیہ مطلقائیہ کے نقشیات

جن سے آج ہزارہا آدمی بہرہ یاب ہو رہے ہیں۔ ہندوستان کے علاوہ پاکستان میں بھی آپ کے خلفا موجود ہیں۔ چنانچہ لائل پور میں حضرت سلطان علی شاہ صاحب قادری ہیں۔ اور عقل گیارہویں شریف بڑی دھوم دھام سے کراتے ہیں۔ حضرت مولانا بہاؤ الدین شاہ صاحب قادری بدر البنارقہ۔ دریائے قلندری کے کنارے ضلع بلند شہر میں آپ کا مزار ہے۔ مسجد بڑی شاندار ہے۔ مصنف کتاب کے عزیز دوست جناب شاہ ساجد علی صاحب وہاں آج کل سجادہ نشیں ہے۔ بہر حال ان کے سلسلے میں سے قلبی تعلق ہے۔ اس لئے ذیل میں جو نقش درج کئے جاتے ہیں۔ یہ سب حضرات بدالہند کے عطایات خصوصی ہیں۔ خلق فائدہ اٹھائے۔

نقش یا بدوح

٧٨٦

[illegible]	بدوح	بدوح	فرعون
بدوح	بدوح	بدوح	نمرود
بدوح	بدوح	ابلیس	بدوح
شداد	دجال	بدوح	ہامان

یہ دنیاوی خدائی کے دعوے کرنے والے بھی بیکار نہیں گئے۔ بزرگان دین نے ان کے ناموں سے بھی خدائے تعالیٰ کے ناموں سے دبا کر فیض حاصل کیا ہے۔

ذیل کا نقش بھی اسی قسم کا ہے۔ جو ہر مشکل، ہر کام ہر اہم ضرورت میں کام دیتا ہے۔ لکھ کر بازو پر باندھ لیجئے۔

مربع یا باسط

٧٨٦

١٧	٢١	٢٤	١٠
٢٣	١١	١٦	٢٢
١٢	٢٦	١٩	١٥
٢٠	١٤	١٣	٢٥

یہ نقش ۷۸۶ عدد روزانہ عروج چاند کی تاریخوں میں لکھے صرف گیارہ دن اور سب اکٹھی گولیاں بنا کر آٹے میں آب رواں میں چودہ تاریخ قمری کے بعد آب رواں یعنی کسی دریا میں ڈال دیں۔ شرط یہ ہے۔ کہ گولیاں ڈالنے جب دریا میں جائیے۔ خواہ کتنی ہی اشد ضرورت کیوں نہ ہو۔ کسی سے کلام نہ کرے۔ البتہ واپسی میں بولتے چالنے کی ممانعت نہیں۔ گولیاں ڈالتے ہی رزق و فتوحات کے دروازے کھل جائے گے۔

٧٨٦

١٩٦	١٩٩	٢٠٢	١٨٩
٢٠١	١٩٠	١٩٥	٢٠٠
١٩١	٢٠٣	١٩٧	١٩٣
١٩٨	١٩٣	١٩٢	٢٠٣

نقش بسم اللہ شریف ہے۔ ترقی رزق کیلئے بیمار کے اچھا ہونے کیلئے روزانہ دیئے اور زعفران سے لکھکر بیمار کو پلائے بازو پر باندھے تو عزیز خلایق ہو

بسم اللہ شریف کا نقش حرفی نقش استخارہ

٧٨٦

الرحیم	الرحمن	اللہ	بسم
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

ہر شخص جو اہی زبسم اللہ گیر آپ نے فرعون کی لڑکی کی مشاطہ کی روایت پڑھی ہوگی۔ اس نے صرف بسم اللہ کی برکت سے جلتے تیل کی کڑھائی میں سے بھی رہائی پائی۔ اسی بسم اللہ شریف کا یہ نقش حرفی مربع حاضر ہے جو زعفران سے لکھکر سرہانے رکھنے سے استخارہ کا کام دیتا ہے

یا بدیع العجائب

٧٨٦

٥٠	٥٣	٥٦	٤٣
٥٤	٤٤	٤٩	٥٥
٤٥	٥٨	٥١	٤٨
٥٢	٤٧	٤٦	٥٧

حضرات مشایخ کا قول ہے۔ کہ یہ نقش ۱۱ عدد روزانہ لکھکر بارہ دن تک گویا ایکسو بتیس نقش لکھے اس میں سے ۳۳ نقش جلاوے ۳۳ دریا میں ڈالائے ۳۳ درخت میں لٹکاوے ۳۳ زیر خاک دبا دے۔ پھر ایک نقش زعفران سے لکھ کر گلے میں پہن لے انشاء اللہ جس کے سامنے جائیگا قدر کی نگاہ سے دیکھے گا۔ اور دلی مرادیں پوری ہونگی

یا قاضی الحاجات :۔

٧٨٦

٣٣٣	٣٣٥	٣٣٩	٣٢٥
٣٣٨	٣٣٦	٣٤١	٣٣٦
٣٣٧	٣٤١	٣٤٤	٣٣٠
٣٤٢	٣٣٩	٣٣٨	٣٤٠

گیارہ گیارہ بار درود پاک پڑھ کر یہ نقش لکھے قاضی الحاجات ہے۔ ہر مراد پوری کرتا ہے۔ مشکل آسان ہوتی ہے۔ وقت ضرورت بڑا ہی کام دیتا ہے

حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب گنج مرادآبادی

مشہور تو نقشبندی ہیں۔ مگر سلسلہ قادریہ سے بھی خاص نسبت تھی۔ یہ عطایا ت ایک بزرگ ریاست رامپور کے ہیں۔ جو ان سے نسبت رکھتے ہیں۔ مجھے ان سے یہ نقشیات

حاصل ہوئے ہیں

حضرت مولانا قدس سرہٗ بڑے بزرگ تھے۔ محبت والے تو انہیں ہندوستان کا قطب بھی بتاتے ہیں۔ بہرحال ان کی مقبولیت میں تو کسی کو شک نہیں متشرع بھی تھے۔ اور بڑے منکسر المزاج تھے۔ ہمارے سرکار دو عالم پناہ امام الاولیاء حضرت سیدنا وارث علی شاہ صاحب قدس سرہٗ سے بھی خاص رابطہ تھا۔ ان تعویذوں کو معمولی تعویذ ہرگز نہ سمجھنا چاہئے

نقش فتح و نصرت و کامیابی :-

۷۸۶

م	ا	ق	ف
ح	ر	ا	ط
ع	ض	ن	ك
ل	ل	ف	الا

بازو پر باندھے باندھتے وقت چیلوں کو قیمہ گوشت تھوڑا سا کھلا دے

محبت زن و شوہر کا نقش :-

۷۸۶

۵	۲۳	۱۹	۹
۲۸	۱۰	۲۹	۳۳
۱۱	۲۱	۱۰	۳۸
۲۱	۲۴	۱۲	۱۰

جس آبخورہ میں پانی نہ پیا گیا ہو۔ بلکہ ابھی نیا اور کورا ہی ہو اس میں لکھ کر انار کے قلم سے دونوں کو تھوڑا تھوڑا پانی سے دھو کر پلا دو پھر دیکھو کہ باہم کس طرح ربط ضبط قائم ہوتا ہے۔

جاڑہ بخار کا نقش :- یہ نقش سو فی صدی کارگر ہے۔ گولی بنا کر بخار آنے سے پہلے کھلایا جاتا ہے۔ مگر سات دن متواتر کھلایا جاتا ہے۔ البتہ بخار کا نام نہیں رہتا

۷۸۶

۱	۲۳	۳	۱۳
۷	۱۲	۶	۹
۱۴	۱	۱۲	۴
۱۱	۳	۱۰	۵

نقش حروف :- ہ ل ل ال د س ر ل ا د م ح م ہ ل ل ال ا ہ ل ال

جو تلی کے مریض کو شہد سے دھو کر پلائے جاتے ہیں سریع الاتاثیر ہیں

نقش فاتحہ } تمام مقاصد دلی کے لئے اکتالیس دن تک ۱۱۱ نقش روزانہ لکھ کر گولی آٹے میں بنا کر دریا میں ڈالے جاتے ہیں ع

نہیں لگتی پھر کام بننے میں دیر
نکل جاتا ہے دم میں قسمت کا پھیر

۷۸۶

۱	۲۹۶۷	۲۹۶۴	۵۹۰۴	۵۵۴۵	۵۵۳۸	۵۵۲۶	۵۵۴۱
۲۹۶۷	۷	۳	۲۹۷۰	۲۹۶۷	۵۵۵۱	۵۵۳۴	۵۵۴۷
۶	۲۹۶۳	۲۹۶۴	۲۹۶۷	۳	۵۵۲۰	۵۵۵۵	۵۵۳۷
۲۹۶۹	۲	۵	۵	۵۵۴۹	۵۵۴۹	۵۵۲۹	۵۵۲۲

۷۸۶

ع	ز	ی	ز
ز	ی	ز	ع
ی	ع	ز	ز
ز	ز	ع	ی

نقش یا عزیز :۔ اس نقش کو باندھنے سے
ہر جگہ منظور نظر ہوگا۔ بازو پر باندھے گا، تو حاکم
وقت کی مہربانی سے نوازا جائیگا

۷۸۶

۱۹	۳۹	۱۶	۴۳
۳۷	۲۳	۱۷	۲۹
۲۱	۲۴	۳۱	۱۸
۳۰	۱۹	۳۰	۲۵

نقش محبت و خلوص :۔ انار کی لکڑی سے
لکھوا کر اور انار ہی کے درخت میں باندھو۔ اور اس
دن انار ہی کھاؤ کھلاؤ نقش باندھے۔ جس قدر نقش
ہلے گا مطلوب بے چین ہوگا۔ اور اسے دیکھے بغیر آپ کے چین نہ آئیگا

نقش سورۂ اخلاص کا فتیلہ :۔ لکھ کر خوشبو دار تیل کا چراغ جلائے اسمیں روئی
میں لپیٹ کر یہ نقش جلادو۔ اور رخ اسکا مطلوب
کے گھر کی طرف رکھو۔ مگر اکیس دن جلانا پڑھتا ہے
ساتھ ہی ۱۳۰ مرتبہ روزانہ چراغ کے سامنے بیٹھکر تم
کو صورت اخلاص پڑھنی ہوگی۔ نتیجہ یہ ہوگا۔ کہ محبوب اس قدر بے قرار ہوگا۔ تمہارے
پاس آئے بغیر کل نہ پڑیگی

۷۸۶

قل	ہو	اللہ	احد
اللہ	الصمد	لم	یلد
ولم	یولد	ولم	یکن
لہٗ	کفواً	احد	۷۰۷

حضرت مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی

عالم بھی تھے بزرگ بھی شاعر بھی تھے عامل بھی مدت ہوئی۔ جب میں ان سے

خود محسوس ہوا تھا۔ اور ایک نقش بغض کی یعنی بربادی دشمن کی اجازت چاہی تھی آپ نے میرا شوق غالب دیکھا۔ تو سورۂ تبت یدا کے عمل و نقش کی اجازت دیدی۔ لہٰذا نقش حاضر ہے۔ وقت ضرورت کام لائے لیکن کسی کو تکلیف دینی یا کسی کی جان لینی ٹھیک نہیں بہر حال قوت روحانی قبضے میں ضرور ہونی چاہئے۔ یہ کوری اینٹ پر لکھا جاتا ہے۔ اکیس دن تک نقش لکھکر دشمن کا نام بھی لکھدے دعا یہ ہے۔ کہ اللہ تمہیں نیک ہدایت دے

نقش تباہی دشمن

حبل من مسد	فی جیدھا	حمالۃ الحطب	وامراتہ	ذات لہب	نارا	سیصلی	وما کسب
فی جیدھا	حمالۃ الحطب	وامراتہ	ذات لہب	نارا	سیصلی	وما کسب	عنہ مالہ
حمالۃ الحطب	وامراتہ	ذات لہب	نارا	سیصلی	وما کسب	عنہ مالہ	ما اغنی
وامراتہ	ذات لہب	نارا	سیصلی	وما کسب	عنہ مالہ	ما اغنی	وتب
ذات لہب	نارا	سیصلی	وما کسب	عنہ مالہ	ما اغنی	وتب	لہب
نارا	سیصلی	وما کسب	عنہ مالہ	ما اغنی	وتب	لہب	ابی
سیصلی	وما کسب	عنہ مالہ	ما اغنی	وتب	لہب	ابی	یدا
وما کسب	عنہ مالہ	ما اغنی	وتب	لہب	ابی	یدا	تبت

زبان بندی دشمن کے لئے انگوٹھی

ایک چاندی کی انگھوٹھی چاندی کے نگ کی بنواکر اس نقش پر بساعت قمر یعنی پیر کے دن بعد نماز ظہر ک ہ ی ع ص ح م ع س ق کندہ کرالو دشمن مرعوب ہوکر تمہارے سامنے کچھ نہ بول سکیں گے۔ عدالت تم پر مہربان ہوگی دوست شفقت سے پیش آئینگے اور روز دھوکر پینے سے صحت بھی قائم رہے گی۔ بڑی انمول چیز ہے

حضرت حافظ ممتاز علی شاہ صاحب پیش امام مسجد میرٹھ

خدائے تعالےٰ مغفرت کرے: میرٹھ والے جانتے ہیں۔ کہ حافظ صاحب نے ساری زندگی ایک مسجد کے حجرے میں گزاردی۔ چائے کے بڑے شوقین تھے۔ کسی کے یہاں نہ آتے تھے

نہ جاتے تھے۔ وہیں لوگ ان کے پاس اگر تعویذ لے جاتے تھے۔ مصنف کتاب بھی اکثر حاضر خدمت ہوتا تھا۔ آپ بھی بڑی شفقت فرماتے تھے۔ کچھ عملیات و نقشیات کی بھی اجازت مرحمت کی تھی۔ بلکہ اپنی زندگی ہی میں تجربہ بھی کرا دیا تھا۔ خدا بخشے بڑی ہی خوبیاں تھیں مرنے والوں میں۔ خاص چیز جو آپ نے عطا فرمائی تھی وہ حب کا اک نقش اور فتوحات کا ایک عمل تھا۔ حب کا نقش حاضر ہے۔ تجربہ کیجئے۔ اور کامیابی پر فقیر کو بھی دعائے خیر سے یاد فرمائیے

نقش فتوح:۔ ذیل کا نقش ۱۴ دن تک اکتالیس مرتبہ روزانہ لکھو اور دریا میں ڈالتے رہو۔ اکتالیس دن گذر جانے کے بعد اکتالیس تعویذ لکھو فتوحات بھی بکمال ہوگی اور مطلوب بھی ملنے کے لئے بے چین ہوگا لیکن خدا کے لئے کسی سے ذکر نہ کرے ورنہ پچھتانا پڑے گا

نقش خوف:۔ جسے سوتے میں یا جاگتے میں ڈر لگتا ہے۔ سوتے میں چونکتا ہو بچہ ہو یا جوان عورت ہو یا مرد اس نقش کو لکھ کر لوبان کی دھونی دیکر بازو پر باندھے انشاءاللہ ڈر خوف قلب سے بالکل نکل جائے گا۔ نہ جاگتے میں خوف معلوم ہوگا۔ نہ سوتے میں چونکیگا

۷۸۶

۸	۱۱	۲۵۹۳	۱
۲۵۱۲	۲	۷	۱۳
۳	۲۵۹۵	۹	۶
۱	۵	۱۰	۲۵۹۴

قاری محمد عمر صاحب نقشبندی

کی بیاض کے آزمودہ نقوش۔ قاری صاحب حضرت شاہ ابوالخیر صاحب دہلوی کے مرید تھے۔ اور بڑے اچھے حافظ اور قاری تھے۔ عاشق رسول بھی تھے۔ ہر سال ربیع الاول میں بڑی دھوم اور عقیدت سے محفل میلاد منعقد کراتے تھے

زن وشوہر کی باہمی محبت کا نقش:۔ یہ زعفران سے لکھکر دونوں میاں بیوی کو دھو کر

۷۸۶

۶	۱۳	۱۲	۱
۳	۳۲	۱۰	۲۱
۴۰	۶	۶	۴
۶	۵	۲	۵

جلایا جاتا ہے۔ یقین جانیئے دونوں ایک دوسرے پر نثار ہو جاتے ہیں

نقش محبت کا فتیلہ:۔ یہ تین فتیلے ہیں ایک روز جلایا جاتا ہے مطلوب کے شعلے بھڑک اٹھتے ہیں

پہلے دن کا فتیلہ [illegible] ع ٩١٠

دوسرے دن کا [illegible] ٧٨٦

تیسرے دن کا [illegible] ٩٢

٧٨٦

یا [illegible]	یا رب	یا مصور	یا خالق
یا [illegible]	یا مصور	یا [illegible]	یا [illegible]
یا رب	یا [illegible]	یا [illegible]	یا مصور
یا [illegible]	یا خالق	یا [illegible]	یا [illegible]

نقش برائے استقرار حمل:۔ اگر میاں بیوی میں کوئی نقص نہیں ہے تو ہم خدا کے بھروسے پر آپ کو یقین دلاتے ہیں۔ کہ فراغت حیض کے بعد عورت یہ تعویذ گلے میں باندھ لے اور مرد سے ہم بستر ہو۔ انشاء اللہ نویں مہینے بچہ کھلائے گی

٧٨٦

٢٧	٣٠	٣٦	١٠
٣٥	٢١	٢٦	٣٣
٢٢	٣٨	٢٨	٢٥
٢٩	٢٤	٢٣	٢٧

نقش باقی:۔ جو لوگ بیماری سے گھبراتے ہیں زندگی کے متمنی ہوں تندرستی کی تمنا ہو۔ وہ موم جامہ کر کے یہ نقش پہنیں انشاء اللہ طویل عمر ہوں گے۔ اور موت کے بعد بھی انکا نام زندہ رہیگا

٧٨٦

٢٧	٣٠	٣٦	١٠
٣٥	٢١	٢٦	٣٣
٢٢	٣٨	٢٨	٢٥
٢٩	٢٤	٢٣	٢٧

نقش حضور:۔ یہ نقش تمام نقشوں کا سردار بھی ہے۔ مرغوب بھی اس نقش کے باندھنے والے ہر مراد پائیں گے۔ اور کبھی محتاج نہ رہیں گے۔ خدا تعالےٰ بھی مہربان ہو گا

٧٨٦

٣٣	٣٦	٣٩	٢٦
٣٨	٢٧	٢٢	٢٧
٢٨	٤١	٣٣	٢١
٣٥	٣٠	٢٩	٤٠

نقش صمد:۔ مخلوق سے مستغنی ہونے کے لئے سریع الاثر ہے۔ غیب سے روزی پہنچتی ہے۔ باندھنے

محفوظ رکھتی ہے۔ باعث برکت بھی ہے۔ غرض ہر بلا سے بچاتی ہے۔ اسے زعفران سے کسی کاغذ پاکیزہ پر لکھ کر خوشبو لگا کر بازو پر باندھ لیجئے یا گلے میں پہن لیجئے۔ اور ہماری تحریر مذکور کا تجربہ کیجئے کہ ہم کہاں تک صادق ہیں

حضرت سلطان الہند خواجہ اجمیری کے جواہر آبدار

خواجہ اجمیری وہی خواجہ جی جنکا تصنیف کردہ شعر حضرت داتا صاحب کے مزار پر انوار بھی تحریر ہے۔ وہی خواجہ جی جنہوں نے ہندوستان میں آکر رائے پتھورا کے عہد میں اسلام کی داغ بیل ڈالی وہی خواجہ جی جنکے آستانے پر اکبر جیسا بادشاہ پاپیادہ اجمیر شریف تک سفر کرتا تھا۔ وہی خواجہ جی جو حضرت غوث پاک کے قریبی اور عزیز مقبول ہیں

ذیل میں اُن ہی کے مجربات ہم نے ان کے ملفوظات اور بزرگان کرام کی بیاضوں سے نقل کر کے آپ تک پہنچائے ہیں۔ اب آپ کا فرض ہے۔ کہ آپ ان نقشیات سے مستفیض ہوں اور حضور خواجہ غریب نواز کی روح پر فتوح کو ثواب پہنچائیں آپ کا شاندار ہر سال یکم رجب سے عرس شروع ہو کر ۹ رجب کو ختم ہوتا ہے۔ تاریخ وصال ۹ رجب ہے۔ اب نقشیات ملاحظہ کیجئے

آیت۔ ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ویرزقہ من حیث لا یحتسب ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ ان اللہ بالغ امرہ قد جعل اللہ لکل شیء قدرا۔

فرماتے ہیں۔ کہ اس مبارک آیت کا ورد رکھنے والا غیب سے روزی پاتا ہے۔

اور یہ نقش اس آیت کا اگر گھر میں چسپاں کر لیا جائے تو

۷۸۶

ومن یتق اللہ	یجعل لہ مخرجا ویرزقہ	من حیث لا یحتسب	ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ	ان اللہ بالغ امرہ قد جعل اللہ لکل شیء قدرا
یا معین	ہو المجیبی	مغنی	ہو المعینی	یا معین
مکرادب	بلد	افق ده	کنتی	۱۷۰
مدد	کن	یا معین الدین	چشتی	[illegible]
ومن یتق اللہ	یجعل لہ مخرجا ویرزقہ	من حیث لا یحتسب	ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ	ان اللہ بالغ امرہ قد جعل اللہ لکل شیء قدرا

گھر بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔ اس نقش کو باندھ کر ملازمت کے لیے جاؤ۔ تو ملازمت مل جائے۔ کہیں شادی کا پیغام لیکر جاؤ تو منظور ہو جائے۔ سبحان اللہ

نقش یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ:۔ خاندان قادریہ میں اس نقش کا عمل معمولات میں شامل ہے۔ یہ نقش جو صاحب باندھینگے۔ ان کی عظمت قائم ہوگی۔ عزیز و اقارب بھی محبت کرینگے

۷۸۶

۴۵۰	۴۵۳	۴۵۷	۴۴۳
۴۵۶	۴۴۴	۴۴۹	۴۵۴
۴۴۵	۴۵۹	۴۵۱	۴۴۸
۴۵۲	۴۴۷	۴۴۶	۴۵۸

نقش کفایس المبہات:۔ جو ہر مرادیں کامیاب کرتا ہے۔ اور مجرب آزمودہ ہے۔

۷۸۶

۳۲۳	۳۲۶	۳۲۹	۳۲۶
۳۳۸	۳۲۷	۳۲۲	۳۲۷
۳۲۹	۳۲۱	۳۳۴	۳۲۱
۳۳۰	۳۳۰	۳۲۹	۳۳۰

تمام قرآن پاک کی تمام بسم اللہ کا نقش:۔ جس قدر قرآن پاک میں بسم اللہ ہیں۔ ان سب کے اعداد کے مجموعہ کا یہ تعویذ ہے۔ گویا تمام خوبیوں اور عظمتوں کا یہ نقش ہے۔ مجموعہ ہے اسلئے سب خوبیاں ہیں

۷۸۶

۲۲۳۰۸	۲۲۳۰۳	۲۲۳۰۷	۲۲۱۹۸
۲۲۳۰۹	۲۲۱۹۸	۲۲۳۰۳	۲۲۳۰۸
۲۲۳۱۹	۲۲۳۱۳	۲۲۳۰۵	۲۲۳۰۳
۲۲۳۱۰	۲۲۱۵	۲۲۳۰۰	۲۲۳۱۱

نقش حب یقینی:۔ اس نقش کو ۴۴ مرتبہ لکھا جاتا ہے۔ لکھ کر کچھ نیاز ختم خواجگان پڑھ کر ہر چہار جانب گیارہ گیارہ نقش جلاکر ان کی راکھ اڑا دو مطلوب ہوا کی طرح اڑکر تمہارے پاس آئے گا۔

۷۸۶

۵	۶	۱۵	۱۰
۷	۱۱		۷
۱۹	۶	۲۱	۱۲
۸	۱۲	۸	۷
بو	بو	بو	بو

نام طالب و مطلوب یہاں لکھے

نقش خواب بندی:۔ جس کو چاہو کہ یہ نہ سو سکے۔ تو یہ کرو۔ کہ یہ نقش نیم کی روشنائی یعنی جس روشنائی میں نیم کا عرق پڑا ہو

۷۸۶

۹	۲	۳	۱
۲	۴۰	۱۶	۲
۵	۶	۲	۱
۵	۱	۱۰۰	۱

اس سے لکھ کر اپنے سرہانے رکھ کر سو جاؤ۔ دشمن نہ سو سکے گا

۷۸۶

د	ا	ر	ت
۴۲ د	۵۲	۱۵۲	۷
عـ	۵۶	۱۵۵	۰
۵۲ د	ناجرہ	برادے	۷

مفرور کو واپس لانے والا نقش :۔ اس نقش کو چرخے میں باندھ کر الٹا چرخہ کسی نابالغ لڑکی سے پھرواؤ بسرعت واپس آجائیگا

یہ معلوم کرنے کے لئے نقش کہ غائب زندہ ہے یا مر گیا

۷۸۶

ی	د	ن	ی
باسط	حافظ	محمد	محسن
ابہ	ابہ	ابہ	ابہ
ابجر	ابجر	ابجر	ابجر

رکھو دف ۹ ۱ ۲ منعم

یہ نقش لکھ کر ڈول میں رکھ دو کنوئیں میں ڈالو اگر رونے کی آواز آئے تو سمجھو مرگیا۔ اگر ہنسنے کی آواز ہو تو زندہ ہے۔

نقش رہائی قیدی :۔ یہ نقش کسی طرح قیدی کے پاس پہنچا دو۔ وہ اپنے پاس رکھ لے۔ امید ہے پہلے رہائی ہو جائے گی

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۵	۴	۵	۱۰

نقش آسیب :۔ جس گھر میں یہ نقش چسپاں ہوگا۔ اس میں آسیب کا گذر نہیں ہو سکتا۔ جبکہ جس شخص کو آسیب کا خلل ہو اسے اگر یہ تعویذ دھو کر پلا دیا جائے یا چھڑک دیا جائے۔ تو آسیب ہوا ہو جائے گا۔

۷۸۶

ابی	۳۱۲	۷۰۷	۹۴۰
کنفوطط	بجمت	۶۶	۹۲
طیمونسی	امر نطیونس	محاطما	۵۸
من تطیر	دکلیجم	ان نطیونس	مکسلنا

نقش حرز جاں :۔ یہ نقش چینی کی طشتری پر زعفران سے لکھ کر پینے والا جمیع بلیات ارضی وسماوی سے محفوظ رہیگا

۷۸۶

۲۳۹	۲۵۳	۲۵۰	۲۴۶
۲۵۱	۲۴۵	۲۴۰	۲۵۲
۲۴۴	۲۴۷	۲۵۵	۲۴۱
۲۵۴	۲۴۲	۲۴۳	۲۴۹

گریہ اطفال کا نقش :- جو بچے روتے رہتے ہوں اِن کے گلے میں لکھ کر ڈال دو۔ بدخوابی کے لئے بھی نافع ہے

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش حزب البحر :- دریا کے سفر میں بھی خشکی کے سفر میں بھی دشمنوں کے شر سے بھی محفوظ رکھتا ہے۔

۷۸۶

۳۱۶۸۵	۳۱۶۸۸	۳۱۶۹۱	۳۱۶۷۸
۳۱۶۹۰	۳۱۶۷۹	۳۱۶۸۴	۳۱۶۸۹
۳۱۶۸۰	۳۱۶۹۳	۳۱۶۸۶	۳۱۶۸۳
۳۱۶۸۷	۳۱۶۸۲	۳۱۶۸۱	۳۱۶۹۲

بیماریوں سے محفوظ رکھنے والا نقش تمام بلاؤں سے بچاتا ہے۔ کوئی بیماری پاس تک نہیں پہنچ سکتی

۷۸۶

۲۵۲۲۹	۲۵۲۲۲	۲۵۲۲۵	۲۵۲۲۶
۲۵۲۳۴	۲۵۲۲۴	۲۵۲۲۸	۲۵۲۲۳
۲۵۲۳۳	۲۵۲۲۷	۲۵۲۳۰	۲۵۲۲۷
۲۵۲۳۱	۲۵۲۳۴	۲۵۲۲۵	۲۵۲۲۶

نقش آیت مشہور برائے تقویت دل گلے میں پہنے جمعرات کو لوبان کی دھونی دے لیا کرے

۷۸۶

۳۹۴	۳۹۵	۳۹۸	۳۸۵
۳۹۷	۳۸۶	۳۹۱	۹۶
۳۸۷	۳۰۰	۳۹۳	۳۹۰
۳۹۲	۳۸۹	۳۸۸	۳۹۹

نقش فتوح آیت افوض امری الخ :- برائے فتوحات و ترقی کاروبار خواہ باندھے خواہ چسپاں کرے۔ عطیہ حضرت شاہ ابوالخیر صاحب نقشبندی

۷۸۶

۳۱۳	۳۱۵	۳۱۸	۳۰۳
۳۱۷	۳۰۴	۳۱۲	۳۱۶
۳۰۵	۳۲۰	۳۱۱	۳۰۹
۳۱۴	۳۰۷	۳۰۸	۳۱۹

ذیل کے نقش مثلث

حضرت شاہ مظہر علی شاہ صاحب چشتی صابری کی بیاض سے لئے گئے ہیں۔ جن سے ایک مخلوق نے استفادہ کیا۔ یہ شاہ صاحب موصوف پیران کلیر شریف میں گو سر کے نیچے بستر لگاتے تھے۔ اللہ اللہ اب ایسے بزرگ کہاں دیکھنے میں آتے ہیں۔ فقیر مولف کو ان سے خاص رابطہ تھا۔ اور حضرت شاہ صاحب

تصوص کرم فرماتے تھے

دشمن کی خانہ بربادی کیلئے نقش

۷۸۶

۳۷۳	۳۶۸	۳۷۷
۳۷۶	۳۷۲	۳۷۰
۳۶۹	۳۷۸	۳۷۱

یہ نقش روز لکھ کر کنوئیں میں ڈالو ۔ نام دشمن تعویذ لکھتے وقت ۷ مرتبہ گننا چاہیئے

نقش ایاک نعبد و ایاک نستعین :۔

۷۸۶

۲۸۹	۲۷۴	۲۸۳
۲۸۲	۲۷۸	۲۷۶
۲۷۵	۲۸۴	۲۷۷

حضرت حاجی امداد اللہ صاحب چشتی اس نقش کو زعفران سے لکھ کر روزانہ پلیا کرو اور ایک نقش نو پنڈی جمعرات کو اپنے پاس رکھو بے انتہا فتوحات ہوگی

حضرت حاجی امداد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ مہاجر مکی کی شان اس سے ظاہر ہے ۔ کہ آپ کے مریدین مولانا محمد قاسم صاحب مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی مولانا عبدالسمیع صاحب بیدل رامپوری جیسے علماء اور حضرت حاجی بہاؤالدین شاہ صاحب مرشد آبادی جیسے بزرگ حضرت حاجی صاحب رحمت اللہ علیہ کے مریدین و خلفاء میں سے تھے

آپ کا ارشاد ہے

نقش برائے دشمن :۔ جلا کر راکھ جانب دشمن اڑادو تباہ ہو جائیگا

۷۸۶

۳۵۴	۳۴۹	۳۵۶
۳۵۵	۳۵۳	۳۵۱
۳۵۰	۳۵۷	۳۵۲

فراخی رزق کیلئے نقش :۔ بازو سے باندھو

۷۸۶

۳۴۵	۳۴۰	۳۳۹
۳۳۸	۳۴۴	۳۴۲
۳۴۱	۳۵۰	۳۴۳

انشاءاللہ رزق کی کوئی کمی نہ رہے گی فارغ البالی میسر ہوگی

مقابلہ کا نقش :۔ کشتی میں لڑائی میں دوڑ میں غرض ہر کام میں دشمن

۷۸۶

۴۶۲	۴۵۹	۴۶۶
۴۶۵	۴۶۳	۴۶۱
۴۶۰	۴۶۷	۴۶۴

مقابلے پر پڑ نہیں سکتے۔ اگر یہ نقش تمہارے بازو پر بندھا ہوگا

۷۸۶

۵۵۱	۵۴۶	۵۵۵
۵۵۴	۵۵۰	۵۴۸
۵۴۷	۵۵۶	۵۴۹

قاضی الحاجات نقش :۔ جو ہر مشکل اور ہر مصیبت میں معاون اور مشکلکشا ہے۔ ادھر لکھ کر باندھئے بازو پر اور ادھر اثرات ظاہر ہونے لگیں گے مگر نقش باندھتے وقت ایک بھوکے کو کھانا ضرور کھلا دینا چاہئے

۷۸۶

۲۵۶	۲۵۲	۲۵۹
۲۵۸	۲۵۶	۲۵۴
۲۵۳	۲۶۰	۲۵۵

نقش استخارہ :۔ کوئی چھپی ہوئی بات معلوم کرنے کے لئے نقش لکھ کر خوشبو لگا کر بازو پر باندھ لو رات کو مناسب ہدایت ہو جائے گی

۷۸۶

۲۰۱	۱۹۶	۲۰۵
۲۰۴	۲۰۰	۱۹۸
۱۹۷	۲۰۶	۱۹۹

نقش صدقہ :۔ اس نقش کو لکھ کر اور سر پر رکھ کر جو دعا مانگو گے رب العزت کو اس نقش کا صدقہ دیگے۔ وہی دعا قبول ہوگی سریع الاثری بھی رکھتا ہے

۷۸۶

۱۳۲	۱۲۷	۱۳۶
۱۳۵	۱۳۱	۱۲۹
۱۲۸	۱۳۷	۱۳۰

قرض کی ادائیگی کے لئے نقش :۔ یہ نقش باندھ کر اثرات ملاحظہ کرو۔ انشاء اللہ چند روز ہی میں قرض ادا ہو جائیگا۔ غیب سے ایسے ہی سامان ہو جائیگا

ذیل کے نقش ہمارے مہربان جناب صوفی محمد جان صاحب مراد آبادی مرحوم سے ہمیں حاصل ہوئے تھے۔ صوفی صاحب مرحوم کا تجربہ ہے وہ راوی ہیں۔ کہ کبھی میں نے ان تعویذوں کو اثر سے خالی نہ پایا

۷۸۶

۸۲	۷۷	۸۶
۸۵	۸۱	۷۹
۷۸	۸۷	۸۰

نقش شفا :۔ کوئی مرض ہو۔ کتنے ہی دن کا بیمار یہ نقش باندھے اور زعفران سے لکھ کر دھو کر پلیئے جلد سے جلد شفا ہوگی

۷۸۶

یا حسیب	یا حق	یا حیّ
یا عزیز	یا وکیل	یا اللہ
یا سبحان	یا رحیم	یا رحمٰن

نقش برکت در تجارت :- مال تجارت میں یہ نقش بھی رکھ دو ۔ بہت جلد نفع کے ساتھ فروخت ہوگا

۷۸۶

۳۰۹	۳۰۳	۳۱۱
۳۱۰	۳۰۸	۳۰۶
۳۰۵	۳۱۲	۳۰۷

نقش حج :- جو شخص اس نقش کو بازو سے باندھیگا کا پابند رہیگا ۔ اللہ تعالےٰ اُسے حج کی دولت سے سرفراز کریگا

۷۸۶

۱۱۰۱	۱۰۹۶	۱۱۰۳
۱۱۰۲	۱۱۰۰	۱۰۹۸
۱۰۹۷	۱۱۰۴	۱۰۹۹

دین و دنیا کی بھلائی کا نقش :- اس نقش کا باندھنے والا دنیا میں بھی ہنسی خوشی رہیگا ۔ اور عاقبت میں جنت پائے گا

حضرت انگارہ شاہ صاحب کا عطیہ

جن کا وصال اجمیر شریف میں سماع کے موقعہ پر ہوا تھا ۔ یہ نقش ان سے حاصل ہوا تھا ۔ وہ فرماتے تھے ۔ کہ یہ وہ نقش ہے ۔ جسے ہم عام طور پر نہ بتلاتے تھے ۔ نہ استعمال کرتے ہیں ۔ کسی خاص اور اہم موقعہ پر لکھتے ہیں ۔ اور اب تک ہم نے بے اثر نہیں پایا ۔ بڑا موثر نقش ہے ۔ حُب میں فی الفور کام کرتا ہے باعث خیر و برکت ہے ۔ دافع امراض ہے ۔ استخارہ میں بھی معقول اثر دکھاتا بغض کے موقع پر بھی زود اثر ہے ۔ سبز پتے میں لپیٹ کر اس نقش کو لپیٹ کر گیارہ مرتبہ درود پڑھ کر باندھ لو

۷۸۶

۴۷۰	۴۶۵	۴۷۲
۴۷۳	۴۶۹	۴۶۷
۴۶۶	۴۷۵	۴۶۸

گمراہی سے بچانے والا نقش :- جو شخص گمراہی پر ہو اسے ۱۱ دن زعفران سے دھو کر پلاؤ ۔ انشاء اللہ سیدھی راہ پر آجائیگا اور پھر کبھی لغزش نہ کریگا

۷۸۶

۸۹۳	۸۸۸	۸۹۷
۸۹۶	۸۹۲	۸۹۰
۸۸۹	۸۹۸	۸۹۱

یخرجہم من الظلمات الی النور

کسی عورت سے نکاح کرنے کا نقش :- اس مقصد کیلئے یہ نقش لکھا جاتا ہے ۔ مطلوبہ کے نام کے

۷۸۶

۳۸۰	۳۷۵	۳۸۴
۳۸۳	۳۷۹	۳۷۷
۳۷۶	۳۸۵	۳۷۸

زین للناس حب الشہوات من النساء

تعداد کی مطابق لکھکر گولیاں بناکر دریا میں ڈالے انشاءاللہ مقصد پورا ہو جائیگا۔

دشمن پر غالب آنے کا نقش :۔

برتن گلے میں لکھکر ڈال لے اور تماشہ دیکھ لے

٧٨٦

١٠٧٣	١٠٦٧	١٠٧٥
١٠٧٢	١٠٧١	١٠٦٩
١٠٦٨	١٠٧٤	١٠٧٠

دین کی طرف رُخ ہونیکا نقش :۔

اس نقش کو لکھکر گلے میں پہلے والے چاہا تو دین دار ہو جائیگا۔ دین کے کاموں سے رغبت ہو جائے گی

٧٨٦

٢٦٠	٢٥٨	٢٦٢
٢٦١	٢٥٩	٢٥٧
٢٥٦	٢٦٣	٢٥٩

دریا میں محفوظ رہنے کا نقش :۔

سیدھے بازو پر باندھ لے انشاءاللہ تعالیٰ محفوظ رہیگا۔ اور بسلامتی واپس آئیگا

٧٨٦

٢٢٣	٢٣٩	٢٢٦
٢٢٥	٢٢٢	٢٤١
٢٤٠	٢٢٧	٢٤٢

اک خاص عمل

سورۂ واقعہ روزانہ پڑھنے کا کیلئے حضور فرماتے ہیں کہ کبھی عمر بھر فاقہ ہوگا اور یہ سورۃ خدا کے بھیدوں میں سے اک بھید ہے۔ دولتمندی کیلئے تو بہترین ہے۔

سورۃ والعصر

کو لکھ کر زعفران سے غلہ کے انبار میں رکھے تو کبھی کیڑا نہ لگے گا

سورۃ قریش

لایلاف قریش زعفران سے دھو کر اگر زہر خوردہ کو پلائی جائے زہر کے اثرات نہ ہوں

اللہ الصمد

محمد صمد کا ورد رکھنے والا نہ کبھی سست ہوگا۔ نہ بھوکا سوئے گا اور مخلوق سے بے پرواہ ہو جائیگا۔ اور ہر ۱۳ بار پڑھنے والا ہر صعوبت سے محفوظ رہیگا

سورۃ انشقاق

لکھ کر کسی جانور کے باندھ دو وہ دوسرے جانوروں سے محفوظ رہے اور گھر
میں لکھ کر لگا دو تو اس گھر میں سے موذی جانور بھاگ جائیں گے زچہ کے باندھو تو فوراً
بچہ ہو مگر بچہ ہوتے ہی کھول لیں جس کے بدن میں آبلے نہ پڑھ جائیں۔ وہ روغن پر
پڑھ کر اسے ملیں شفا ہو۔ خود باندھو تو دشمنوں سے محفوظ و سلامت رہو

عملیات مجرب المجرب

خواص بسم اللہ شریف بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عجیب و غریب فضائل بسم اللہ کے ان گنت ہیں آپ نے بسم اللہ شریف کے فضائل
میں پڑھا ہوگا۔ کہ یہودی نابینا ہو گیا۔ ایک کافر کی آگ میں جلنے سے محفوظ رہا اسکے ۱۹
حرف دوزخ کے ۱۹ دربانوں سے محفوظ رکھیگے۔ اس کے عامل سے دشمن مرعوب ہونگے
اگر محرم کے مہینے میں تین سو تیرہ بار لکھ کر پاس رکھے عمر بھر کوئی تکلیف پیش نہ آئے
بارہ ہزار مرتبہ پڑھنے والا اپنے دل کی مراد حاصل کرے یہ آیت قرآن پاک کا دعان
ہے۔ سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھنے والا کشائش دیکھے۔ یہی بسم اللہ کے اعداد ہیں
حضرت سلیمان علیہ السلام کا قول ہے۔ کہ بسم اللہ میں اسم اعظم ہے یا ہر مرض میں پانی بسم اللہ
کا دم اللہ نافع ہے۔ حدیث میں ہے کہ بسم اللہ پڑھ کر جو کام شروع کیا جاوے گا بخیر و
خیریت انجام کو پہونچیگا دشمنوں کے شر سے بھی بچیگا تین دن تک صبح کے فرض و سنت
کے درمیان ۹۲ مرتبہ پڑھنے سے قرض رفع ہوتا ہے۔ ۷۸۶ مرتبہ دم کر کے مطلوب کو
پانی پلا دو بندہ بے دام ہو جائے رجوعات خلق کے لئے جمعہ کے دن پڑھی جاتی ہے
اگر اس کے حروف الگ الگ لکھ کر دریا میں ڈالیں تو مطلوب دوڑا چلا آئے ۶۱
مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر عورت باندھے تو اولاد زندہ رہے ۱۰۰ مرتبہ لکھ کر کھیت میں
دفن کرنے سے کھیتی خوب بار آور ہو مچھلی کے جال میں لکھ کر باندھ دیں تو خوب

مچھلیاں آئیں۔ اگر تانبہ کے پتر پر لکھ کر بینگ کی دھونی دیں تو دشمن بیمار ہو جائے۔ انّ اللہ علیٰ
کلِّ شیٍٔ قدیر

سورۃ فاتحہ

کے خواص میں پہلی بات تو یہ ہے۔ کہ یہ سورۂ شفا ہے۔ جسے پڑھکر دم کردو شفا پائے
ام القرآن بھی اسی سورۃ کا نام ہے۔ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شاہزادے حضرت حسنین
کی علالت پر ان کا دم کی تھی۔ سورۂ فاتحہ کے نام میں توفت ہے۔ مگر سورہ فاتحہ میں نہیں اگر
اسکے الگ الگ حروف لکھ کر زعفران سے پلائیں تو وہ بھی شفابخش ہیں نسیان کو دور کرتی
ہر روز درمیان فرض وسنت فجر کے وصل میم کے ساتھ اگر پڑھیں تو فتوحات کے لئے بے
مثل ہیں۔ یعنی بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین آخرہ اسے پڑھکر لعاب دہن
دکھتی آنکھوں کے لئے سرمہ سلیمانی کا کام دیتا ہے

حب اور محبت کیلئے اگر مطلوب کے نام میں یہ حروف ہوں ما ہ طام ف خ ش ذ
اسطرح ہے کہ ایک حروف مذکورہ میں یک مطلوب کے نام کا اسی طرح ہر حرف کو لکھیں
اور لوبان کے ساتھ آگ پر جلادیں اور جب تک لوبان کا دھواں اٹھے فاتحہ پڑھتے رہیں اور
کہتے رہیں۔ توکلو یا خدام الحروف النارية لقضاءِ حاجتی یہاں مطلوب کا نام لیں
الی محبت یہاں طالب کا نام لیں انشاءاللہ مراد حاصل ہو

بعض بزرگوں کا قول ہے کہ دو سو مرتبہ پڑھنا اس سورۂ کا قاضی الحاجات ہے
فقیر مولف کے اعداد میں یہ سورۃ ایک مدت سے شامل ہے اور فقیر نے بڑے فائدے
اٹھائے ہیں

نزول آیت الکرسی

پر حضور کو بڑی مسرت ہوئی امام غزالی لکھتے ہیں کہ بصرہ میں جب نبی کو کوئی
مکان ٹھہرنے کو نہ ملا تو ایک ایسا مکان جو آسیب کا مسکن تھا۔ مجھے ملا مالک مکان

نے اگرچہ مجھے مکان کی ہیبت سے ڈرایا بھی مگر میں نے مکان لے ہی لیا اور اس میں
[illegible]ش ہوا۔ رات کو ایک شخص بڑی ڈراونی صورت کا آیا میں نے آیت الکرسی پڑھنی
شروع کی کہ وہ بھی ساتھ ہی پڑھتا جاتا تھا۔ مگر وہ حفظہما ہو العلی العظیم نہیں کہہ سکا
اور میں نے یہ دیکھ کر اسی کلمہ کی تکرار شروع کر دی تا آنکہ وہ مردود جل بھن کر راکھ ہو گیا
اور لوگ صبح کو میرے صحیح سلامت موجود ہونے پر متحیر ہوئے اس سورۃ میں ایک سو ستر
حروف ہیں۔ انہیں جو گنا گیا اس میں دو ملائے پھر گھٹا کیا جو باقی بچا اسے نو پر ضرب کیا
اور اس میں دو ملائے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی برآمد ہوتا ہے لہٰذا جو محمدی
بھی اس سورت کا ورد رکھے گا۔ وہ بفیر غل وغش آرام سے زندگی گذار سکتا ہے ہر نماز
کے بعد ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے اور سوتے وقت تو ضرور ہی پڑھ لیا کرے غیبی فرشتے
حفاظت کے لیے مقرر ہو جاتے ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ یہ صورت امت محمدی کو قرآن
کے ذریعے ہی ملی امت محمدی جس قدر اپنی خوش نصیبی پر ناز کرے بجا ہے

یٰسین شریف

بقول مفسرین قرآن پاک کا دل ہے۔ یٰسین مقطعات قرآنی میں سے ہے مگر ہم تو یہ
کہتے ہیں۔ کہ ستر مرتبہ یٰسین شریف پڑھنے والا کامیاب ہے۔ دشمنوں پر کاروبار کے لحاظ
سے بھی مسافر کے لئے بھی اس سورۃ کا ورد نگہبان اور محافظ کا کام دیتا ہے جو شخص
اول وآخر درود پڑھے اور ایک مرتبہ یٰسین شریف ہفت گرداں پڑھے (ہفت گرداں
یعنی ہر مبین پر پہنچ کر پھر شروع سے پڑھے اور ساتوں مبین پر ایسا ہی کرے) ہفت
گرداں اسے کہتے ہیں۔ تو کوئی حاجت انکی نہیں رہتی۔ لوگ عزت الگ کرتے ہیں
دروازہ فتوح کا الگ کھل جاتا ہے

بعض بزرگان دین وعاملین کرام کا قول ہے۔ کہ جب اس سورۃ کی تلاوت کرے
اور جب لفظ رحمٰن پر پہنچے تو دائیں ہاتھ کی چھنگلیاں بند کرے اور دوسرے رحمٰن پر

پہنچے تو اس کے برابر کی انگلی بند کرے اور تیسرے رحمٰن پر پہنچے بائیں کی انگلی بند کرے
حب وما انزلنا علیٰ قومہ پر پہنچے تو سیدھے ہاتھ کی چھنگلیا بند کرے پھر دوسری جلالت
پر اس کی برابر کی انگلی بند کرے جلالت سے مراد لفظ اللہ ہے۔ اور جب چوتھا رحمٰن آئے
تو برابر کی انگلی بند کرے دست چپ کی تیسرے اللہ پر درمیانی انگلی سیدھے ہاتھ کی
بند کرے پھر سورۃ تمام کرے اور یہ ساتوں انگلیاں بند ہیں پھر سورۃ ملک پڑھے
اور لفظ رحمٰن پر دست راست کھولے اور دوسرے رحمٰن پر دست راست
کھولے پھر رحمٰن آئے تو چھنگلیاں بھی کھول لے لفظ اللہ پر دست راست کھولے
اور پھر بائیں ہاتھ کی انگلیاں کھولے اس طرح پڑھنے والا جو مراد مانگے گا بہت
جلد پوری ہوگی ناکام نہیں رہیگا

دوسری ترکیب یٰسین پڑھنے کی

یہ ہے کہ ۴۱ بار یٰسین پڑھے اور درمیان میں کسی سے نہ بولے بعد ختم دعا مانگے
وہ بھی فائز المرام ہوگا یا لفظ مبین سے پھر پلٹ کر یٰسین سے پڑھے اور اس طرح ساتوں
مبین سے پلٹ کر پھر شروع سے پڑھے اور ختم کرے یہ بھی قاضی الحاجات ہے

برائے ہلاکی دشمن

اس کے پڑھنے کی یہ ترکیب ہے کہ لب دریا ۴۱ بار ایک پختہ اینٹ سامنے رکھکر
پڑھے ہر دفعہ چاقو سے اک لکیر اینٹ پر کھینچدے اور ختم پر نماز جنازہ پڑھے اور اینٹ پانی
میں پھینکدے دشمن ہلاک ہو جائیگا

حضرت صوفی محمد حسین صاحب الٰہ آبادی

فرماتے ہیں کہ میں نے جو کچھ پایا تلاوت یٰسین سے پایا وہ ہر مبین پر درود تاج پڑھا
کرتے تھے اور صرف ایک مرتبہ عصر کے بعد پڑھا کرتے تھے۔ سچ بھی یہ ہے کہ بڑی فضیلت
اور خواص والی ہے یہ سورت۔ بڑے خوش نصیب ہیں وہ لوگ۔ جو اس کے عامل ہیں

اور اس کی قدر جانتے ہیں

قدر جوہر شاہ داند یا بداند جوہری قدر گل بلبل بداند قدر لعل باعلی

قوت حافظہ کی تیزی کے لئے

آیت هُوَ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلَیْکَ سے اَلْمِیْعَادْ تک (تلک الرسول ع ۹) سبز کاغذ پر جمعہ کے دن لکھ کر آب رواں سے دھو کر پی لے لیکن لکھے زعفران اور مشک سے سات دن ہی میں حافظہ تیز ہو جائے گا ہدایت اس درمیان میں گوشت نہ کھائے

نکسیر اور استحارہ کے لئے

آیت وَمَا مُحَمَّدٌ سے اَلْقِتَالَ تک (لن تنالو ۷) لکھ کر اگر آنکھوں کے درمیان باندھو گے تو نکسیر بند ہو جائے گی اور دو پرچوں پر لکھ کر عورت کے اگلے پچھلے دامن میں باندھو گے تو خون حیض رک جائیگا

ذات الجنب یا درد قلب کے لئے

آیت وَاِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰہُ سے خَیْر تک (واذا سمعوا ۰) لکھ کر سوتے وقت باندھ دو رنج و غم تنگی دل درد درد قلب کو صحت ہو

آندھی روکنے کے لئے

کَانَتْ مِنَ کہ اِلَّا کِتْبَار سے خَبِیْر تک (واذا سمعوا رکوع ۹) پڑھنے سے آندھی فرد ہو ہو جاتی ہے۔ مگر ہماری رائے میں قدرت کے کاموں میں دخل دینا امر نامناسب ہے

راز نہفتہ معلوم کرنے کے لئے

درود شریف سورۂ یٰسین وطٰہٰ و ملک تینوں سورتیں پڑھ کر سو رہے جس راز کے معلوم کرنے کے لئے پڑھیگا منادٔ غیبی ظاہر کر دیگا

سانپ بچھو سے محفوظ رہنے کے لئے

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا پڑھ کر پانی پر دم کرو اور گھر کے چاروں کونوں

میں چھڑک دو سانپ اور بچھو سے محفوظ رہوگے مگر پانی محرم کی پہلی تاریخ کو چھڑکو

ہلاکت دشمنوں کے لئے

اسماء حسنیٰ ارنڈ کے پتوں پر سو بار لکھو اور روغن زیتون میں جوش دیکر مفلوج کے ملنے سے صحت حاصل ہوتی ہے۔ اور اگر بہ نیت ہلاکت دشمنی لکھوگے تو وہ ہلاک ہونگے لکھتے وقت بخور گندھک کا ہو

چور معلوم کرنے کیلئے

سورۂ یونس تانبے کے طشت پر آب بستہ سے دھوکر آٹا گوندھو اور مشتبہ اشخاص کے نام دم کرو اور روٹی پکاکر اُن لوگوں کو کھلاؤ چور دکھائے گا۔ مگر اس قسم کے اعمال کرنے درست نہیں

تسخیر عوام کے لئے

سے أَفَلَا تَذَكَّرُونَ تک (یتذکرون) ایام ابیض ۱۳-۱۴-۱۵ تاریخ کے روزے رکھو آخر کا روزہ سر کے اور جو کی روٹی سے افطار کرو اور مغرب سے عشا تک درود پڑھو عشا پڑھ کر یہ آیتیں زعفران سے لکھو اور سر کے نیچے رکھ کر سو جاؤ پھر صبح کو بازو پر باندھ لو جہاں جاؤگے لوگ عزت کریں گے اور محبت کرینگے

جنون اور دیوانہ پن دور کرنے کیلئے

ایسے آدمی سے کاغذ جس نے صحبت نہ کی ہو اور اس پر آیت یاأیہا الناس سے یجمعون تک (یعتذرون ۱۱ع۶) لکھو اور دھو کر مجنون کو ایک ہفتہ پلاؤ انشاء اللہ صحت ہوگی

سحر اتارنے کے لئے

فَلَمَّا جَاءَ السَّحَرَةُ سے عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ تک (یعتذرون ع۱۳) ایک گھڑا بارش کا پانی یا ایسے کنوئیں کا جس میں کوئی پانی نہ بھرتا ہو لیکر جمعہ کے دن سات درختوں کے پتے لاؤ جنکا پھل نہ آتا ہو پتے ڈال کر پانی جوش دو اور مسحور کو لب آب نہلاؤ مگر رات کے وقت

سحر باطل ہو جائیگا

بیوی کو اپنے اوپر فریفتہ کرنے کیلئے

سورۃ یوسف زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر میاں بیوی دونوں پی لیں ایک دوسرے پر فریفتہ ہو جائیں گے

روزگار ملنے کیلئے

وَقَالَ الْمَلِكُ سے مُحْسِنِيْن تک (وما ابری ع ۱۱) عروج ماہ میں جمعرات جمعہ کا روزہ رکھے اور شب جمعہ ہی بستر پر لیٹ کر یہ آیت پڑھے ۱۱ بار اور سو جائے لا الٰہ الا اللہ سو بار پڑھ کر جب صبح ہو آیت مذکور لکھ کر تعویذ بنا کر باندھے ایک ہفتہ میں برسر کار لگ جائے گا

سورۂ ابراہیم

لکھ کر بچوں کے باندھ دو انشاء اللہ نہ رونگے نہ ڈریں گے

باغ اُجاڑنے کیلئے

سورۂ النحل لکھ کر کسی باغ میں رکھ دو گے اجاڑ ہو جائے گا۔ مگر ایسا کرنا نامناسب ہے

حمل قائم ہونے کیلئے

میاں بیوی جمعہ کے دن روزہ رکھیں بادام یا شکر سے روزہ افطار کریں پانی بالکل نہ پئیں اور شیشے کے گلاس پر الم سے حیث حیا تک (قال الم اقل ع ۲) لکھ کر پی لیں چنے ۲۲۴ لیکر ہر دانے پر آیت بالا پڑھیں جب نخود ابل جائیں انگور کا عرق تھوڑا سا جس پر سورۂ مریم دم کی ہو ملا لیں اور پئیں پھر مباشرت کریں اسی دن انشاء اللہ حمل قائم ہوگا۔ نیاز کا تیل مسجد میں بھیج دیں

نیند آنے کیلئے

سورۂ انبیا (اقترب الناس) ہرن کی کھال پر لکھو اور کمر سے باندھ لو ایسی نیند آئے گی کہ بغیر تعویذ کھولے نہ جاگو گے جب سوئے کسی سے کہدے کہ جب مجھے بیدار کرتا ہو میری کمر میں جو تعویذ بندھا ہوا ہے کھول لینا تعویذ کھولنے پر نیند جاتی رہیگی ایک مجذوب نے یہ بات بتائی تھی کیوں نہ ہو قول مرداں جان دارد

بخار اور دردوں کے لئے

اِنَّ الَّذِیْنَ سے توعدون تک (اقترب الناس ر ۷) ایسے کنوئیں کے پانی سے جو دھوپ سے محفوظ ہو لکھ کر تین گھونٹ مریض کو پلا دو فوراً صحت ہوگی

شراب چھڑانے کے لئے

سورۂ المومنین (قد افلح) سفید کپڑے پر لکھو جب شرابی کو پلاؤ گے شراب پینا چھوڑ دیگا پھر نام بھی نہ لے گا

احتلام سے محفوظ رہنے کے لئے

سورۂ نور لکھ کر پاس رکھو۔ اک بزرگ کا قول ہے کہ اگر آب زمزم سے لکھ کر کسی مرد کو پلا دو تو اس کی شہوت منقطع ہو جائے

چوتھے دن کا بخار

سورہ عنکبوت لکھ کر دھو کر پلا دو انشاء اللہ اسی دن بخار کافور ہو جائیگا

لڑکیوں کا پیغام شادی منگوانے کیلئے

سورۂ الاحزاب (اقل ما) کاغذ پر لکھ کر اک ڈبے میں بند کر کے گھر میں رکھ دے پھر دیکھو کتنے پیغام آتے ہیں

آسیب زدہ کے لئے :۔ سورۂ الصٰفٰت (وَمَالِیَ) پڑھ کر دم کر دو یا لکھ کر باندھ دو فوراً اثر ہوگا اور آسیب دفع ہو جائیگا

دعائے معراج

حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ یہ دعا عظیم الخواص ہے اور طویل الفوائد۔

بسم الله الرحمن الرحيم اللهم انی اسئلك يا من اقر له بالعبودية كل معبود
يا من يحمده كل محمود يا من يفزع اليه كل مجهود يا من يطلب عنده كل مقصود يا من
سائله من فضله غير مردود يا من بابه للسوال غير مسدود يا من هو غير موصوف
ولا محدود يا من عطاءه غير ممنوع ولا منكور يا من هو لمن دعاه غير بعيد وهو
لعبده المقصود يا من رجاء عباده بحبله معقود يا من ليس له شبيه ولا مثله
موجود يا من ليس بوالد ولا مولود يا من ليس يوصف بقيام ولا قعود ولا حركة ولا
سجود يا الله يا رحمن يا ودود يا راحم الشيخ الكبير يعقوب يا غافر الذنب
داود يا كاشف الضر ايوب يا منجی ابراهيم من نار النمرود يا من ليس له
شريك ولا مثله احد مقصود يا من لا يخلف الوعد ويعفو عن الموعود يا من يؤتی
ورزقه للعالمين ممدود يا من هو فی حلمه نشر المقصود يا من هو ملجاء كل
ملهوف ومطرود يا من اذن له جميع خلق بسجود يا من ليس من باب
جوده مطرود يا من ليس من بابه احد مقصود يا من لا يحيف فی حكمه و
يحكم على الظالم الجهود ارحم عبدا ظالما مخطئا لم يوف بالعهود انك
فعال لما يريد انت المقصود يا الله يا الله يا الله يارب يارب يارب يا رحمن
يا رحمن يا رحمن يا ودود يا ارحمنی يا ارحم الراحمين يارب يا
معبود اللهم انی اسئلك بحرمة هذه الدعاء وعظمته عندك ان تصلی
وتسلم علی سيدنا محمد وعلی آل سيدنا محمد وعلی آل سيدنا محمد و
ان تغفرلی ولوالدی وللمسلمين اجمعين ـ

اب دعا مانگے انشاء اللہ پوری ہوگی۔

اشعار مستجاب

جو پڑھتے ہی قبولیت کے دروازے کو چوم لیتے ہیں

اِنْ اَبطاتْ غارۃُ الارحام وابتعدتْ　　فاقرب الشیٔ منّا غارۃُ اللّٰہ

یا غارۃَ اللّٰہ جدّ السیر مسرعۃً　　فی حلّ عقدتنا یا غارۃَ اللّٰہ

ہر عمل کی کامیابی کیلئے

ضروری ہے کہ آدمی صحیح العقیدہ ہو۔ دعا کی قبولیت پر یقین رکھتا ہو

حضرت ابوہریرہ راوی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد کہ ننانوے نام باری تعالےٰ کا پڑھنے والا مستغنی عن الخلق ہو جائے گا۔ اور ورد کرنے والا اصحاب جنت ہوگا قرآن پاک سے جن اسمائے حسنیٰ کا پتہ چلتا ہے وہ حسب ذیل ہیں

یااللہ　یاحی　یاقیوم　یاخلاق　یاحفیظ　یاعفو　یاذوالجلال والاکرام

یارحمٰن　یاسمیع　یاعلی　یاصادق　یارقیب　یامقیت　یااول　یاآخر

یارحیم　یاکافی　یاعظیم　یاوارث　یامجیب　یاوکیل　یاظاہر　یاباطن

یامالک　یارءوف　یاولی　یاشکور　یاقوی　یافاطر　یاقدوس　یاسلام

یامحیط　یاشاکر　یاغنی　یاغافر　یامجید　یاقاہر　یامومن　یامہیمن

یاقدیم　یااِلٰہ　یاحمید　یاقابل التوب　یاودود　یاقادر　یاعزیز　یاجبار

یاعلیم　یاواحد　یاوہاب　یاشدید العقاب　یاذی العرش المجید　یالطیف　یامتکبر　یاخالق

یاحکیم　یاحلیم　یاقایم　یاذالطول　یافعال لمایرید　یاخبیر　یابارئ　یامصور

یاتواب　یاقابض　یاسریع　یاذالقوۃ　یاکبیر　یامحسن　یامبدی　یامعید

یابصیر　یاباسط　یارقیب　یامتین　یامتعال　یاممیت　یااحد　یاصمد

یاواسع　یاحی　یاحسیب　یابَر　یاحفی　یانعم المولےٰ　یاشہید　یاملیک

یامقتدر　یاہادی　یامنّان　یاخلاق　یانعم النصیر

یہ تو کل ننانوے نام ہیں ویسے ننانوے نام مشہور ہیں ممکن ہے کہ باقی نام احادیث سے لے گئے ہوں خیر

ان ناموں کو میرا ارادہ ہے کہ نظم کردوں مگر اب تو یہ ظاہر کرنا ہے کہ جس قدر افضلیت اللہ رب العزت کو تمام مخلوق پر حاصل ہے۔ اسی طرح اس کے ناموں کو عظمت حاصل ہے۔ اور سب سے بڑی خوبی اسکے پڑھنے والے کو یہ حاصل ہوتی ہے کہ خدائے قدوس سے نسبت قائم ہو جاتی ہے اور یہ بھی سبحان اللہ بڑی چیز ہے

ختم کلام پاک

واجبت برآری اور دفع کرب و سلامتی بیمار کے لئے مجرب المجرب ہے۔ مگر طریقہ یہ ہے۔ اگر سات تو ذیل کے حصوں میں تقسیم کیا جاوے سات آدمی پڑھیں

پہلا آدمی	دوسرا	تیسرا	چوتھا	پانچواں	چھٹا	ساتواں
سورۂ بقرہ سے	سورۂ انعام	سورۂ یونس	سورۂ طٰہٰ	سورۂ عنکبوت	سورۂ ط	سورۂ واقعہ
تا آخر	سے تا آخر	سے تا آخر	سے تا آخر	سے تا آخر	سے تا آخر	سے تا آخر
	سورۂ توبہ	سورۂ مریم	سورۂ قصص	سورۂ ص	سورۂ ضحیٰ	ختم قرآن

پھر ختم شریف پڑھیں اور مٹھائی عمدہ تقسیم کریں اور اپنے مقاصد کیلئے دعائیں کریں انشاء اللہ ہفتہ کے اندر ہی اندر مقصد دلی حاصل ہو

کلمۂ توحید

منذری جن رحمت اللہ علیہ سے ایک حدیث نقل ہے۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بادشاہ کے مطابق افضل الکلام افضل الذکر جو کلمہ شریف ہے وہ یہ ہے

لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ لا شریک لہٗ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت بیدہ الخیر وھو علی کل شیء قدیر

فرماتے ہیں تو جس دن صبح ہی پڑھے گا بہترین خلائق میں اسی روز تیرا شمار ہوگا اور آزار سے نجات و آرام حاصل ہوگا۔ نقش بھی اسی کام کا ہے

۱۰۷۹	۱۰۷۴	۱۰۸۲
۱۰۸۱	۱۰۷۸	۱۰۷۶
۱۰۷۵	۱۰۸۳	۱۰۷۷

لکھ کر خوشبو لگا کر بازو پر باندھو

شیطان کیلئے کوڑا

احادیث سے ثابت ہے کہ لاحول شیطان کے حق میں کوڑے کا اثر رکھتی ہے صرف یہی نہیں بلکہ جنت کی کنجی بھی لاحول ہے دافع علالت بھی ہے نسخہ صحت بھی ہے جو لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ صرف شیطان کے لئے ہے وہ غلطی پر ہیں حضور کا ارشاد ہے کہ لاحول دشمنوں کو بھی ذلیل و پست بناتی ہے۔ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ العلی العظیم

٦٣٧	٦٣٢	٦٢١
٦٢٠	٦٢٦	٦٣٣
٦٣٣	٦٢٣	٦٢٥

یہ تعویذ گلے میں یا بازو پر باندھو تو بدخوابی نہیں ہوتی خوف دہشت دل سے دور ہو جاتا ہے۔ قلب مطمئن رہتا ہے۔

جنت کی خریداری

کرنی منظور ہو تو صوفیائے کرام و اولیائے عظام کے مستند اقوال سے پتہ چلتا ہے کہ کلمہ لا الہ الا اللہ ستر ہزار مرتبہ پڑھے حضرت بابا فرید گنج شکر تو ذمہ داری لیتے ہیں فرماتے ہیں کہ جنت خریدنی ہو تو کلمہ توحید پڑھو۔ چنانچہ مشہور ہے کہ ایک شخص کی ماں مر گئی تھی اسنے دیکھا کہ ماں دوزخ میں داخل کی گئی ہے وہ رات دن اس غم میں روتا تھا آخر ایک صوفی صاحب ملے اور رونے کا باعث پوچھا پھر فرمایا کہ میاں میں نے ستر ہزار مرتبہ کلمہ پڑھا تھا۔ جاؤ میں اس کا ثواب تمہاری والدہ کو بخشتا ہوں۔ اس شخص نے پھر رات کو خواب میں دیکھا اور اپنی ماں کو جنت میں پایا

ورد ہفت روزہ

حضرت امام غزالی فرماتے ہیں کہ میں نے اس ورد سے بہت کچھ پایا

جمعہ کے دن	اللہ	۱۰۰۰ بار پڑھے	ہر تنگی سے کشادگی ہو
شنبہ ״ ״	لا الہ الا اللہ	۱۰۰۰ بار پڑھے	ہر غم کا نتیجہ شادمانی ہو

جمعہ
ہفتہ

یکشنبہ کے دن	یا حیُّ یا قیوم	۱۰۰۰ بار پڑھے	غیب سے روزی پہنچے
دوشنبہ ؍ ؍	لاحول	۱۰۰۰ بار پڑھے	ہر مصیبت سے راحت ہے
سہ شنبہ ؍	؍ صلی اللہ علی النبی الامی وآلہٖ واصحابہٖ وسلم	۱۰۰۰ بار پڑھے	ہر بلا سے امن میں رہے
چہار شنبہ ؍ ؍	استغفار	۱۰۰۰ بار پڑھے	قبر کے عذاب سے محفوظ ہو
پنج شنبہ ؍	؍ لا الٰہ الا اللہ الملک الحق المبین	۱۰۰۰ بار پڑھے	دولت ایمان سے مالامال ہو

یہ ورد عجیب نعمت غیر مترقبہ ہے

حضرت امام اعظم

فرماتے ہیں کہ میں نے پورے سو مرتبہ رب العزت کو خواب میں دیکھا میں نے دریافت کیا مالک الملک تیری عبادت کس نام سے کروں حکم ہوا یہ کلمات جو صبح و شام پڑھیگا وہ میرے عذاب سے نجات پائیگا اور میں اسکی ہر مراد پوری کرونگا

سبحان الابدی الابد

سبحان الواحد الاحد

سبحان الفرد الصمد

سبحان رافع السماء بغیر عمد

سبحان من بسط الارض علےٰ ماء جمد

سبحان من خلق الخلق فاحصٰہم عددا

سبحان قسم الارزاق ولم ینس احد

سبحان الذی لم یتخذ صاحبۃ ولا ولد

سبحان الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوًا احد

استخارہ مجرب

دو رکعت نفل نماز پڑھے پہلی میں بعد الحمد ربک یخلق ما یشاء و یختار تا آخر سورہ قصص

اور قل یا ایہا الکفرون پڑھے

دوسری میں سورۃ فاتحہ کے بعد وماکان لمومن ولا مومنۃ سے تامبینا سورۃ احزاب رکوع ۵ پڑھے اور بعد نماز کسی سے کلام نہ کرے سو جائے مطلب سوچ کر خواب میں مطلع کر دیا جائے گا حسب اطلاع عمل کرے فیض پائے گا بفضل اللہ تعالےٰ

اگر اپنے کسی مرحوم کو خواب میں دیکھنا ہو

تو حضرت امام الاولیا خواجہ حسن بصری ارشاد فرماتے ہیں کہ بعد نماز عشا کے چار رکعت اور پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد سورۃ الہکم التکاثر پڑھے اور لیٹ کر بستر پر یہ پڑھتا ہوا سو جائے اللّٰہم انی فلاناً حالتہ التی ہو علیہا

انشاءاللہ دیکھ لیگا کہ مرحوم کس حالت میں ہے یہ عمل تین دن کرے

اسلئے کہ سفر میں امن سے رہے

مسافر جب سفر کو جائے تو دو رکعت پڑھے ایک میں بعد الحمد قل یا دوسری میں بعد الحمد قل ہو اللہ پڑھے اور بعد سلام کے ان الذی فرض علیک القرآن لرادک الی المعاد خدانے چاہا تو سفر سے بخیریت واپس مراجعت کریگا

بارش روکنے کیلئے

قدرت کے کاموں میں دخل دینا نامناسب ہے لیکن اگر ضروری ہی ہو تو بارش کو روکنے کے لئے خاک تر ہونے سے پہلے اٹھا کر تین بار سر سے پھیرے اور یہ پڑھتا جائے خاک زمین پر ڈالتا جائے اللہم انی قبضت من ترابک و مصبس غلا تنزل کنت من سابان بخصمتہ ما انزلت من کتابک

اور قدرت کے عجائبات کا نظارہ کرے

وہ تین سورتیں جنمیں کاف نہیں

والعصر لایلاف اور قل اعوذ برب الفلق تینوں لکھ کر باندھے جسکو نظر ہو گئی

ہو نظر کا اثر فی الفور دور ہو جائیگا

نظر لگنا حق ہے۔ یہ کہنا کہ جس شخص نے بچپن میں نجاست کھائی ہو اس کی نظر لگتی ہے یہ غلط ہے نظر باپ کی بیٹے کو لگ جاتی ہے۔ احادیث میں نظر بد کا تدارک بھی ہے نظر زدہ کا ہاتھ منہ دھو کر نظر زدہ پر چھڑک دیں

رقعہ مرگی

یہ لکھ کر مرگی والے کے ماتھے پر چسپاں کر دیں۔ الم تر الی ربک کیف مد الظل نہایت مجرب ہے فوراً ہوش ہو جائے گا

درد سر کے لئے

طی رہ ہ وطت ن عل ددہ پر لکھ دو درد فوراً جاتا رہیگا یا یہ عدد ۵ ۵ ۵ ۵ ۵ ۵ لکھیں اور والعصر پڑھ کر چھری دائو نپر ماریں درد کافور ہو جائیگا

مقوی بصارت

حضرت بابا فریدالدین گنج شکر پاک پٹن والے جو حضرت خواجہ خواجگان خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کے خلیفہ اعظم ہیں اور حضرت صابر کلیری اور حضرت محبوب الٰہی دہلوی کے پیر و مرشد ہیں وہ فرماتے ہیں کہ اذان کے وقت جب حضور کا نام لیا جاتا ہے تو دونوں انگوٹھوں کے ناخن چوم کر آنکھوں سے لگا لینا مقوی بصارت ہیں۔ بینائی بڑھاتے ہیں۔

آپ فرماتے ہیں

یا نور یا بصیر۔ بھی روزانہ ۵۵۸ مرتبہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کر لینے سے بھی نظر تیز ہوتی ہے۔ اور بصارت کو تقویت حاصل ہوتی ہے اور زعفران کافور مصری ہم وزن پیس لو یہ سرمہ بھی موجب تقویت بینائی ہے۔ سوتے وقت لگا لینا چاہئیے

بخار والے کی کمر پر

انگشت شہادت سے آذان واقامت لکھنا بخار کو دور کرتا ہے صحت بخشتا ہے

جس عورت کا حمل گر جاتا ہو

تو ایک بچھو مردہ لیکر کپڑے میں لپیٹیں اس پر گیارہ مرتبہ درود پڑھیں اور عورت کا نام لیں پھر اس کے گلے میں پہنا دیں انشاءاللہ حمل محفوظ رہے گا

ریح احمر

ایک مرض ہے جسکی وجہ سے چودہ بیماری اور ہو جاتی ہیں خونی بواسیر درد کمر قراقر شکم نفخ درد معدہ درد چشم درد دل درد جگر درد نیم سر چکر برص جنون سردھنا خارش ان سب کا علاج حسب ذیل ہے۔ وما ارسلنک الا رحمۃ للعالمین فیہ شفاء للناس صل اللہ علی النبی الامی وآلہ وسلم پڑھکر حسب ذیل دوائیں کھلائیں آرام ہوگا۔ دردوں کی دوا تو سرکہ انگور ہے۔ حب القر باریک پیس کر سر سے ملو دافع جنوں ہے۔ روغن مغز کدو دافع جنون و خارش ہے۔ دھنیا سبز اور مصطگی آب فشرادہ باقلا بواسیر و چکر کیلئے و دافع برص ہے۔ روغن دافع قالنج ہے اور کلونجی و شہد۔ یہ ریح احمر کے امراض اور علاج تھے جو بیان کئے گئے

آگ سے جلے ہوئے پر

پیاز کا پانی اور کھانے کا نمک نیز سفیدی انڈے کی برابر ملا کر پھینٹیں اور سلام قولا من رب الرحیم ۱۱۱ مرتبہ پڑھیں اور لگائیں انشاءاللہ آرام ہوگا

اگر عورت کی اندام نہانی سے خون بہے

تو چالیس میم کاغذ پر لکھ دو اور دس دس الگ کر لو دس نگل لے دس سر پر باندھیں دس کی دھونی دیں اور دس کی پوٹلی بنا کر حمول کریں خون بند ہو جائیگا

چیچک کے لیے

جس کے چیچک نکلے اس کے پاؤں میں مہندی لگائیں ۲۰ بار یا شافی اور ۶۶ بار یا حکیم پڑھ کر مہندی پر دم کردیں انشاءاللہ مریض شدت مرض سے سلامت رہے

بچہ کا چونکنا روکنے کے لئے

وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا ہَمْسًا لکھ کر بازو پر یا گلے میں ڈالدیں رونا اور چونکنا موقوف ہو جائیگا

بچہ آسانی سے پیدا ہو

حضرت ابوہریرہ کی روایت ہے۔ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دیکھا ایک جانور جننے کی تکلیف میں مبتلا ہے۔ آپ نے اپنے ساتھیوں سے کہا پڑھو حَنَّۃُ وَلَدَتْ مَرْیَمَ وَمَرْیَمُ وَلَدَتْ عِیْسٰی اُخْرُجْ اَیُّہَا الْمَوْلُوْدُ بِقُدْرَۃِ الْمَلِکِ الْمَعْبُوْدِ یہ کلمات پڑھے گئے تو بچہ آسانی ہوگیا اب بھی یہ دردزہ کی تکلیف میں کام دیتا ہے۔ ضرورت کے وقت تجربہ کیجئے نہایت مجرب عمل ہے

حمل نہ قائم ہونے کیلئے

اگر سیاہ انجیر کے دانے پر یَوْمَ یَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ سے کُنْتُ تُرَابًا تک ایک مرتبہ پڑھ کر کسی عورت کو کھلا دیا جائے تو سال بھر تک حمل قائم نہ ہو اور اسی طرح جتنے دانوں پر جتنی بار پڑھ کر کھلاؤ گے اتنے ہی سال حمل نہ قائم ہوگا

جو عورت نکاح کرنے پر تیار نہ ہو

عورت کے بال لیکر اس میں یہ اسماء لکھ کر باندھیں احونش مرموش کلموش اور ایک سرخ ریشمی کپڑے پر ۵ ۵ ۵ ۵ لکھیں اور یہ آیت زعفران سے لکھیں

وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ اِنِّیْ مَنَافِعَ لَہُمْ اَللّٰہُمَّ اَلْعَتْ بِعَلَاہَا لَحَا لِخِطْبَۃِ فُلَانَۃَ بِنْتِ فُلَانَۃَ بِحَقِّ کَلَامِکَ الْقَدِیْمِ وَرَسُوْلِکَ الْکَرِیْمِ وَبِاَلِفِ اَلِفِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ اور تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈال دیں خدا نے

چاہا تو نکاح کرنے پر تیار ہو جائیگی

برائے قوت مردانہ

اِنَّ اللّٰہَ علےٰ کُلِ شَیئٍ قَدِیرٌ ۱۰۱ مرتبہ پودینہ کے پتوں پر پڑھو اور شکر ملا کر گولیاں بنا کر کھالو اور چند بار کھاؤ تجربہ شاہد ہے کہ ایسی قوت مردانہ پیدا ہوگی کہ تم خود متحیر ہوگے اور خدا کے عجائبات قدرت کا مشاہدہ کرلوگے مگر واضح رہے کہ اس طرح حاصل کی ہوئی طاقت کبھی ناجائز طور پر نہ صرف کرو ورنہ مذہبی طور پر سزا وار عقوبت ہوگے

مال تجارت کی فروختگی کیلئے

ایک پرچہ پر پچاس واؤ لکھو تو مال میں رکھ دو نقش رکھتے ہی فروختگی شروع ہو جائے گی بعد فروختگی کچھ شیرنی پر نیاز دلاکر تقسیم کردو

کرب و شدت کے رفع کرنے کیلئے

حضرت شیخ غوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ سولہ روٹیوں کے چار چار ٹکڑے کرو کل ۶۴ ہوئے سب پر تینوں قل لکھو اور سورۂ فیل و سورہ قریش گیارہ گیارہ بار پڑھو آخر میں مع بسم اللہ حسبنا اللہ و نعم الوکیل پڑھو ۲۶ مرتبہ پھر چار ڈھیری لگاؤ اسی جگہ اٹھا کر دے جاؤ اور ایک ایک ڈھیری علیحدہ علیحدہ کھلاؤ خواہ فقیروں کو خواہ بلیوں کو یہ عمل مجرب ہے۔

ابیات مفتاح الذہن

كلامٌ قديمٌ لا يُمَلُّ سماعهُ
تنزّه عن قولٍ وفعلٍ ونيّة

به اشتفي من كل داءٍ ونوره
دليلٌ لقلبي عند جهلي وحيرتي

فيا رب متعني بسر حروفه
ونوّر به قلبي وسمعي ومقلتي

امام یافعی فرماتے ہیں کہ ان ابیات کا پڑھنے والا چاہے تو قرآن بھی حفظ کر سکتا ہے

بچھو کے کا رقیہ

باسم اللہ و باللہ رب جبریل و میکائیل کازم کازم و برازم قما درامی مزن واشفنا مراسا مراھورامے والمطانا الراقی واللہ شافی

یہ رقیہ اگر پڑھیں تو بچھو کچھ ضرر نہ دیگا اور اگر کاٹ لے تو پڑھ کر پھونک دو کچھ اثر بچھو کے کاٹے کا نہ ہوگا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ بچھو کو مارو یہ بڑا ضرر رساں جانور ہے۔ اس نے ایک مرتبہ حضور آقائے دوعالم کو بھی کاٹ لیا تھا۔ اعوذ باللہ من شرورنا

گم شدہ شے کیلئے

اگر سورۂ والضحیٰ پڑھی جائے تو یقین ہے کہ انشاء اللہ وہ مل جائے

دیگر

جس کی چیز گم ہو وہ ح م ح ح م ع لکھ کر سرہانے رکھ کر سوے بے خواب میں چور کی شکل دکھادی جائے گی

چوہے بھگانے کے لئے

چوہا پکڑ کر اس پر یہ تعویذ لپیٹ کر چھوڑ دو اوپر سے دھاگا لپیٹ دو سب چوہے بھاگ جائیں گے۔ عطش جاء الحق عطش مات البق البلبغا لیغا غما ماضیح البق

وسوسات کو روکنے کیلئے

یخرج الحی من المیت تاتخرجون لکھے اور لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم بھی لکھے اور بازو پر باندھے جب تک بندھی رہے کوئی وسوسہ نہ آنے پائیگا

سورۂ حم السجدہ

آب باراں پر پڑھے اور اس میں سرمہ پیس کر لگائے یا اس پانی سے آنکھ

دھوئے آشوب چشم کو صحت ہوگی

کھانسی

برا مرض ہے سورۂ دخان لکھ کر دھو کر پلائے کھانسی کو مفید ہے چینی پر پڑھ کر کھلائے تو پیچش کو مفید ہے۔ زعفران سے لکھ کر پاس رکھے شر مخلوق سے محفوظ رہے

سورۂ تحریم	پڑھ کر دم کرے مرگی والے کو مفید ہے
سورۂ نجم	جمعہ کے دن ہرن کی کھال پر لکھ کر پاس رکھے جہاں جائے عزت پائے
سورۂ حجرات	لکھ کر دیوار پر چسپاں کر دے گھر میں آسیب نہ آئے
سورۂ طور	قیدی پڑھے تو رہائی حاصل ہو
سورۂ ممتحنہ	پڑھنے سے تلی دور ہو
سورۂ نون	نماز میں پڑھنے سے فکر و فاقہ دور ہو
سورۂ الحاقہ	حاملہ کے باندھنے سے حمل ساقط نہ ہو
سورۂ الغاشیہ	کھانے پر دم کرنے سے کھانا نقصان رساں نہ ہو
سورۂ العلق	سفر میں ساتھ رکھنے سے تکلیف نہ ہو
سورۂ نصر	انگ پر کندہ کرا کر جال پر باندھے مچھلیاں بہت آئیں
سورۂ حم	وقت جدال و قتال باندھ لینے سے جان محفوظ رہے
سورۂ صافات	اول سے ثاقب تک لکھ کر باندھنے سے آسیب دور ہو
سورۂ نعم	ظالم کے بیمار ڈرنے کے لئے اکسیر ہے
آیت مبارکہ	انا نحن نزلنا الذکر و انا لہ لحافظون شب جمعہ کو چالیس مرتبہ

پڑھ لیا کرے مال اسباب سب محفوظ رہے چوردں راہزن کا خطرہ بھی نہ ہو

پسو مچھر دفع کرنے کیلئے

اور ہتھو اے مچھر و اگر تم اللہ پر ایمان رکھتے ہو تو ہمیں نہ ستاؤ یہ کہہ کر پانی اپنی چارپائی کے گرد چھڑک دے ان کے کرب سے محفوظ رہے

حضرت علی کرم اللہ وجہ

نے ایک مقروض سے فرمایا تھا کہ میں تجھ کو وہ کلمات کیوں نہ بتاؤں کہ اگر تجھ پر پہاڑ کی برابر بھی قرض ہو تو ادا ہو جائے اور وہ مجھ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بتائے ہیں۔ اور بہت سے بزرگوں نے آزمایا بھی ہے ایک بزرگ تو یہ کہتے ہیں کہ میں نے کبھی کسی سے ایک پیسہ ان کلمات کی برکت سے قرض نہیں لیا اور اللہ تعالےٰ نے ہر حاجت میری غیب سے پوری کی حضرت عیسےٰ نے اپنے اصحاب کو بعد جمعہ پڑھنے کے لئے بتائی تھی اور امت محمدیہ کے لئے یہ دعا ہے

اللھم اکفنی بحلالك عن حرامك واغننی بفضلك عمن سواك فسہل یاالٰہی کل صعب بحق سید الابرار سہل

پاک وصاف ہو کر عقیدت سے پڑھے ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ اول وآخر درود پاک ایک ہفتہ بھی نہ گذرنے پائیگا کہ قرض سے نجات مل جائے گی اور ہمیشہ کا معمول کر لینے سے کبھی قرض لینے کی نوبت نہ آئیگی قادریہ سلسلے کے لوگ اپنے معمول میں اس دعا کو رکھتے ہیں اور بفضل اسکے اثرات سے مستفیض ہوتے ہیں

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

دعائے ذوالنون

یہ دعا ہے

حضرت یونس علیہ السلام کی ؛۔ مگر قرآن پاک میں نزول سے بڑی عظمت ہوگئی اس دعا میں اسم اعظم ہے یہ اکثر بزرگان کرام کا مقولہ ہے۔ اور غم والم میں کرب وسختی میں بڑی کارآمد ہے یہی اک دعا ہے۔ جسپر قرآن وحدیث دونوں متفق ہیں حل المشکلات ہے ابوہریرہ کہتے ہیں کہ اس میں شفا بھی ہے قاضی الحاجاتی بھی ہے

کاشف المہاتی بھی بزارہا بزرگان کرام کی آزمودہ ہے اس کے پڑھتے ہی آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں حضرت غوث پاک بھی اسکے فوائد کے معترف ہیں اس کے پڑھنے کی مختلف ترکیبیں ہیں۔ لیکن جسطرح کوئی پڑھے گا فائدے سے خالی نہیں کئی آدمی اکٹھے بھی پڑھتے ہیں کام کے بنانے مقدمات کو موافق طے کرانے اور اڑی سے اڑی مصیبت میں کام آنا تو اس کا ادنےٰ سا اثر ہے۔ غرض یہ کہ جس طرح حضرت یونس کی مشکل حل ہوئی تھی اسی طرح آج بھی جو اس کو پڑھتا ہے یا اس کا ختم کراتا ہے اس کی مشکل حل ہوتی ہے۔ سوا لاکھ مرتبہ اگر روزہ رکھ کر پڑھی جائے اور درمیان میں کوئی کام دنیاوی نہ کیا جائے تو مصلے سے اٹھنے سے قبل کام بن جاتا ہے اور یہ ایک دو مرتبہ نہیں بلکہ بارہا کی آزمودہ بات ہے جس کو شک ہو خود تجربہ کرے

نقش پیشاب

۷۸۶

۳۰۳۴	۳۰۲۷	۳۰۳۲
۳۰۳۳	۳۰۳۱	۳۰۲۹
۳۰۲۸	۳۰۳۵	۳۰۳۰

اگر پیشاب بند ہو جائے تو یہ نقش موم جامہ کر کے مثانہ پر باندھو اور ایک زعفران سے لکھ کر دھو کر پلاؤ بند پیشاب کھل جائے گا

راہ بھول جائے:۔ یا کسی گھر میں جنات کا شبہ ہو تو اذان پڑھو کوئی آکر رستہ بتا دیگا یا جنات گھر خالی کر جائیں گے

زبان بندی دشمن کے لئے:۔ افلا یتدبرون القرآن ام علےٰ قلوب اقفالہا اور تین بار صم بکم عمی فھم لا یرجعون پڑھے زبان بند جائے گی

استخارہ خاص:۔ تین دن کرے شب کو بعد نماز عشا بدھ جمعرات جمعہ کو بسم اللہ شریف تین سو مرتبہ اور الم نشرح ستر مرتبہ پڑھ کر سینہ پر دم کرے اور دعا کرے مقصد ظاہر کر کہ الٰہی میری رہنمائی فرما پھر سو مرتبہ درود پڑھے غیب سے

غنچہ سر بستہ کھل جائے گا

برائے امن مکان از جنات:۔ سورۂ الم ترا کیف پوری لکھ کر ہر چہار طرف مکان میں چسپاں کر دے جنات کا پتہ بھی مکان میں نہ رہیگا خواہ کتنی ہی تعداد میں ہوں سب بھاگ جائیں گے اور پھر جبکا جی چاہے سکونت کرے

عملیات کی رجعت سے محفوظ رہنے کیلئے

سورۂ عبس تو لی ایک مرتبہ اور یا وارث ۱۱ بار روز پڑھ لیا کرے

جاڑہ بخار کے لئے:۔ ایک ٹھیکری پر شاہ شفا دفع کل بلا لکھ کر باندھو شفا ہوگی

سورۂ بقرہ:۔ اگر اس مکان میں پڑھی جائے جہاں جنات کا شبہ ہو تو بہتر ہے سب جنات دفع ہو جائیں گے

مرگی کیلئے کان میں پڑھ کر پھونکے:۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم المص طس کہیعص یس والقران الحکیم حمعسق ق والقلم وما یسطرون مریض اچھا ہو جائیگا اور پھر کبھی دورہ نہ ہوگا

علم لدنی حاصل کرنے کیلئے:۔ سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم ۲۰ مرتبہ روز پڑھے خفیہ علوم آشکارا ہونگے

اگر کوئی حاکم اپنے ماتحت سے بگڑ جائے:۔ تو اس کا نام لکھ کر مع ثم قست قلوبکم سے عما تعملون تک (پ ۱ ع ۹) لکھ کر کسی اونچی جگہ رکھ دو خدا کے حکم سے بہت جلد ٹھیک ہو جائے گا اور مزاج ملایم پڑ جائیگا مجرب ہے

بچہ کی حفاظت:۔ بچہ کی حفاظت کے لئے مشک و زعفران سے لکھ کر تانبے کی نلکی میں رکھ کر بچہ کے گلے میں لٹکا دو محفوظ رہیگا۔ اور روئے گا بھی نہیں

باری تعالےٰ کا اسم آرام دِہ:۔ قل ان الفضل بید اللہ یوتیہ من

یشاء اللہ ذو الفضل العظیم الصبور طلوع آفتاب سے قبل ۱۰۰ بار پڑھ لیا کرے راوی چین ہی لکھتا ہے

داڑھی مونچھ جلد نکالنے والی دعا :۔ یہ دعا پڑھا کرے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قَالَ یَا بْنَؤُمَّ لَا تَاخُذْ بِلِحْیَتِی وَلَا بِرَاسِی اِنِّی خَشِیْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَیْنَ بَنِی اِسْرَائِیْلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِی قَالَ فَمَا خَطْبُکَ یَا سَامِرِیُّ ۔ بہت جلد داڑھی مونچھیں نکل آئینگی

درد سر کیلئے یہ باندھے :۔ وَلَا تَحْلِقُوْا رُؤُسَکُمْ حَتّٰی یَبْلُغَ الْهَدْیُ مَحِلَّهٗ فَمَنْ کَانَ مِنْکُمْ مَرِیْضًا اَوْ بِهٖ اَذًی مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْیَةٌ مِّنْ صِیَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُکٍ

یرقان کیلئے :۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمائے مطہرہ لکھے اور باندھے اور روزانہ پڑھکر پھونکے ہفتہ عشرہ ہی میں مرض جاتا رہیگا ۔ اسمائے مطہرہ یہ ہیں محمد واحد حامد محمود قاسم عاقب حبیب خاتم حاشر داعا سراج منیر بشیر نذیر رسول نبی ہادی مہدی خلیل صفی حکیم مصطفےٰ طٰہٰ طس یٰس مزمل مدثر مطیع مذکر الطبی مرتضےٰ مختار ناصر قویم حجۃ بیان حافظ شہید عادل نور مبین برہان رشید صاحب ناطق صادق مکی مدنی عربی ہاشمی قریشی عزیز حریص رؤوف رحیم یتیم فاضل جواد عالم عامل غنی فتاح کریم طیب مطیب خطیب فصیح مطہر امام امی تقی مجتبیٰ شفا سابق متوسط مقتصد حق مبین اول آخر ظاہر شفیع محلل محرم امر حکیم قریب شکور رقیب منیب والی حسبی اللہ ونعم الوکیل نعم المولیٰ ونعم النصیر وصلی اللہ تعالےٰ علےٰ خیر خلقہ محمد وعلےٰ آلہ واصحابہ اجمعین

آنکھوں کے درد کیلئے :۔ حضرت مولا علی فرماتے ہیں کہ اپنے نام کے عدد کے مطابق اپنی ہتھیلی پر یہ دعا پڑھے اور آنکھوں پر ملے

قل ھو اللہ احد اذان فی عینی رمداً احمر راباً صاً حسبنا الصمد اشف عینی یا کافی واکفنی شر الرمداً لیس اللہ شریک ولا ولداً ولم یکن لہ کفواً احد تکلیف رفع ہوجائیگی

جسم کے درد کیلئے :۔ اعوذ باللہ وقدرتہ من شر ما اجد و احاذر پڑھا کرے شفا ہوگی نیز سورۂ عنکبوت پوری لکھ کر پاس رکھنے سے بھی جسم کا درد دور ہو جاتا ہے

خنازیر کا جھاڑ نیم کی تپی پر پڑھ کر گلے میں باندھے حضرت سلطان الاولیا فرماتے ہیں فوراً آرام ہو جھاڑ یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سری مہا سری سرہ و قیصری جبر حاسد قیر ماہ بحق ابراہیم خلیل اللہ۔ ۱۱ دفعہ پڑھے

دعائے فرزند :۔ جو شخص اس دعا کو پڑھتا رہیگا ہر فرض نماز کے بعد پڑھ لیا کرے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وقل الحمد للہ الذی لم یتخذ ولداً ولم یکن لہٗ شریکٌ فی الملک ولم یکن لہٗ ولیٌ من الذل وکبرہ تکبیرا

نوکر یا چور کو واپس بلانے کیلئے :۔ ولو ارادوا الخروج لاعدوا لہٗ عدۃ ولکن کرہ اللہ انبعاثہم فثبطہم وقیل اقعدوا مع القاعدین۔ آیت لکھ کر دائرہ میں چور کا نام لکھے اور ایک کیل ٹھونک دے حیران و پریشان مضطرب واپس آ گے

دفینہ معلوم کرنے کیلئے

واما الجدار فکان لغلامین یتیمین فی المدینۃ وکان تحتہ کنزٌ لھما وکان ابوھما صالحاً فاراد ربک ان یبلغا اشدھما ویستخرجا کنزھما رحمۃ من ربک وما فعلتہ عن امری ذالک تاویل مالم تسطع علیہ صبرا۔ ایک تانبہ کی لوح پر پڑھو اور کپڑے میں لپیٹ کر سرھانے رکھو روز تیرہ مرتبہ آیت مذکور پڑھ کر الٹی کروٹ سو جاؤ۔ اگر نیند نہ آئے تو سیدھی طرف رکھ کر یہ کہو یا مظہر العجائب یا دلیل کل حائرٍ عندہٗ کلّ ضالّۃ ارشدنی بکریک مارٌ طلب۔ انشاء اللہ دفینہ کی جگہ سے باخبر ہو گا

سانپ بچھو گھر سے نکالنے کیلئے

ایک پیتل کے برتن میں لکھے الم ترا الی الذین خرجوا من دیارہم وھم الوف حذر الموت فقال لھم اللہ موتوا اور خیرہ برگ نیم سے دھوؤ اور مکان کے کونوں

میں جب تک وہ خدا نے چاہا تو کوئی موذی جانور نہیں رہے گا

محبت کا بہترین عمل

نام اصحاب کہف کے لکھے اور نام طالب و مطلوب کا لکھے زعفران سے پھر خوشبو لگائے عطر حنا کی اور پیر کے دن سیدھے بازو پر باندھ لے پھر اثرات کاملہ ان ناموں کا دیکھے نام اصحاب کہف کے یہ ہیں یملیخا مکسلمینا کشفوطط تبیونس کشفطیونس اذرفلیونس لوانس یونس و کلبہم قطمیر علی اللہ قصد السبیل و منہا جائر و لوشاء لہدٰکم اجمعین پھر لکھے ۷۰ ۷۰

یہ معلوم کرنے کیلئے کہ کونسا حروف کس قسم کا ہے

حرف	قسم	نام جو خدا کے متعلق ہیں	حرف	قسم	نام جو خدا کے متعلق ہیں
ا	آتشے	اللہ احد	ص	بادی	صمد صبور
ب	بادی	باسط	ض		ضار
ت	"	تواب	ط ظ	آتشے آبی	طاہر ظاہر
ث	آبی	ثابت	ع	خاکی	عزیز علیم
ج	"	جمیل جلیل	غ	"	غفور غنی
ح	خاکی	حبیب حمید	ف	آتشی	فتاح
خ	"	خبیر خالق	ق	آبی	قادر
د	"	دیان دائم	ک	"	کبیر کریم
ذ	آتشے	ذوالجلال	ل	خاکی	لطیف
ر	خاکی	رب رشید	م	آتشے	مومن مہیمن
ز	آبی	زکی	ن	بادی	نافع نور
س	"	سمیع سلام	و ہ	آتشے	ودود واحد ہادی
ش	آتشے	شہید	ی	بادی	یعقوب

عمل حب مجرب

ثم قست قلوبکم من بعد ذالک فھی کالحجارۃ او اشد قسوۃ وان من الحجارۃ لما یتفجر منہ الانھار وان منھا لما یشقق فیخرج منہ الماء وان منھا لما یھبط من خشیۃ اللہ وما اللہ بغافل عما تعملون

دو موم کے پتلے بناؤ اور مرد کے سینے پر عورت کا نام سوئی سے لکھو اور عورت کے سینے پر نام مرد کا لکھو اور پوست آہو میں دونوں کو ایک دوسرے کے روبرو رکھو اور کسی پھل دار درخت کے نیچے دفن کر دو۔ انشاء اللہ ایک دوسرے سے مل جائیں گے

دیگر

سورۂ اخلاص بھی گیارہ سو بار بعد عشا پڑھنی مجرب ہے مگر دعا مانگتے وقت نام طالب و مطلوب کا لینا لازمی ہے اور سات دن یہ عمل کرے

جنگ میں فتحیابی کیلئے

وانزلنا الحدید فیہ باس شدید و منافع سے عزیز تک روز پڑھ لیا بالخصوص جنگ آزمائی کے وقت دشمن خائف ہوں اور خود غالب و مظفر ہو

دیگر

سورۂ الم ترکیف کا پڑھنا بھی آیا ایک خاک کی مٹھی پر پڑھ کر دشمنوں کی طرف پھینکدو وہی کام کریگی جو اصحاب فیل کے ساتھ ابابیل نے کیا تھا اور تم لڑائی میں مظفر و منصور رہوگے بعون اللہ تعالےٰ

دوکان کی بکری زیادہ ہونے کیلئے

ذیل کی آیت مٹی کی ٹھکوری میں گلاب سے لکھ کر آب باراں سے دھوکر اسجگہ ڈالے جہاں بکری زیادہ مطلوب ہوں اور فضل الٰہی دیکھے آیت یہ ہے

انا نحن نحی الموتی و نکتب ما قدموا و آثارھم وکل شیء احصینہ فی امام مبین

کھیتی خوب پھلنے پھولنے کیلئے

حم تنزیل الکتاب من اللہ العزیز الحکیم ان فی خلق السموات والارض لایٰت للمؤمنین وفی خلقکم وما یبث من دابۃ آیات لقوم یوقنون ○

زعفران سے لکھو اور پانی سے دھو کر کھیت میں چھڑک دو انشاء اللہ خوب پھولے پھلیگا کہ حیرت ہوگی

قرض ادا کرنے کیلئے

اللھم انی اعوذبک من غلبۃ الدین وشماتۃ الاعداء

بعض اکابر فرماتے ہیں کہ بعد نماز ظہر ایک سو چالیس بار دعائے مذکور پڑھا کرو چندروز کی مداومت سے قرض ادا ہو جائے گا

دیگر مجرب

اپنے نام کے اعداد اور قرض خواہ کے نام کے اعداد جمع کرو اور اسی تعداد سے یا مالک الملک استغیث اعداد کی تعداد کے مطابق جتنے دن ہو گئے ہوں اتنے ہی دن پڑھو دوران خواندگی ہی میں قرض ادا ہو جائے گا۔ اور تمہارے کاروبار میں بھی نمایاں برکت ہوگی ہر جمعرات کو ایک نمازی کو کھانا ضرور کھلاتے رہا کرو

بربادی دشمن کیلئے

ایک مٹی کے پیالے پر لکھ کر دشمن کے گھر میں رکھ دو اور اگر پوست اسپ مردہ مردہ کی کھال پر لکھوا کر ڈالے تو مکان کی بنیاد تک کھد جائے مگر ایسا کرتے وقت خدا کا خوف کرو

لیقطع طرفا من الذین کفروا او یکبتھم فینقلبوا خائبین لیس لک من الامر شیء او یتوب علیھم او یعذبھم فانھم ظلمون ○

دیگر

اگر دشمن کا مستقل پارچہ مل جائے تو اس پر لکھے کذالک یطبع اللہ علےٰ قلوب الذین لا یعلمون قلوب کے بعد اس کا نام لکھے اور اپنے بازو پر باندھ کر دشمن کی طرف جائے دشمن مرعوب ہوگا اور خوف وہراس سے گھبرائے گا

باہم جدائی کے لئے

سترہ عدد سیاہ مرچ پر پڑھے اللھم کما خلفت وفرقت بین فرعون وسحرۃ ہ فرق وخالف بیباں دشمن کا نام لے واجعلہم مبغضین یا مفرق یا مفرق ۱۱ دن پڑھے اور اثر دیکھے خوب جدائی ڈال دے گی

رات کو جب چاہے جاگنے کیلئے

یہ پڑھ کر پانی پر دم کر کر پی لیا کرے اور جس وقت جاگنا چاہے آواز سے کہہ دیا کرے۔ انشاء اللہ اسی وقت آنکھ کھل جایا کریگی

وکذالک اوحینا الیک روحا من امرنا ما کنت تدری ما الکتاب ولا الایمان ولکن جعلنا لا نوراً نہدی بہ من نشاء من عبادنا وانک لتہدی الی صراط المستقیم صراط اللہ الذی لہ ما فی السموات وما فی الارض الا الی اللہ تصیر الامور

دعائے بارش رحمت

ربنا انزل علینا مائدۃً من السماء وتکون لنا عیداً لا ولنا وآخرنا وآیۃً منک وارزقنا وانت خیر الرازقین وانت خیر الوارثین

اس آیت کے پڑھنے سے روزی فراخ ہوتی ہے محتاجی دور ہوتی ہے

ارشاد حضرت خواجہ قطب الاقطاب

آیت الکرسی پڑھکر اپنے گھر میں جانے والا کبھی محتاجی کا منہ نہ دیکھے گا۔ اور تنگی معاش سے ہمیشہ دور دور رہیگا

ہر قسم کی مصیبت دور کرنے کیلئے

حضرت مجدد الف ثانی رحمت اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ حضور کا قول ہے اس دعا کے پڑھنے والا ہر مصیبت سے دور رہتا ہے۔ خواہ مالی مصیبت ہو یا بدنی مگر صبح کو پڑھا کرے۔ بسم اللہ علے نفسی واہلی ومالی اللھم بارک لی فی قدرتک وارضنی بما قضیت حتی لا احِبُ تعجیلَ شئٍ اخرتَ ولا تاخیرَ شئٍ عجلتَ

غنی اور مالدار ہونے کیلئے

احادیث مستندہ سے ثابت ہے کہ کلمۂ تمجید سے بہتر کوئی عمل صبح وشام اسکا ورد بہت جلد مالدار بنا دیتا ہے۔ کلمۂ تمجید یہ ہے

سبحان اللہ والحمد للہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

حضرت مولا علی کا ارشاد

جس گھر والے مکڑی کے جالوں سے گھر صاف رکھتے ہیں اور سائل کو دیتے رہتے ہیں اس گھر کے لوگ کبھی فقر وفاقہ کے پاس نہ پھٹکیں گے کیا ہمارے لئے آجکل اس ارشاد میں کوئی درس ہے! فتدبر

سورۂ مزمل شریف کا عمل

فتوحات غیبی کے لئے نہایت مجرب ہے اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود پڑھنا چاہیئے اور پھر یہ دعا پڑھو یاحنان انت الذی وسعت کل شئٍ رحمۃً وعلماً یاحنان یاحنان اور پھر سورۂ ۱۱۱ بار پڑھو پھر یہ دعا پڑھو اللھم انی اسئلک ان تسخر لی خلام غداہ اسعدۃ بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور کم از کم تین چلے پڑھے کمال درجہ فتوحات ہوگی اور اگر خواب میں یا بیداری میں کوئی آئے تو ڈرے نہیں وہ اس سورۂ کے موکل ہونگے نقصان رساں نہ ہونگے جو پوچھیں جواب دیدے

ترمذی کی حدیث ہے

کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کبھی کوئی سختی پیش آتی تھی تو آپ یاحیُ یاقیوم

ہر جنگ استغفرت کا ورد فرمایا کرتے تھے کیا یہ دلیل ہوتے ہوئے بھی کسی اور دلیل کی ضرورت
ہے! ہمیں چاہیے کہ ہم اس سنت سے محروم نہ رہیں

کلمات حضور مولا علی سے

اے علی جمعرات کے دن قرآنی فال دیکھ کر نجومیوں سے احتراز کر اور جمعہ کے دن
غسل کیا کر اے علی نماز باجماعت پڑھا کر اے علی دل میں کینہ نہ رکھ کہ یہ علامت منافق ہے
اے علی یتیموں پر رحم کر کہ بڑا ثواب ہے اے علی کسی کی مشکل آسان کر سکے تو کر
تیری مشکل بھی خدا آسان کریگا اے علی بدی کرنے والے سے بھی نیکی کر اے علی
سلام کرنے میں سبقت کر اے کافر کو بھی برا نہ کہنا شاید وہ اسلام قبول کرے
اے علی غصہ کو ضبط کرنا انبیا کی سنت ہے۔ اے علی کم سویا کر کہ نیند موت کی
بہن ہے۔ اے علی اس جگہ قیام کر کہ ہمسایہ نیک ہو اے علی اگر مکان بنائے تو
اتوار کو بنیاد رکھ کہ اس روز زمین و آسمان کی بنیاد رکھی گئی تھی اے علی سفر کرے
تو جمعرات سے ابتدا رکھ اے علی حجامت بدھ کے دن نہ بنوا کہ نحس ہے۔ اے علی
جمعہ کا نکاح مبارک ہوتا ہے۔ اے علی شنبہ کو شکار کھیلنا مبارک ہے۔ اے علی شب
چہارشنبہ کو ہم صحبت نہ ہونا کہ اس رات میں قیام حمل سے اولاد دیوانی ہوتی ہے
اے علی دنیا میں خوش نہ رہ آخرت کے غم میں رہ اے علی دو دشمنوں میں صلح کرادے
کہ یہ کام دینداری کا ہے اے علی پنج وقتہ مسواک کیا کر اے علی کھانا زمین پر رکھ
کر نہ کھا کہ محتاجی لاتا ہے اے علی خلال ضرور کیا کر کہ افضل ہے اے علی بے وضو
آسمان کی طرف نہ دیکھ اے علی بیگانہ عورت کو نہ دیکھ کہ لعنت ہوتی ہے۔ اے
علی کسی کا دل نہ دکھا۔ اے علی بے نمازی کو نماز کی نصیحت کر۔ اے علی چھ
چیزوں کو زندہ نہ چھوڑ چوہا بچھو دیوانہ کتا سانپ اور موذی جانور اے علی کتا نہ
پال اے علی لیٹ کر نہ کھا نہ پی اے علی پاجامہ کھڑے ہو کر نہ پہن اور دوپٹہ کھڑے

ہو کر نہ باندھ اور بغیر ہاتھ دھو کھانا نہ کھا اور گرم کھانے پر پھونک نہ مار اور انگلیاں نہ
چٹخا اے علی اندھیرے میں نہ کھا اے علی امانت میں خیانت نہ کر اے جھوٹوں کا مصاحب
نہ بن اے علی قیامت کو نہ بھول اے علی پیاز بغیر چٹنی نہ کھا اے علی چراغ پھونک
سے نہ بجھا اے علی موت کو یاد رکھ اے علی کسی کی پردہ دری نہ کر اے علی کنگھا
کیا کر اے علی جب گھر سے باہر نکلے آیت الکرسی پڑھ اے علی سرمہ لگایا کر اے
علی مولنا ر جلد صاف کیا کر اے علی پنج شنبہ کی خلوت عورت سے مبارک ہوتی ہے
اے علی دو انگلیوں سے نہ کھا اسلئے کہ فعل شیطانی ہے یہ کلمات مسلمانوں
کی بہتری کے لئے لکھے ہیں۔

جواب نامہ رسول مقبول

یک آدمی نے یمن سے آکر جو سوالات کئے تھے ان کے جوابات جو حضور نے
دیے تھے وہ مسلمانوں کی بہتری کیلئے درج کئے گئے۔

سوال	جواب
سوال عزیز ترین مخلوق کیونکر ہوں	جواب مخلوق کو فائدہ پہنچا
،، خدا کی نظر میں کیونکر مقبول ہوں	،، تلاوت قرآن کیا کر
،، عقل کسطرح بڑھے	،، موت کو یاد کیا کر
،، سب سے نیک کیونکر بنوں	،، کسی سے برائی نہ کر
،، گناہ کیونکر کم ہوں	،، کلمہ شہادت پڑھا کر
،، عمر دراز کس طرح ہو	،، اپنے اور غیر سے سلوک کر
،، روزی بے اندیشہ کسطرح ہے	،، ہمیشہ باوضو رہ
،، دعا کیونکر قبول ہو	،، حلال روزی کھا
،، قیامت کی رسوائی سے کسطرح بچوں	،، دوسروں کو رسوا نہ کر
،، نامہ اعمال سیدھے ہاتھ میں کیونکر ہو	،، ماں باپ کو خوش رکھ

سوال آپ کی شفاعت کیونکر میسر ہو — جواب درویشوں یتیموں کو دوست رکھ

" آپ کا قرب کسطرح ہو — " حق ہمسایہ بجالا

" دونوں جہانوں کی عزت کسطرح حاصل ہو — " خدا کو راضی رکھ

" توبہ کیونکر قبول ہو — " رویا کر

" عذاب قبر سے کیونکر بچیں — " اپنا کپڑا پاک رکھ

" قربانی سے کیونکر بچوں — " صدقہ دیا کر

یا اللہ اپنے حبیب کی طفیل مجھ پر اور اس کتاب کے ناظرین پر رحمت کر

(آمین) — صوفی وارثی

ہر ضرورت کو رفع کرنے کے لئے

خواجہ امام یونس فرماتے ہیں کہ بشر جب ہر طرف سے مایوس ہو جائے اور مشکل حل نہ ہو تو یہ لکھ کر سات روز تک دریا میں ڈالے ناغہ نہ کرے اگر ہفتہ بھر میں حاجت پوری روا نہ ہو تو اسے حق ہے کہ میرا دامن قیامت میں پکڑے اب اس سے زیادہ اور یقین دلانے کی کیا صورت ہو سکتی ہے - یہ لکھے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا ثبوتاً شعشاً اخنوناً

آب رواں نہ ہو تالاب ہو اس میں ڈال دے مگر ڈالنے کے بعد پیچھے پھر کر نہ دیکھے دیکھ لیگا تو کام کے بننے میں شبہ ہے

نقش انگشتری

انگوٹھی پہ یہ نقش کرا کر پہنے بادشاہ کے آگے بھی جائیگا تو وہ بھی مہربان ہوگا

یا حسن سیوق المقالید الی المعاد

دریائی سفر

کرتے وقت اگر بیر چہار طرف یہ لکھ کر دریا میں ڈالدیا جائے تو کشتی غرقابی

سے محفوظ رہے گی

قُلْ مَنْ يُنَجِّيكُمْ مِنْ ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُونَهُ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً لَئِنْ أَنْجَانَا مِنْ هَٰذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ ۔ قُلِ اللَّهُ يُنَجِّيكُمْ مِنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ أَنْتُمْ تُشْرِكُونَ

ہر صبح کا ورد

ہر روز صبح کو سات مرتبہ پڑھنے سے نڈر ہو جانے اور غرق ہونے سے بھی محفوظ رہے زندگی امن و امان سے گزرے

حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ

حضرت امام شافعی

فرماتے ہیں کہ یہ میرا مجرب و آزمودہ ہے دن رات میں ایک مرتبہ ذیل کا ورد کر لیا جائے ہر طرح کی بلاؤں سے محفوظ رہے

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ وَبِنُورِ قُدْسِكَ وَعَظِيمِ بَرَكَتِكَ وَعَظَمَةِ طَهَارَتِكَ وَبَرَكَةِ جَلَالِكَ وَجَمَالِكَ مِنْ كُلِّ آفَةٍ وَعَاهَةٍ وَمِنْ شَرِّ طَوَارِقِ النَّهَارِ وَطَوَارِقِ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ إِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمَٰنُ اللَّهُمَّ مَعَاذِي بِكَ أَعُوذُ أَنْتَ مَلَاذِي بِكَ أَلُوذُ أَنْتَ غِيَاثِي بِكَ أَسْتَغِيثُ يَا مَنْ ذَلَّتْ لَهُ رِقَابُ الْجَبَابِرَةِ وَخَضَعَتْ لَهُ أَعْنَاقُ الْفَرَاعِنَةِ أَعُوذُ بِجَلَالِ وَجْهِكَ وَكَرَمِ جَلَالِكَ أَنْ تُجِيرَنِي مِنْ كَشْفِ سِتْرِكَ وَنِسْيَانِ ذِكْرِكَ شِعَارِي وَثَنَاؤُكَ دِثَارِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ أَجِرْنِي مِنْ خِزْيِكَ وَفَنَائِكَ عِبَادَكَ وَاضْطَرِبْ عَلَى شَرِّ أَوْقَاتِ حِفْظِكَ يَا الرَّحِيمُ الرَّحْمَٰنُ وَصَلَّى اللَّهُ عَلَى خَيْرِ خَلْقِهِ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَأَصْحَابِهِ أَجْمَعِينَ

ورد حفظ جمیع البلیات

حضرت سلطان الاولیا نظام الدین محبوب الٰہی فرماتے ہیں کہ یہ دعا لکھ کر گلے میں ڈال لو تعویذ بنا کر کوئی دشمن غالب نہ آسکے گا۔ اور ہر طرح محفوظ رہیگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انصرنا علے کل عدو صغیر وکبیر قریب وبعید ذکر او انثے حر وعبد شریف ووضیع شاہد وغائب کافر ومسلم لا تسلط علینا من لا یرحمنا ولا یطیع تکفنی من لم یکفر غیرک برحمتک یا ارحم الراحمین

دعائے شیطان

ایک روز شیطان حضور کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے اسے کہا بد بخت تو میرے پاس کیسے آیا اس نے کہا حضور میں بد بخت نہیں ہوں میری سب سے پہلے نجات ہو گی اور وہ اس دعا کی برکت سے جو میں ہر روز پڑھتا ہوں حضور نے پوچھا وہ کون سی دعا ہے عرض کی یہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم یا الہ البشر ویا عظیم الخطر ویا سریع الظفر ویا معروف الاثر ویا عزیز الحسن ومالک یوم الدین بحق ایاک نعبد وایاک نستعین برحمتک یا ارحم الراحمین آپ بڑے متحیر ہوئے مگر جبریل نے اگر عرض کی حضور مرتے وقت یہ دعا اسے بھلا دی جائے گی مگر یہ نافع دعا جو سریع الاثر ہے آپ اپنی امت کے لئے اسے ضرور یاد کریں

دوزخ کا دریا

دوزخ میں ایک دریا ہے پانی اس کا زہر قاتل ہے اس قدر بدبو دار ہے کہ الاماں جو شخص مغرب اور عشا کے درمیان سوتے ہیں اس کا پانی انہیں پینے کو ملے گا اور جو صلوٰۃ الاوابین یعنی مغرب اور عشا کے درمیان چھ نفل پڑھتا ہے اس سے چھٹکارہ کے لے وہ شخص کسی کی شفاعت کر سکے گا

حضرت شیخ الاعظم

غوث پاک فرماتے ہیں کہ صلوٰۃ اسباع الایام پڑھنے والے کی حمایت فضل الٰہی کرتا ہے۔ اور احادیث سے بھی اس کا ثبوت ملتا ہے چاروں خاندان والے اس پر عامل ہیں بعد زوال وضو کرے اور دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھے اور دو رکعت پڑھے جس میں

بعد فاتحہ سورۂ اخلاص پڑھے اور بعد اخلاص کے سو بار یا قہار پڑھے اور سو بار یا رافع
درجات بلند ہونگے

نماز عاشورہ

حضرت سفیان ثوری فرماتے ہیں کہ میں نفل عاشورہ پڑھا کرتا تھا کہ ایک دن میں نے حضرت حسین علیہ السلام کو دیکھا کہ آپ میرے منہ پر بوسہ دیتے ہیں میں نے عرض کیا حضرت مجھ سے ایسی کیا نیکی ظاہر ہوئی ہے جو آپ یہ کرم فرما رہے ہیں فرمایا ہمارے ہمارے اوپر تمہارا حق ہے۔ مسلمانو کیا حضرت حسین تمہارے نفل عاشورہ پڑھنے کے مشتاق نہ ہونگے

خدائے تعالےٰ

کی طرف سے چند مقدس نفوس متعین کئے گئے ہیں۔ کہ اگر کوئی شخص خواہ وہ کہیں ہو۔ یا عباد اللہ اعینونی کہکر آواز دے تو وہ جنگل میں ہو یا گھر میں مردان غیب فوراً اس کی امداد کو پہنچتے ہیں مگر ہم ہی ان کی امداد لینے سے قاصر رہتے ہیں اور دیوبندی و بریلوی مباحثوں میں وقت گذار دیتے ہیں حالانکہ دیوبندی کی قبر میں بریلوی نہ سوئے گا اور بریلوی کی قبر میں دیوبندی نہ سوئے گا

رند خراب حال کو زاہد نہ چھیڑ تو
تجھکو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو

لوگوں صحیح عقیدے کے ساتھ توجہ کرو اور اپنی دُھن میں لگے رہو اللہ تعالےٰ تمہاری ضرور مدد فرمائے گا

الا اِنَّ اولیاءَ اللّٰہِ لا خوفٌ علیھم لا یحزنون ہ

بارہ مہینے

ماہ محرم :۔ بڑی برکت کا مہینہ ہے عشرۂ محرم کا روزہ پہلی امتوں پر فرض تھا۔

امت محمدیہ پر نفل رہ گیا مگر عشرہ کے روزے کا بڑا ثواب ہے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی
نے اس روزہ کی بڑی تعریف کی ہے

ماہ صفر :- میں تمام انبیا کو رحمت پہنچی ہے اور اس مہینے میں بڑی بلائیں نازل ہوتی
ہیں بزرگان کرام کا شعار یہ رہا ہے کہ ہر روز تین دفعہ قل ھو اللہ کی سورۃ اس مہینے
میں پڑھے تاکہ بلاؤں سے محفوظ رہے

ماہ ربیع الاول :- اس مہینے کی بارہ تاریخ کو ۲۰ رکعتیں پڑھی جاتی ہیں نفل جنکا
ثواب بروح پرفتوح حضرت سید الانبیاء نذر کیا جاتا ہے آپ فرماتے ہیں کہ اس شخص کو
جو ان نفلوں کا عامل ہے میں ساتھ جنت میں لے کر جاؤنگا

ربیع الثانی :- اس مہینے کی فضیلت بھی کیا کم ہے کہ یہ حضور غوث پاک کی گیارھویں
شریف کا مہینہ ہے . اور گیارھویں شریف کی عظمت محبت والوں سے پوچھو کہ (جو)
کے بھی گیارہ عدد ہوتے ہیں

جمادی الاول :- اس مہینے کی اکیسویں تاریخ کو مغرب اور عشا کے درمیان کا وقت
ایسا وقت ہے کہ درود پڑھ کر اسوقت جو دعا مانگی جائے خدائے تعالےٰ کے دربار سے
ہرگز رد نہیں کی جاتی

جمادی الثانی :- یہ مہینہ بھی بڑا بابرکت ہے . اس کی تین تاریخ کو ۴ رکعت
نفلیں پڑھی جاتی ہیں جو حصول مرادات کا ذریعہ بنتی ہیں مگر مسلمان ہیں کہ غافل ہیں

رجب :- یہ جنت کے چشمے کا نام ہے اسی ماہ میں حضور کو معراج ہوئی تھی ۲۷ تاریخ
کو روزہ بھی عظیم برکات کا حامل ہے قسمت والے ہی رکھتے ہیں

شعبان :- یہ وہ مہینہ ہے جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کی ۱۴ تاریخ کو کاغذ
مرنے والوں کو پھینک دے جاتے ہیں اور مردوں کا حساب خدا کے یہاں ہوتا ہے
بہر حال پندرھویں شب شعبان بڑی افضل رات ہے ہر مسلمان کو چاہئیے کہ اس دن

عبادت میں گزارے خشوع خضوع سے کام لے روزی میں برکت ہوتی ہے

رمضان المبارک:۔ یہ وہ مہینہ ہے جس کا منٹ منٹ گِنا جاتا ہے مگر فریضہ صوم سے اہل پاکستان کی اکثریت غافل ہے ورنہ ہونا تو یہ چاہیئے کہ خدائی احکام کے مطابق ہر مسلمان سے حکماً روزہ رکھوایا جائے اب یہ حال ہے کہ دکھانے کو دوکانوں پر پردہ پڑا ہوتا ہے اور عقب کے دروازہ سے بلیک مارکیٹ ہوتی رہتی ہے یہ طریقہ قابل افسوس وندامت ہے

شوال:۔ بھی بہت برکتوں کا مہینہ ہے اس میں شش عید کے ۶ روزے بھی رکھے جاتے ہیں جو بڑی فضیلت کے حامل ہیں

ذلقیعد:۔ ذیقعد میں ساتوں حم لکھ کر اگر بازو سے باندھے تو دنیا کے اٹھے جیب جنت میں اپنا ٹھکانہ دیکھ لے

ذالحجہ:۔ یہ حج کا مہینہ ہے بقر عید کا تہوار ہوتا ہے قربانی کرائی جاتی ہے بقر عید پر اللہ کے دربار میں قربانی جیسا کوئی عمل فضیلت نہیں رکھتا

۲۷ رجب کا عمل

اگر اس روز روزہ افطار کر سورۂ یٰسین شریف ۲ مرتبہ پڑھ کر زعفران سے یہ نقش لکھ کر باندھے تو تمام سال استفادہ حاصل کرتا ہے نقش کی ترکیب یہ ہے کہ اپنے نام کے اعداد نکالے اور مقصد دلی کے ہمراہ تین سو تیرہ ملا کر نقش مثلث تیار کرے اور تہجد کے وقت بازو پر باندھ لے ۔ اللہ اللہ

۲۷ ویں شب رمضان کا عمل

اپنے نام کے اعداد نکال کر اس میں ۱۵۲۶ اعداد ملا دے اور مثلث بنائے حسب دستور عاملان اور اپنے گلے میں نقش لکھ کر پہن لے انشا اللہ کاروبار میں برکت ہو صحت مندر ہے دشمن مرعوب ہوں ہر شخص تعظیم و تکریم سے پیش آئے گا

قربانی کے دن عمل

اللہ اکبر ۷۸۶ اللہ اکبر

۲۵۵	۲۵۰	۲۵۷
۲۵۶	۲۵۴	۲۵۲
۲۵۱	۲۵۸	۲۵۳

عید پر قربانی کے جانور کے خون سے یہ نقش لکھ کر گھر میں آویزاں کرے تمام سال گھر بلاؤں سے محفوظ رہے آسیب کا قبضہ نہ ہو بلائے آسمانی دور ہی دور رہیں اللہ کی رحمت ہی رحمت کا ظہور رہو۔

762

اگر کسی عمل پڑھنے سے رجعت ہو جائے

تو سہل تدبیر یہ ہے۔ کہ یہ دعا لکھ کر پانی سے دھوئے اور پانی گرم کر کر رجعت زدہ کو نہلاوے اور آئینے یعنی کچ پر نام اصحاب کہف لکھ کر پلاوے جو کتاب میں کسی دوسری جگہ درج ہیں۔

دعائے رجعت

یاکنعان اسکن بعزۃ اللہ وقدرتہ الشدید ذی القوۃ ذالبطش القاھر القہار الذی ھو الرؤف المنان سمع السبع بحرمۃ الرحمن الرحیم یا اللہ یا اللہ یا اللہ۔

دردزہ کے لئے

گڑ پر پڑھ کر دیدے (آجکل پرسوں چھو) ۔ یہ گڑ کھلاوے فوراً بچہ ہو جائے

آسیبی طلسم

اگر کسی کو آسیب ستائے تو بتاشے پر یہ پڑھے تین دفعہ اور مریض کو کھلاوے سید برہنہ بالا بھولا ننگی پیٹھ پیلا نا گھوڑا جو سید کے بار پا ہوں نو سے کانگرو باندھ کے لاؤں جو سید کا چابُوں پان کانگرو کو کروں حیران ناگ کی سوار ناگ کا چابک میاں سید برہنہ کہاں کو جاتے ہم جاتے کانگرو کے باڑے وہاں دنت جڑے سو ساٹھ ماروں دنت کروں گھمسام فریاد پہنچی مہتا کے پاس مہتا پوچھے کہ دھان کتنے

کلک او کتے سوار میرا گھر گھیرا اس کی کمر گو گے جھولا گے زنجیر کا دسادا سوا سیر کا توشہ جو کھائیں اسکے تیں نکال باہر کرداں ترکنی دور کی دوہائی۔

محبت کا منتر

خوشبودار پھول پر ۱۰۰ بار پڑھ کر اسے کھلائے جس کو محبت کرانی ہو
یَاحَکِیْمُ فلانا دِلَّہٗ شَئیً مِنْ خَلْقِہٖ الحب فلاں (نام مطلوب) بحق فلاں (نام طالب) کھاتے ہی دیوانہ ہو جائے گا

بجر بند برائے بخار

بجر بند شاہ سلطان مرتضےٰ علی کا بجر بند ایک نوراللہ دوسرے محمد رسول اللہ مکر منکر جوگی نہ جنگم روال نہ بھول کھشا نو باچر نگ طور جیو بھوت باندھ آلی باندھ دعا باندھ کٹار باندھ۔ تیر باندھ تفنگ باندھ تپ باندھ تجاری باندھ تجیپن گرہ دن باندھ ماوپرے باندھ واؤ بیکانی باندھ موذی کو مار

جمعرات کی رات کو بعد نماز عشا ۱۱ مرتبہ پڑھ کر بتاشوں پر حضرت علی کی نیاز دے اور بچوں کو تقسیم کر دے اکیس دن میں اس عمل پر قبضہ ہو جائے گا پھر چاہیے جب بخار والے پر پڑھو گے اثر ہو گا اور بخار کافور ہو گا

مار گزیدہ کیلئے

ایک سانس میں سات مرتبہ پانی پر پڑھ کر مار گزیدہ کو پلائے اور کبوتر کی مقعد مقام ماؤوف پر چپکا دے جب تک چپکتی رہے کبوتر بدلتے رہو جب کبوتر نہ چپکے سمجھو کہ آرام ہو گیا سوا روپے کی شیرینی پر نیاز حضرت صابر صاحب رحمت اللہ کی دلا کر بچوں پر تقسیم کر دو

یہ عمل نمازی کرے یہ پڑھے قریبً ملحتہً فقطا بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نقش پندرہ کا

یہ آتشی بادی خاکی آبی ہوتے ہیں لکھنے والے کو چاہیئے کہ سب کی زکوٰۃ دے
اور پندرہ پندرہ نقش روز لکھے اور آتشی آگ میں جلاوے بادی درخت میں باندھے
آبی دریا میں بہادے خاکی زمین میں دبادے یہ گویا زکوٰۃ ادا ہوگئی

تفصیل نقوش کی

بادی

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

آبی

۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

آتشی

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

خاکی

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

نوٹ فتوحات کے لئے بادی خروج دشمن کے لئے خاکی محبت کے لئے آبی اور ہلاکت کے لے آتشی لکھے جاتے ہیں

محبت کے لئے چالیس دن تک چالیس روز لکھے اور نام مطلوب لکھے ہلاکت کے
لیے چالیس دن تک چالیس روز لکھے نام دشمن لکھے فتوحات کے لئے بادی پانی یا بسا
بکر اور دریا پر ڈالے

اک خاص ترکیب

جنگل میں لکھے اور دباتا رہے جب چھ مہینے ہو جایئں گے فتوحات ہونے لگے
گی نوچندی جمعرات سے شروع کرے اور ہر روز غسل کرتا رہے اور سورۂ اخلاص
اسقدر ممکن ہو بعد ہر نماز کے پڑھتا رہے

حسبنا اللہ نعم الوکیل اللہ مددگار ہے

سورۂ اخلاص کا عمل

نوچندی جمعرات سے شروع کرے ہر نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ اور تہجد کی

نماز کے بعد بھی ہزار مرتبہ پڑھے، اور تنہائی میں پڑھے نماز با جماعت پڑھے ایک غلہ اور ایک ترکاری کھائے گھی اور دودھ بھی بقدر طلب کھائے مگر گوشت نہ کھائے حقہ نہ پیئے ہر رات دوگانہ بعد عشا پڑھے جمعرات کو ۱۵ ہزار پڑھے اور حصار کھینچ کر پڑھے سوا لاکھ تعداد پوری ہونے پر موکل آئیں گے ان کو کہے کہ میرے مسخر ہو جاؤ وہ اقرار کر لیں گے عبداللہ اور عبدالصمد ان کے نام ہیں اور عود جلائے

نقش چوتیس کا

ہر روز ۳۳ نقش لکھ کر گولی بنا کر دریا میں ڈالے بڑی رجوعات ہوگی

یہ نقش ایسا ہے

۱۲	۱	۸	۱۱
۷	[illegible]	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

فتوحات کیلئے

اپنی محبت میں کسی کو دیوانہ کرنے کیلئے

چنبیلی کے پھولوں پر خوشبو ہو نام مطلوبہ پڑھو اور یہ پڑھ کر دم کر۔ اور مطلوب کو سنگھاؤ

بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین رب السموات والارض

۱۲۱۱۲۵۱۱۲۵۵۱۱۲۱۶۱

اگر کسی کو دوست اور ہمدرد بنانا ہو۔

تو یہ تعویذ اپنے پاس رکھو انشاء اللہ انشاء اللہ

۱۲ ۱۲

۱ ۲

۳	۵	۲	۱
۷	۴	۹	۳
۵	۶	۱	۴
۱۵	۶	۱	۱۲

۷۰۷ ۱

۱۵ ۱۲

اس نقش کو باندھنے والے بڑے خوش نصیب ہیں

جو سر پہ رکھنے کو جائے نقش پاک حضور   تو ہم کہیں گے کہ ہاں تاجدار ہم بھی ہیں

عزیز الخلق بنانے والا نقش

یہ نقش لکھ کر خوشبو لگا کر بازو پر باندھے سب کو عزیز ہو، سب قدر کریں

١٩٥

٦٦	٦١	٦٨
٦٧	٦٥	٦٣
٦٢	٦٩	٦٤

اس نقش کو دیکھنے والا دو جہان ہو بصارت قوت پائے محبت رسول ہو دوزخ سے نجات پائے

نقش مہر نبوت

نقش دافع مرگی

یہ لکھ کر بازو میں باندھا جاتا ہے

حلوس	ببرحوس	زخوددر
طوحس	وسطوحس	ببجہ
دریادرط	رحلودر	[illegible]
بوتوسر	طلوسر	[illegible]
بنیادارطوطز	عرب	سادرودرخد

روزنامہ حضرت دانیال

دیکھنے کی ترکیب یہ ہے کہ جبدن غرۂ محرم ہو یعنی پہلی تاریخ ہو اسی دن حال دیکھ لے تمام سال کا آئینہ ہے۔ اگر یکشنبہ کو ہو تو سال مبارک ہے نقصانات بہت کم ہوں والیان ملک خوش رہیں چارہ اور غلہ کافی پیدا ہوں سورج گرہن سردی بہت زیادہ ہو

دو شنبہ کو غرّۂ محرم ہو: ــــ تو دو دشمنوں میں اتحاد ہو۔ بارش ہونے سے غلہ اوسط رہے۔ مغرب کی طرف کوئی فتنہ اٹھے سوداگروں کو نقصان ہو دودھ کم ہو درخت بہت ہوویں آگ لگے بیل بکریاں خوب ہوں

سہ شنبہ کو ہو تو: ــــ قحط ہو بارش بے وقت ہو۔ رعیت ویران ہو پھل کم ایذا لوٹ مار ہو میوہ ارزاں ہو گیہوں ماش تل گراں ہوں اور ماں باپ سے منحرف ہو امراء میں مخلوق تباہ ہو زلزلہ آئے اور برکت اٹھ جائے

چہار شنبہ کو ہو تو: ــــ فتنے اٹھیں ہندوستان پر گردش ہو دنیاوی کام بے برکت رہیں۔ غلہ کم ہو راستے محفوظ نہ ہوں چاند گرہن ہو ٹڈیاں آئیں خربوزہ اور انگور کم ہو مالدار بیمار ہوں مریں

جمعرات کو ہو تو: ــــ حاکم رعیت بآرام رہیں درویش چین کریں دودھ زیادہ ہو پھل خوب آئے تجارت میں نفع ہو عورتیں درد میں مبتلا ہوں بچے بیمار ہوں روئی کم ہو۔ بکریاں ایذا گیہوں تل سستے ہوں

جمعہ کو ہو تو: ــــ سال مبارک ہے نقصانات کے احتمال کم ہیں البتہ چوریاں زیادہ ہو بہار میں بارش ہو۔ بیماری بھی کوئی پھیلے

شنبہ کو ہو تو: ــــ فتنے پھیلیں جنگ ہو رعیت برباد ہو غلہ کا نفع اوسط رہے آگ کے واقعات بکثرت ہوں گھوڑوں میں بیماری پھیلے عراق روم بغداد میں جنگ ہو۔ روم و عرب کو غلبہ ہو۔

اتوار کو ہو تو: ــــ پھوڑے پھنسیاں زیادہ نکلیں نیل گوشت شہد روئی گراں ہو۔ تانبہ اون گراں ہو۔ شکار بہت ہو سورج یا چاند گرہن ہو یہ سال نحس ہے

نقش قادریہ: ــــ یہ نقش قادریہ خاندان مجربہ تیر بہدف اور تمام

۹۳۶

۳۱۲	۳۰۹	۳۱۴
۳۱۶	۳۱۳	۳۱۱
۳۱۰	۳۱۸	۳۱۲

کام کے لئے اکسیر ہے اب تک اس نقش کو غیر موثر نہیں پایا لکھ کر بازو پر باندھ لیں بیمار کو دھو کر پلائیں مقدمہ میں پتھر کے نیچے دبائیں اور اس کی سریع الاثری کا تجربہ کریں

نقش چشتیہ :- اس نقش کو بارہا آزمایا ہے اس کا باندھنے والا کسی سے مرعوب نہیں ہوتا اگر دوکان پر چسپاں کرو گے

۱۵۹۶

۵۲۵	۵۳۰	۵۲۹
۵۲۸	۵۳۳	۵۳۲
۵۲۱	۵۳۰	۵۳۳

تو مال کی فروختگی زیادہ ہوگی حاکم کے سامنے باندھ کر جاؤ گے تو وہ بمشکل آپ کے خلاف مقدمہ فیصل کرے تو ورنہ آپ کے موافق سو فیصدی ہوگا غیبی فتوحات کا بھی دروازہ کھل جاتا ہے

حضور آقائے کونین صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارت

اک ایسی نعمت ہے جس پر دونوں عالم کی نعمتیں قربان کر دی جائیں تو بھی کچھ نہیں کیا

دیدہ صد شکر بجا آورد از دیدن تو

مگر یہ نعمت جیسی اتنی افضل ہے وہ حاصل کسطرح ہو غور فرمائے کہ ہم حضور کے دیکھنے کی حسرت کریں اور حضور کے اسوۂ حسنہ پر عمل نہ کریں تو فرمائیے ہماری حسرت کسطرح پوری ہو ہاں اگر ہم شریعت کے پابندیوں اور امر و مناہی پر پابند ہوں تو ہماری آرزو برحق ہے۔ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے زمانے میں ایک شخص کو آپ کی زیارت تو ہوئی مگر اسطرح کہ پشت مبارک نظر آئی جب یہ سامنے پہنچا تو حضور نے ادھر کی طرف پشت کر لی یہ شخص مضطرب ہوا آنکھ کھل گئی صبح ہی تعبیر لینے کے حضرت شاہ صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا آپ اس وقت کسی سے مخاطب تھے یہ شخص پہنچا تو آپ نے اسکی طرف پشت

کرلی پیچ اٹھا کر حضرت سے کیا برتاؤ ہے دیکھا جو حضور نے کیا تھا رات وہی تو میں بھی کر رہا ہوں کیا تم حقہ پیتے ہو تمہارے منہ کی بو حضور کو ناپسند تھی اللہ اکبر آج مسلمان کس دور میں ہیں جو حقہ اور سگرٹ پیتے ہیں اگرچہ یہ اختلافی مسئلہ ہے مگر پھر بھی حضور نفرت فرماتے ہیں مصنف کتاب کا ہی واقعہ ہے کہ اس کے والد صاحب مرحوم و مغفور صبح کو جب اٹھتے تھے تو حقہ کی عادت کی بنا پر صبح اٹھتے ہی حقہ پی کر وضو کرتے تھے ایک روز مصنف کتاب نے یہ کہہ دیا کہ حضرت حقہ پینے والے کو رسول پاک کی زیارت نہیں ہوتی بس اسی روز مصنف کے والد نے حقہ پینا چھوڑ دیا۔ حالانکہ مصنف آج تک اس بات پر نادم ہے۔ مگر مسلمان کو کم از کم محبت اور عقیدت رسول ہو تو کم از کم اتنی تو ہو خیر حضور کی زیارت کے آرزو مند حضرات پہلے تو میری رائے میں طلب صادق پیدا کریں پھر صورت شکل حضور کے سامنے جانے کی بنا لیں اور حضور کے لطف و کرم سے ناامید نہ ہوں رحمت کے دریا کی موج آئے گی۔ اور بہا لے جائے گی۔ آپ کی زیارت کے لئے درود پاک کا ورد لازمی ہے سات مرتبہ درود تاج پڑھ کر کوئی صاحب دعا مانگ کر سوئیں گے تو ہفتہ بھر کے اندر اندر ہی زیارت رسول سے مشرف ہوں گے۔ مگر درود تاج باوضو بعد نماز عشا سوئے مدینہ طیبہ رخ کر کے کھڑے ہوں اور حضور کے روضہ اقدس کا تصور کریں پھر درود تاج پڑھیں ادب کے ساتھ جس طرح کہ حضوری میں حاضر ہو کر پڑھتے ہیں میرا یقین نہیں بلا چیلنج ہے کہ حضور رحمت اللعالمین کی رحمت کا سایہ فگن ہو گا اور آپ اپنی زیارت بابرکت سے اپنے غلام اپنے امتی کو ضرور سرفراز فرمائیں گے۔

اے سراپردہ یثرب بخواب
خیز کہ شد مشرق و مغرب خراب

حج کے متمنی حضرات

اگر حج کرنے کے لئے مضطرب ہیں یا یہ کہئے کہ روضۂ محبوب کی دید کا ارمان ہے تو رمضان شریف کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں بعد تہجد ۱۰۰ مرتبہ درود شریف غوثیہ پڑھیں، انشاء اللہ حضور کے دیدار جنت آثار سے اسی عشرہ میں مشرف ہو جائے گے۔

درود شریف غوثیہ یہ ہے،،

اللہم صلِ علیٰ سیدنا محمد ن النبی الامی وآلہٖ واصحابہٖ وسلم معدن الجود والکرم
منبع المعارف والحکم

بیت اللہ شریف

بیت اللہ شریف میں پہنچ کر خوش نصیب مسلمان دعائیں قبول ہونے کے متمنی ہوتے ہیں ان کو ایک موقع خاص بتاتا ہے۔ جب بیت اللہ خوش نصیبی سے حاضر ہوں، یا جتنی مرتبہ حجر سنگ اسود کا بوسہ دینے کا موقع ملے تو رک کر دعا مانگے رد ہو ہی نہیں سکتی۔

حدیث صحیح میں ایک اور موقع قبولیت دعا کا ہے۔ وہ یہ کہ رمضان میں جب روزہ رکھے ہو اور مغرب کی اذان ہو یعنی روزہ افطار کرنے کی اجازت ہو تو افطاری ہاتھ میں لیکر چند حدیث توقف کرے اور اپنی دعا مانگے محمد یمن فرماتے ہیں کہ خدائے تعالیٰ کی رحمت زبار رحمت ہے فوراً دعا قبول فرمالیتی ہے۔ اسے تفصیل کرتے نہیں لگتی دیر۔

بزرگان کرام کے مزارات پہ حاضر

تو اک خلوق ہوتی ہے۔ دل اجر جاتی ہے مگر

جو مانگنے کا طریقہ ہے اس طرح مانگو
در کریم سے بندہ کو کیا نہیں ملتا

اس لئے ہم ذیل میں وہ طریقہ درج کرتے ہیں کہ پاک و صاف ہو کر جائے اور کعبہ کو پشت کر کے سوئے مزار رخ کرے اور پنج آیت ختم کر کے ثواب صاحب مزار کی روح کو پہنچائے۔ پھر بیٹھ کر اپنی پالتی مار کر بیٹھے اور رگ کیماس جو گھٹنے کے جوڑ کے نیچے نمایاں ہوتی ہے بائیں پاؤں کے انگوٹھے اور انگلی سے پکڑ کر اور لا الہ الا اللہ ۱۰۰۰ مرتبہ کہے۔ اور یہ کہے کہ صاحب مزار میرے سامنے جلوہ فرمائیں وہ اس محبت سے ذکر کرے کہ صاحب مزار جلوہ نما ہو جائیں پھر مقدر میں ہو تو ہم کلام بھی ہو ورنہ زیارت سے مشرف تو ہو ہی جائے گا یہ وہ باتیں ہیں وہ راز ہیں جو عام طور پر لوگوں کو معلوم نہیں اللہ کے نیک بندے جاری اس قابل دیکھتے ہیں بتا دیتے ہیں ورنہ۔

پیر مغاں کہ مخبر صادق بلس بگفت
در حیرتم کہ بادہ فروش از کجا شنید

کسی مخفی بات کو معلوم کرنے کے لئے

دو رکعت نماز بعد عشاء کے پڑھے اور مصلے پر ہی بیٹھے بیٹھے یا علیم یا خبیر ۱۰۰ مرتبہ پڑھے اور نقش ذیل سرہانے رکھ کر سو جائے خواب میں ہونے والی بات کے نتیجہ سے مطلع ہو جاؤ گے اور وہ بالکل صحیح ہوگا۔

۲۰۵	۴۴۴	۱۲
۲۰۰	۱۸	۴۴۶
۷۲۵	۷۳۱	۳۰۶

دشمنان اسلام سے جنگ کے موقعہ پر

مجاہدین کو یہ نقش ضرور باندھ لینا چاہیئے دشمنوں کے ہر حربہ سے مجاہد لڑ الیں گے اور دشمنوں پر غالب آئیں گے۔ مگر خانگی لڑائیوں میں اس نقش کا استعمال ممنوع ہے صرف

دیتے ہیں بازو پر باندھا جاتا ہے۔

حضرت خواجہ بہاؤالدین زکریا ملتانی

جو بے انتہا خوش پوش اور فراخ دل تھے حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمت اللہ علیہ کے عزیز مرید تھے اور خواجہ قطب الاقطاب کے معاصرین میں سے آپ کی وفات ہونے پر جب آپ کی کنجیوں سے بکس کھولے گئے تو ایک حبہ بھی نہیں حالانکہ آپ بہت زیادہ لنگر کے خرچ میں صرف فرماتے وہ فرماتے ہیں کہ فقیر آکر دیکھا تنگدستی یا دل کا سب صدقہ تھا آپ سے ایک بزرگ ناقل ہیں جنہوں نے ان سے یہ سوال کیا تھا کہ حضرت یہ مصارف آپ کہاں سے کرتے فرمایا فقیر اللہ کے خزانوں کا مالک ہوتا ہے۔ ہم خدا کی نعمتوں کا شکر ادا نہیں کرتے۔ وہ بزرگ کہتے ہیں کہ میں نے حضور سے درخواست کی کہ مجھے بھی کوئی ایسی چیز مرحمت فرما دیجیے جو میں دنیا کی طرف نہ دیکھوں غیب سے میری حاجتیں بر آیا کریں فرمایا اچھا تم اس آیت مبارکہ کو اس کے اعداد کے مطابق صبح کی سنتوں اور فرض کے درمیان پڑھ لیا کرو۔ مگر اس طرح کہ بسم اللہ پڑھ کر سورہ رحمٰن پڑھو اور ختم پر آیت مذکورہ ۱۱۱ بار پڑھ لیا کرو پھر درود پڑھ کر فرض پڑھا کرو۔ چنانچہ ان بزرگ نے حسب ہدایت پڑھا کہتے ہیں کہ خدائے تعالیٰ مجھے جو ضرورت ہوتی ہے غیب سے عطا کر دیتا ہے۔

گفتۂ او گفتۂ اللہ بود،،
گرچہ از حلقوم عبداللہ بود

حضرت بلھے شاہ صاحب قصوری

کا ارشاد ہے کہ اگر کسی کو آسیب نے ستا رکھا ہو یا جنات ستاتے ہوں تو وہ ۱۶۷۷۷ مرتبہ پہلے یہ تعویذ لکھے یا کوئی دوسرا لکھے اور جب ایک تعویذ

۵۵۵۰	۵۵۰	۵۵۸
۵۵۴	۵۵۳	۵۴۷
۵۵۱	۵۵۹	۵۵۳

لکھے اور اسکی دھونی آسیب زدہ کو دے
اور سنگھائے آسیب زدہ چیخ کر چلائے گا
گر پروانہ کرے یا تو چلا جائے گا۔ یا جل جائے گا۔ تین دن ضرور اس کو
دھونی دے۔

حضرت شیخ کلیم اللہ صاحب جہان آبادی کی بیاض کا نقش

جو فتوحات کے لئے مجرب المجرب ہے اور جس کی تعریف حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی بھی فرماتے ہیں یہ ہے کہ بارہ ربیع الاول کو جب کہ ماہ ثابت ہو یعنی ہندی مہینہ چاند کے حساب سے ثابت پڑتا ہو بعد ظہر غسل کرے اور آیہ قل اللھم مالک الملک جو سورہ بقر میں ہے تا حساب اس کے عدد نکال کر اعداد کے مطابق پانی کے پاس بیٹھ کر پڑھے اور وہیں نماز میں ادا کرے عشا تک کی اور اسی جگہ سو رہے صبح کی نماز سے پہلے اٹھ کر وضو کرے اور جا کر کسی پھل دار درخت میں باندھ آئے بس عمل پورا ہو گیا بے انتہا فتوحات ہوں کسی قسم کی کمی نہ ہوگی
جو خرچ کرے کا مل جائے گا۔

۲۳	۱۸	۲۵
۲۶	۲۲	۳۰
۱۹	۲۷	۲۱

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب

کی تصانیف میں یوں تو بہت سے عملیات و نقشیات مجرب درج ہیں مگر جنات و آسیب کے لئے ایک عمل بہت پیارا درج ہے جسکی تقریباً ہر زمانے میں ضرورت ہے اب جبکہ اللہ کے مقدس نفوس سے دنیا خالی ہوتی جاتی ہے۔ اس لئے کہ موجودہ تعلیم نے ہم کو اپنی مذہبی تعلیم سے بہت دور ہٹا دیا ہے اس وقت تو اکثر ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ ایسے چٹکلے ملیں جو ہماری ضرورت میں کام آسکیں۔ جنات و آسیب کا مرض بھی اب

تو عام ہو گیا ہے ذیل میں جو نقش ہے وہ جنات و آسیب کے دور کرنے کے لئے ہے۔ جب ایسی ضرورت پیش آئے تو آپ انار کی لکڑی سے پیر کے دن صبح گیارہ بجے یعنی نماز چاشت کے وقت وضو کر کر دو رکعت نفل پڑھ کر نقش لکھیں اور سورہ جن تین مرتبہ پڑھ کر اس نقش کو لے کر یں موم جامہ کر کے خوشبو لگا کر اک کپڑے میں سی کر رکھ لیں وقت ضرورت مریض کے باندھ دیں۔ اور کھو لنے نہ دیں انشاء اللہ صحت ہو گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم لہ ما فی السموات وما فی الارض
من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ یعلم ما بین ایدیھم وما خلفھم ولا یحیطون بشیء من علمہ
الا بما شاء وسع کرسیہ السموات والارض ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد صحت کے مسجد میں کھانا پکوا کر بھیج دیں۔

تنبیہ ''

اکثر رمل اور فال دیکھنے والوں میں بازاروں میں بیٹھ کر لوگوں کو اپنے کمالات دکھا کر دام میں لے آتے ہیں وہ کمالات کیا ہوتے ہیں شعبدے بازیاں ہاتھ چالاکی بعض دوا فروش ایک لڑکے کو نا کو چادر اڑھا دیتے ہیں اور لوگوں کے سوالوں کو جواب دے کر تعویذات فروخت کرتے سیدھے سادھے مسلمان ان کے فریب میں آ کر اپنی گرہ کا پیسہ کھو بیٹھتے ہیں ہم یہ پول کھولے دیتے ہیں تا کہ لوگ ان سے محفوظ رہیں ویسے کسی کو دوا کی ضرورت ہو تو خرید یں۔

تعویذ فروش

کسی شخص کو بے ہوش کر کر پوچھتے ہیں بتاؤ وہ کون جا رہا ہے یہ کیا ہے ان کی پہچان بتاؤ ان کا نام بتاؤ۔ بات صرف اتنی ہے کہ یہ مقررہ الفاظ ہیں۔ وہ کون جا رہا ہے جبھی یہ پوچھیں گے جب سقہ ماشکی جاتا ہوگا۔ ان کی پہچان بتاؤ جبھی پوچھیں گے۔ جب یک چشم آدمی ہوگا یہ کیا ہے جبھی پوچھیں گے جب کسی کی چادر کو ہاتھ لگائیں گے ان کا نام بتاؤ اس کا جواب وہ لڑکے سے نہیں لیں گے بلکہ اور کوئی دوسرا سوال پوچھ بیٹھینگے لوگ سمجھیں گے کہ بڑے کمال بھرے عامل ہیں۔ اسی طرح الفاظ مقررہ چھوکرے کو پہلے سے ازبر کرا دیئے جاتے ہیں دریافت کریں گے لوگ سن سن کر حیرت میں پڑیں گے

سوچا ہوا سوال بتانا

کوئی پیٹ سائل کو اپنے علم کا قائل ان شعبدات سے کرتے ہیں مثلاً وہ آپکے سامنے چار کارڈ پیش کریں کہ آپ کوئی سوال سوچیں اور کارڈ سوال کا اوپر رکھ دیں آپ نے ایسا ہی کیا۔ اب دوسرے کارڈ جو ان کے پاس ہیں ہیر پھیر کرکے آپ کو دے کہ سب پھر کارڈ آپ اوپر رکھ دیں۔ دوبارہ جب آپ نے کارڈ اوپر رکھا تو پہلے کارڈ کے محاذ میں آپ کا جو نمبر ملے گا۔ وہی آپکا نمبر ہے آپ کو بتا دیں گے آپ حیران ہوں گے

۱	۵	۹	۱۳
۲	۶	۱۰	۱۴
۳	۷	۱۱	۱۵
۴	۸	۱۲	۱۶

کارڈ جتنے شمار میں ہوں
اتنے ہی سوال ان پہ لکھے ہوں

۱	۵	۹	۱۳
۶	۱۰	۱۴	۲
۱۱	۱۵	۳	۷
۱۶	۴	۸	۱۲

اتنے ہی یہ دوسرے کارڈ ہوں

اب کارڈ دیکھتے وقت یہ آپ کی دانائی ہے کہ سوالات حسب مطلب اور دلچسپ
ہوں کارڈ بدلتے وقت یہ بات ظاہر نہ ہو کہ کارڈ بدل لئے۔ یک من علم را دہ من عقل باید
اگر آپ نے اس میں ذرا بھی کوتاہی کی تو راز کھل جائے گا۔ اور آپ کو خفت ہوگی جس
قدر صفائی سے کروگے لوگوں کو حیرت ہوگی۔

اعداد کا کرشمہ

کسی سے یہ کہو کہ ایک سطر ہندسوں کی لکھو اس نے لکھی ۴۵۳
اب کہو کہ سطری میزان دے تو میزان ہوئی اسے ۱۲
اوپر کی سطر کے نیچے لکھوا دو اور تفریق کرا دو ۴۴۱
حاصل تفریق یہ ہوا۔
اب کہو کہ ایک ہندسہ کاٹ دو اس نے درمیان کا کاٹا
کہو کہ باقی ہم کو بتا دو اس نے بتایا۔
کہ چار اور ایک بچا تم دونوں کو جمع کرو ۵ ہوئے اب سوچو کہ پانچ میں کتنے اور
مل کر نو ہوں گے۔ چار مل کر نو ہوتے ہیں بس تم بتاؤ کہ چار کاٹا ہے۔ اسی طرح
چاہے جو کچھ لکھو۔ البتہ وہ بقیہ ہندسے اگر ایسے بتائے جس کی میزان ۹ ہو تو تم کو یہ
کہنا ہوگا کہ صفر کاٹا ہے یا ۹ کا ہندسہ۔

یہ ہم نے اس لئے لکھ دیا ہے کہ بعض بناوٹی عامل اس قسم کے شعبدات دکھا کر اپنے
کمال کا مظاہرہ کیا کرتے ہیں حالانکہ یہ سب حسابی کرشمے ہیں۔ اور بھی اکثر ایسے ہی
کرشمے ہیں جنہیں ہم نظر انداز کئے دیتے ہیں اس لئے کہ سچ سچ ہی ہے اور جھوٹ جھوٹ

وَجَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ

عامل جن

اکثر عامل اپنے عمل کے کمرے میں میز پر بوتل رکھتے ہیں اور ہر جانے والے سے جن کی گفتگو کراتے ہیں کہ یہ جن ہم نے قید کر رکھا ہے وہ قرآن پڑھ کر سناتا ہے لوگ بڑے حیران ہوتے ہیں اور جال میں پھنس جاتے ہیں۔ راز یہ ہوتا ہے کہ کمرے میں میز ہوتی ہے اس پر کپڑا ہوتا ہے میز کے اوپر ایک بوتل بند تعویذ سے سربمہر ہوتی ہے۔ مگر ڈاٹ نہیں لگی ہوتی اور بوتل کا پیندا الگ ہوتا ہے اس میں اک پھول (مٹی کا تیل ڈالنے کا) لگا ہوتا ہے۔ اس میں ایک نلکی لوہے کی پاتے ہیں کو ہوتی ہوئی زمین میں چلی جاتی ہے اور اس کا دوسرا سرا دوسرے کمرے میں ہوتا ہے۔ وہاں کوئی صاحب بیٹھ کر، قرآن سنا دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ میں جن ہوں ان عامل صاحب نے قید کر رکھا ہے بتائیے کون ہے جو اس شعبدے سے مرعوب نہ ہوگا۔ یا جال میں نہ پھنسے گا۔ العیاذ باللہ ہم کو اک واقعہ حضرت مخدوم نصیر الدین چراغ دہلی کے زمانے کا یاد آگیا جو حسب حال ہے

روایت حضرت مخدوم جی

ایک صاحب نے آپ سے سوال کیا حضرت آجکل دہلی کا قطب کون ہے آپ نے سیدھے بھاؤ بتا دیا کہ بھائی ایک سقہ ہے جو چاندنی چوک میں پانی پلاتا ہے۔

یہ صاحب گئے پانی مانگا سقے سے اور پانی لے کر پھینک دیا کہ اور دو اس نے اور دیدیا پی کر چلے آئے عرصہ دراز کے بعد پھر حضرت مخدوم جی سے سوال کیا کہ حضرت آجکل دہلی کا صاحب خدمت کون ہے آپ نے پہلے تو بتانے میں حجت کی پھر بتا ہی دیا کہ ایک سقہ ہی اب بھی ہے مگر ذرا ہشیار ہو کر جانا یہ صاحب گئے اور جاتے ہی پانی مانگا اس نے کہا پیسہ لوں گا۔ انہوں نے پیسہ دے دیا۔ اس نے پانی دیا انہوں نے پھینک

دیا اور مانگا سقہ نے کٹورہ پھینکر کہا بھاگ یہاں سے کہ دیکھو مخدوم جی سے اب وہ زمانہ نہیں رہا کہ ہرکس و ناکس کو راز سے آگاہ کیا جائے یہ شخص واپس آگیا اسی طرح اب سچے لوگ پوشیدہ ہیں اور کمیاب ہیں مارکیٹ میں جھوٹے ایمی ٹیشن بک رہے ہیں اور سچے جواہر ڈبوں میں اور بکسوں میں بند ہیں اب گاہک کی نظر اور قسمت ہے چاہے وہ سیلے جو سچے موتیوں سے زیادہ آبدار و خوشنما ہے یا سچے موتی خریدے۔ عامل بازاری اشتہاری بھی ہیں اور کسی گوشے میں اللہ کے سچے بندے بھی گمنامی کے دائرے میں گم ہیں سچ کہا ہے حضرت سعدی نے۔

ایں مدعیاں در طلبش بے خبرانند

کاں را کہ خبر شد خبرش باز نیامد

نقش و عمل کی تاثیرات

ایک شخص حضرت شاہ صاحب مولنا عبدالعزیز کی خدمت میں آیا اور اپنی بے چارگی و عسرت کا اظہار کیا آپ نے اک تعویذ لکھ دیا کہ گھر جا کر کپڑا ڈھک دینا اسے رکھ کر پھر تھوڑی دیر کے بعد اٹھا کر جو مقدر کا ہے لے لینا اس نے ایسا ہی کیا چند اشرفیاں ملیں بڑا خوش ہوا اور تعویذ کو احتیاط سے رکھا دوبارہ جب ضرورت پڑی تو اس نے وہی تعویذ پھر کپڑے سے ڈھک دیا تھوڑی دیر کے بعد اٹھایا تو اس میں تازہ خون بہتی ہوئی اک گردن نکلی بڑا گھبرایا حضرت شاہ صاحب سے جا کر عرض کیا فرمایا میاں تعویذ کا محرم استعمال جب تم نہیں جانتے تو تم نے ایسا کیا ہی کیوں ہم نے تم کو تعویذ دیا تھا ہم تو علم تھا کہ موکلات اب ایسا کر سکتے ہیں جب تم نے تعویذ رکھا اس وقت وہ باہم جنگ وہ خون میں پھنسے ہوئے تھے انہوں نے کٹی ہوئی گردن ہی لا کر رکھ دی اس لئے کہا گیا ہے۔

جس کا کام اسی کو ساجھے
اور کرے تو ٹھینگا باجے

ہر انسان کو دیکھ بھال کر سمجھ بوجھ کر کام کرنا چاہیے ایسے ہی اک مثال۔
یک شد دو شد کی ہے

چاہے یہ کسی کی گھڑی ہوئی تصنیف ہی ہو مگر ہے درس آموز نصیحت آمیز ایک صاحب کفن مردوں کا قبروں سے نکال لیتے تھے بذریعہ عمل کے یعنی عمل پڑھا اور مردے نے اپنا کفن اتار دیا اور دے دیا انہوں نے پھر عمل پڑھا وہ اپنی قبر میں چلا گیا۔ یہ کفن کا کپڑا بیچ بیچ کر اپنا گزارا کرتے تھے ایک صاحب نے ان کی شاگردی کی اور سوچا کہ جب ضرورت پڑے گی جب کریں گے چنانچہ کچھ روز کے بعد جب ضرورت پڑی یہ اک قبر پر گئے عمل پڑھا مردے نے آکر کفن حوالے کر دیا سنہری امر کہ یہ وہ عمل جو مردے کو واپس قبر میں بھیج دیتا تھا بھول گئے اب اس سے کہہ رہے ہیں کہ جا بھئی جا وہ بھلا کب جانے والا تھا اب یہ گھبرائے پھر سوچا چلو استاد کے پاس گئے تو معلوم ہوا کہ استاد تو انتقال کر گئے یہ قبرستان گئے اور استاد کی قبر پر جا کر عمل پڑھا استاد نے نکلتے ہی قبر سے کفن حوالے کیا شاگرد بولے استاد وہ عمل بتاؤ جو مردے کو قبر میں واپس بھیج دیتا ہے کفن رہنے دو استاد ہیں کہ بولتے نہیں کفن لئے ساتھ ہیں ایک تو پہلا مردہ ساتھ تھا دوسرے استاد ہو گئے اس پر کسی نے کہا ہے کہ یک شد دو شد۔ اس مثال سے یہی یہ سبق ملتا ہے کہ آدمی عمل پڑھنے سے پہلے نشیب و فراز سب سوچ لے یہ نہ ہو کہ بعد میں پچھتانا پڑے اور ندامت حاصل ہو بغیر کسی کامل رہنما کے کوئی عمل نہ پڑھنے کا ارادہ نہ کرے۔

دعائے کاظمی

یہ حضرت امام موسیٰ کاظم کی دعا ہے۔

قید سے رہائی حاصل کرنے میں بڑی زود اثر ہے خطا ہی نہیں کرتی قید خانے میں قیدی خود پڑھے بے شمار۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَلرَّاحَۃَ عِنْدَ الْمَوْتِ وَالْعَفْوَ عِنْدَ الْحِسَابِ

مسلمان آج کل محبت و بغض ترقی کاروبار کی تو دعائیں پڑھتے ہیں اور عمل کرتے ہیں مگر جو دین و دنیا سنوارنے والی دعائیں ہیں ان کی طرف توجہ بھی نہیں یہ بڑی کم نصیبی کا باعث ہے۔

حضرت امام علی نقیؒ

کا ارشاد ہے کہ ظالم کے ظلم سے امان چاہو تو یہ آیت بعد عصر کے ۷۰ مرتبہ پڑھا کرو اول آخر درود پڑھو ہر ظالم تم سے مرعوب ہو گا۔

قہر و عذاب الٰہی سے محفوظ رہنے کے لئے دعا

حضرت امام اعظم کو بیت اللہ شریف میں ہاتف غیب نے ندا کی تھی کہ اگر یہ دعا صبح و شام کوئی پڑھے گا تو وہ ہرگز میرا عذاب نہ دیکھے گا۔

سبحان الابدی الابد سبحان الواحد الاحد سبحان الفرد الصمد سبحان رافع السماء بغیر عمد سبحان الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن لہٗ کفواً احد ۔

حضرت سری سقطی فرماتے ہیں

کہ اگر تم دشمن دنیوی کے حملوں سے بچنا چاہتے ہو اگر تم دشمن دینی یعنی شیطان کے مکر و فریب سے محفوظ رہنا چاہتے ہو تو ہتھیار سے مسلح ہو کر نکلا کرو وہ ہتھیار یہ ہیں کہ ہمیشہ وضو سے رہا کرو اور لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کا ورد کرتے ہوئے باہر

نکلا کرو معذور ہو گے۔

جب کوئی کام اپنے قبضے سے باہر ہو جائے

تو فوراً وضو کرو اور سبحان الذی بیدہ ملکوت کل شئی الیہ ترجعون کا ورد کیا کرو۔ اس آیۂ مبارکہ کا ورد دل کو تسلی دیتا ہے غمزدہ کو فرحت بخشتا ہے بے سہاروں کو سہارا دیتا ہے۔ بڑے ہی کام کا ورد ہے۔

حضور غوث پاک فرماتے ہیں

کہ ذیل کے اشعار پڑھنے والا مشرق کی جانب رخ کر کے اپنے مقاصد میں کامیاب ہوتا ہے دلی مرادیں حاصل ہوتی ہیں مطلوب سے وصال ہوتا ہے۔

اشعار

ایدرکنی ضیم و انت ذخیری	واظلم فی الدنیا و انت نصیری
دعاءٌ علیٰ حامی ذمور تخدری	اذا ضل فی البید عقال بعیری

سخت بیماری سے صحت کے لئے

یَاذَنَ اللّٰہُ الَّذِی یُحِی الْعِظَامَ کرمی کریمہٗ ۔۔ مرتبہ کسی بیمار کے سرہانے بیٹھ کر ایک آدمی یا تین آدمی مذکورہ بالا کا ختم کریں اوّل آخر درود پڑھیں اور شیرینی پر حضور غوث پاک کی نیاز دلا کر تقسیم کریں خدا چاہے گا تو مریض جلد سے جلد صحت یاب ہو گا۔

شجرہ شریف

قادریہ اور چشتیہ روزانہ پڑھنا اگرچہ باعث برکات ہے مگر خاص طور پر کسی مقصد کے لئے پڑھنا ہو تو ۱۱۱ بار پڑھے اور نیاز دلا کر شیرینی بچوں میں تقسیم تو فوراً مقصد

دل حاصل ہو افضل یہ ہے کہ شب کو اندھیرے میں بیٹھ کر پڑھے شجرہ یاد نہ ہو تو پہلے یاد کرے بمقابلہ اجالے کے اندھیرے میں پڑھنے پر زور اثر ہوگا۔

توکل پختہ کرنے کے لئے

حضور غوث پاک کا ارشاد ہے کہ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا کا ورد ہر انسان کے توکل کو پختہ کر دیتا ہے پھر اسے کھانے پینے کا دغدغہ نہیں ستاتا اور یہ دولت ہر ایک کے حصے کی نہیں تا نہ بخشد خدائے بخشندہ۔

حضرت مجددؒ صاحب کے معمول کی دعا

اس دعا کی بڑی فضیلت ہے کہ حضرت مجدد الف ثانی رحمت اللہ علیہ کے ورد کی ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ الْبَعْثُ وَالنُّشُوْرُ۔
اس دعا کے پڑھنے والے کا خاتمہ ایمان پر ہوتا ہے۔

بعد وضو

پنجے وقت اگر کسی کے ورد میں یہ دعا ہو اسے رزق کی کمی نہیں رہتی شرط یہ ہے کہ بعد وضو کپڑے سے جسم نہ پوچھا جائے۔
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ وَاجْعَلْنِیْ عَبْدًا شَکُوْرًا وَّاجْعَلْنِیْ اَنْ اَذْکُرَكَ کَثِیْرًا وَّاُسَبِّحَكَ بُکْرَةً وَّاَصِیْلًا ط

اشراق کے بعد پڑھنے کی دعا

رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَغَفَرَ لَهٗ ط ۱۱ دفعہ پڑھ کر مراقب ہو پھر دنیوی

کاموں میں مشغول ہو دن بھر کا نگراں رب العزت بن جاتا ہے۔

صبح کی سنتوں اور فرض کے درمیان

اگر کوئی صاحب یہ دعا پڑھیں گے تو خواہ کتنی ہی بڑی رقم کے مقروض ہوں غیب سے کوئی سامان ہو کر ان کا قرض ادا ہو جائے گا۔

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخَاشِعِيْنَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۰

حضرت مجدد صاحب

کے متعلق لکھا ہے کہ آپ کوئی کام بھی بغیر استخارہ نہ کرتے تھے آپ پیادہ اور سواری میں قرآن پاک کی تلاوت کرتے رہتے تھے جب آیت سجدہ آتی تو سواری سے اتر کر سجدہ ادا کرتے تھے اور ہر مہم میں استخارہ ضروری سمجھتے تھے استخارہ سے پہلے دو رکعت نفل ادا کرتے اور پھر استخارہ کرتے تھے پھر

دعائے استخارہ

پڑھتے تھے جو یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ وَاَسْئَلُكَ بِفَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ اَوْ عَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ۰ اور اکثر آپ ہاتھوں کی انگلیوں سے

اللّٰہ

بنایا کرتے ہاتھ ہی میں اور استغفار کی بھی کثرت فرماتے تھے اور فرمایا کرتے کہ برائیوں

کو ہر وقت پیش نظر رکھو آپ کا لباس سر پر بڑا عمامہ اس کے ایک گوشے میں مسواک ہوتی تھی۔ دونوں کندھوں کے بیچ شملہ قمیص کی آستیں کہنی تک پاجامہ ٹخنوں سے اونچا لاٹھی ہاتھوں میں اور مصلے کندھے پر رکھتے تھے۔ آج ان جیسے تراش خراش وضع وقطع کے لوگوں کو بھلا کون عظمت کی نگہ سے دیکھے گا۔ آج کل جبہ وقبا و دستار کی قدر ہے۔

فالج زدہ کے لئے

اکو یحیی و یمیت پڑھ کو

۱۱۱

بار

بار دم کیا جائے اور اس کی

مالش

کی

جائے اور شہد پر دم کر کے چاٹا جائے تو یقینی صحت ہو

حضرت حاجی محمد شریف شاہ صاحب

قادریہ اور مجددیہ سلسلہ کے بزرگ تھے اور بڑے بافیض تھے۔ اگرچہ بے پڑھے تھے۔ مگر مثنوی شریف کے اشعار کے نکات بڑی خوبی سے بیان کرتے تھے جن لوگوں نے آپ کا فیضان صحبت پایا ہے۔ وہ آپ کا رتبہ خوب جانتے ہیں آپ کنگھیاں بنا کر اکل حلال کھاتے تھے اور اخفائے فقر اس درجہ نظر تھا۔ اک مرتبہ اک مسحور یا جنات

کا مارا ہوا آپ کی خدمت میں آیا اور آپ نے فرمایا کہ میاں اس کے دماغ میں خشکی ہے تیل لے آؤ میں مل دوں اس کے سر میں اور کان میں ڈال دوں لوگ تیل لے آئے۔ آپ نے دم کر کے لوا دیا۔ کانوں میں ڈلوایا۔ وہ تندرست ہو گیا تو فرمایا۔ دیکھا میں تو کہتا ہی ہی تھا کہ اس کے دماغ میں خشکی ہے مگر بعض نظر باز بھی خدمت میں حاضر تھے۔ انہوں نے تنہائی میں پوچھا کہ حضرت جو کچھ تیل پر پڑھا جاتا ہے۔ ہمیں بھی بتا دیجئے فرمایا میاں کا ہی نام ایسا ہے۔ کہ جسے پڑھ کر دم کر دو وہی کام کرتا ہے۔ تم بھی اگر تیل دم کرنا چاہتے ہو تو آیۃ الکرسی یاد کرو وہ پڑھ کر دم کر دیا کرو چنانچہ تجربہ کیا۔ تو بے کم و کاست صحیح پایا۔ آپ اکثر یہ دعا پڑھا کرتے تھے ۵ ر ذوالحجہ وفات کی تاریخ ہے۔ ابھی آپ کے دیکھنے والے بقید حیات ہیں دو ہا۔

ہم او چھے سب بات کے ہم پورے جہالح
نظر کرم کی راکھیو کہ بانہہ گہے کی لاج

آپ تہجد کی فضیلتیں بڑی فرمایا کرتے تھے کہ جس نے پایا تہجد سے ہی پایا۔

رب جاگت ہے تو سووت ہے — یہ پیت کی کوئی ریت نہیں
جو جاگت ہے سو پاوت ہے — جو سووت ہے وہ کھووت ہے

نظر زدہ

کا ہاتھ منہ دھو کر اگر نظر لگانے والے کو پانی پلا دیا جائے تو نظر کا اثر جاتا رہتا ہے اور نظر زدہ کو آرام اور شفا ہو جاتی ہے۔

یا نظر زدہ پر یہ عزیمت پڑھے

فوراً شفا حاصل ہو۔

عزیمت یہ ہے

بسم اللہ اور لا حول پڑھ کر الحمد شریف پڑھے پھر یہ عزیمت پڑھے۔

عزمت علیکم ایہا العین التی بعزعن اللہ دبنور عظمتہ دحب اللہ بما جرہ بہ القلم من عند اللہ الی خلق اللہ محمد ابن عبد اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عزمت علیک یہا العین التی بحق اشرا یہا میرا ہیا ازدمیا اضیاث ال شدل اہی عزمت علیک ایہا العین التی بحق شہت بہت انتہت باقنطاع النجا بالذی لا یقوی علیہ ادمی طریق والاخانت بربۃ من اللہ تعالے داللہ تعالی بری منہ اخرجی یا لعنی اسو بالف الف ھو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد وننزل ما ھو شفاء ورحمۃ للمومنین فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین حسبنا اللہ ونعم الوکیل وصلی اللہ تعالی علی خیر خلقہ محمد والہ واصحابہ اجمعین ۔

جنات دور کرنے کا اک اور عمل

اگر حضرت خواجہ بایزید کا نام لے لیا۔ تو مریض فوراً اچھا۔ اس لئے کہ آپ اک پہاڑ پر جو چاٹگام میں ہے۔ اکر چلہ کش ہوتے تھے اجنہ اس پہاڑ پر رہتے تھے۔ جب وہاں چراغ جلادو۔ آپ کو ستانے لگے۔ چراغ جلانے سے جہاں تک روشنی پہنچی وہاں تک اجنہ نہ ٹھہر سکے چاٹی بنگلہ زبان میں چراغ کو کہتے ہیں اور اسی لئے وہ جگہ چاٹگام مشہور ہوگئی اصل لفظ چاٹی گرام ہے اور اجنہ آپ کی دعا سے کچھوے بن گئے۔ چنانچہ وہاں جو تالاب ہے اب تک اس میں کچھوے بکثرت ہیں۔ جو لوگ وہاں جاتے ہیں۔ وہ کچھوؤں کو کھانا ڈالتے ہیں۔

ایک شخص کو بچھو نے کاٹ کھایا۔ اس نے کہا کہ حضرت کے پاس زیادہ لے جاتا ہوں۔ بچھو فوراً مر گیا۔ اس لئے آج تک آپ کا نام جنات کے بھگانے کے لیے عمل کے طور پر لیا جاتا ہے۔

ایک بزرگ کا مقولہ

ہے کہ جسے دشمن کے مقابلے کی طاقت نہ ہو وہ صدق و یقین کے ساتھ اپنا معاملہ خدا کے سپرد کر دے خدا تعالیٰ اس کی مدد فرماتے ہیں اور پھر رب العزت کی مدد جس کی مدد جس کے شامل ہو اس کا مقابلہ ساری کائنات بھی نہیں کر سکتی۔

دُعائے حیدری

جو بازاروں میں فروخت ہوتی ہے۔ حضرت شاہ احمد عبدالحق صاحب رد دلوی رحمت اللہ علیہ کے ورد کی خاص دعا ہے آپ کو حضرت سید الدین مولا علی کرم اللہ وجہہ سے اجازت ملی تھی جو لوگ صابریہ سلسلے میں داخل ہیں ان کو اس دعا کے دور کی اجازت ہوتی ہے۔ اور وہ استفادہ حاصل کرتے ہیں دشمنوں کے مغلوب کرنے کے لئے تو تیر بہدف ہے۔ نیز فتوحات درجوعات بھی بکثرت ہوتی ہے۔

نقش آیہ بے نقط

کامیابی امتحان کے لئے امتحان کے موقعہ پر خوشبو لگا کر پاس رکھنے سے دماغ میں وہی باتیں آتی ہیں جنہیں کامیابی کا دار و مدار ہوتا ہے۔ لڑکے اس سے بہت زیادہ منفعت حاصل کر سکتے ہیں آزمودہ نقش ہے۔

لٹ رہے ہیں جواہرات کے ڈھیر
پھر بھی کوئی نہ لے تو ہے اندھیر

لاہور والوں کے لئے ہمارا مشورہ

ہر جمعرات کے دن ناممکن ہو تو چند ہی جمعرات کو ضرور اہل لاہور داتا دربار میں سلام کو حاضر ہوا کریں۔ اور ایصال ثواب کیا کریں۔ یوں تو آپ کے حقوق ہر ہندی پر ہیں مگر اہل پاکستان پر لازمی ہے کہ حاضر ہو کر بصیرت حاصل کیا کریں آپ کا بڑا احسان ہے۔ لاہور والوں پر داتا سرکار کا۔

ورد غوثیہ

از غم مرا آزاد کن　　در دو جہاں شاد کن
غوث زمانہ امداد کن　　امداد کن امداد کن

یہ درود بڑی مشکل کے وقت کام آتا ہے۔ اہل حاجت خاص طور سے یاد رکھیں اہل محبت تو روز پڑھتے ہیں۔

گیارہویں شریف

کی فاتحہ کے لئے حضرت غوث اعظم کا ارشاد ہے۔ کہ میں نے یہ تہیہ کر لیا ہے کہ جو شخص گیارہویں شریف کی فاتحہ پابندی سے کرائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے حق میں دعائے خیر کروں گا۔ کہ وہ اپنی مشکلات میں غیب سے مدد پائے عذاب قبر سے نجات پائے۔

حضرت خضر اور حضرت الیاس

کی ہر جمعرات کو پیڑوں پر نیاز دلا کر بچوں کو تقسیم کرنے والے اور پھول دریا، یا کنوئیں
میں ڈالنے والے کبھی کسی مشکل میں نہیں پھنس سکتے اس لئے کہ بحکم الٰہی یہ دونوں حضرات
ہر وقت اس کی رہبری فرماتے ہیں اور والے بھی کبھی کبھی اس سے ملاقات کرتے ہیں۔
اور اللہ سے دعا کرتے ہیں یا اللہ اس نے ہم کو یاد کیا۔
تیری رحمت بھی اسے نہ بھولے۔

معمول مشائخ

چھینک آئے تو	الحمد کہو
حسن دیکھو تو	ماشاء اللہ کہو
وعدہ کرو	ان شاء اللہ 〃
کوئی احسان کرے	جزاک اللہ 〃
حضور کا نام سنو تو	صلی اللہ 〃
گناہ کا سامان دیکھو	استغفر اللہ 〃
سلام کا جواب دو تو	رحمت اللہ 〃
دعا دو تو	بارک اللہ کہو۔
کوئی مر جائے تو	انا للہ کہو
ڈر کے وقت	حسبی اللہ کہو
کسی کام کی ابتدا کرو،	بسم اللہ کہو
بزرگوں کا نام لو تو	رضی اللہ کہو

غرض کہ اللہ کو کسی وقت نہ بھولو اللہ ہی اللہ ہے۔

سوتے وقت

یا خالد بن ولید کہہ لینا ہر بلا سے محفوظ رہتا ہے بدخوابی بھی نہیں ہوتی۔

نقش مراد

ہر مراد پانے کے لیے یہ نقش بڑی مدد دیتا ہے۔ بازو پر باندھو۔

٧٨٦

۲۸۸	۲۸۳	۲۹۰
۲۸۹	۲۸۷	۲۸۵
۲۸۴	۲۹۱	۲۸۶

روغن مالش درد ہر قسم!

نقل جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمومنین
رؤف الرحیم ۱۱ مرتبہ تیل پر دم کرلو۔ ہر درد میں اکسیر کا کام دے گا۔

دریا کے طوفان میں

اگر پھنس جاؤ تو: قل لو کان البحر مداد لکلمات ربی آخر تک آیۃ معظم پڑھو
بلند آواز سے خلاصی ہو جائیگی

تبادلہ کرانے کے لئے

الٰہی غنچہ امید بکشا۔ گلے از روضہ جاوید نما

صبح کی فرض و سنت کے درمیان ۴۰ مرتبہ پڑھنے سے فوراً تبادلہ ہو جاتا ہے تبادلہ ہونے پر حضرت مولانا جامی کی روح کو کچھ ثواب ضرور پہنچاؤ۔

آگ بجھانے کے لئے

پانی پر لکھنا یا نادر کو نی بکودا؟ دسدھا ———— پڑھ کر ڈالو تھوڑا سا پانی بہت سی آگ بجھا دے گا۔

مرض بواسیر کی انگوٹھی

○ محمد نام کے جتنے آدمی ملیں یا جن کے نام محمد سے شروع ہوں ان سے ایک ایک پیسہ لے کر انگوٹھی بنوا کر پہنو انشاءاللہ بواسیر جیسا موذی مرض بھی دور ہو جائے گا۔

بارش کرانے کے لئے

یہ کہو

کوٹھے اوپر کون پکارے میں ہوں بابا بونا
ایک جھرو کا دیدے جلدی ڈیوڑھ جائے سونا

یہ اک مجذوب کی بڑ ہے۔ مگر بارش کرانے کے لئے تیر بہدف ہے خشک سالی کے موقعہ پر پڑھنے سے بارش ہو جاتی ہے اور خوب ہوتی ہے۔

دعا قبول کرانے کے لئے

دعا کے آخر میں یہ شعر پڑھا کرو۔

اے وارث کعبہ و مدینہ
غرق سے بچا مرا سفینہ

اک بزرگ فرماتے ہیں کہ اپنی دعاؤں کے آخر میں یہ شعر پڑھنے سے بھی دعا قبول نہ ہو تو قیامت میں ہمیں جواب آئے

حضرت مولانا گنج مرادآبادی

کا ارشاد ہے۔ کہ گنجا آدمی تیل پر صرف ۱۱ مرتبہ یٰسین پڑھ کر تیل ملا کرے انشاءاللہ سر پر بال اس قدر آئیں گے۔ کہ دیکھنے والے بھی تعجب کریں گے

کسی کی ناف ٹل جائے

تو ۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱ لکھ کر ماؤف جگہ باندھو فوراً درست ہو جائے گی۔

آخری چہار شنبہ

کے دن حلوہ بنا کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ثواب نذر کرو اور دعا مانگو قیدی پر کرم ہو گا اور رہائی مل جائے گی۔

گم شدہ کے لئے

	۷۸۶	
	یہاں گم شدہ کا نام	
۶۶		۹۵
	۷۰۷	

یہ لکھ کر پتھر سے دبا دو گم شدہ کی فوراً خبر ملے گی۔

لڑکا ہونے کے لئے

کہیعص

حمعسق

یہ نقش لکھ کر مرد باندھ کر ہم بستر ہو جب ہوگا لڑکا ہوگا مجرب و آزمودہ ہے

فالنامہ خالدی

باوجود اس نقش پر مطلب سوچ کر انگلی رکھو اور جواب باصواب پڑھ لو جس نمبر پر انگلی پڑے دیکھ لو۔

۱ مقصد بر آئے۔

۲ مراد دیر سے پوری ہو۔

۳ مطلب برآری نہ ہو۔

۴ خوشی میسر ہو۔

۵ دولت ملے۔

۶ دشمنی بڑھے کی خبردار۔

۷ کسی اچھے اور نیک آدمی سے ملاقات ہو۔ مدد ملے۔

تل کی علامات

ہونٹ پر تل ہو۔	وفادار ہو۔
رخسار " "	بے وفا ہو
ٹھوڑی " "	محبوب خلق ہو۔
گلے پر "	اچانک مرے۔
بازو پر "	شاعر ہو
ٹانگ پر "	وعدہ کا پکا
پیٹ "	بوالہوس ہو
کمر پر ہو "	مفلس ہو
چھاتی "	بہادر ہو
پیر پر ہو "	نفسانی شہوت غالب ہو

سفر کو نہ جاؤ

مشرق کی جانب	شنبہ ودوشنبہ کو سفر نہ کرنا۔
جنوب کی جانب	جمعرات "

شمال کی جانب — منگل بدھ
مغرب کی جانب — یک شنبہ "

گھوڑ دوڑ

کھیلنے والوں واہی تباہی اپنی دولت نہ کھوؤ ہماری تو یہی نصیحت ہے آئندہ تم جانو نہیں مانتے۔ تو یہ یاد رکھو کہ جس گھوڑے کے نام کا پہلا حرف تمہارے نام کا پہلا حرف ہوا سے کھیلو۔ انشاءاللہ تعالی تم فائدہ اٹھاؤ گے۔

سٹہ

ہرگز نہ کھیلو۔ خدا سے ڈرو۔ کروہ جوا کھیلنے والوں سے ناراض ہوتا ہے۔ یہ تعویذ اس کام میں موثر ہے۔ ے

در کوے نیک نامی مارا گذر نہ دادند
گر تو نے پسندی تغیر کن قضا را

یہ شعر سرہانے رکھکر سو جاؤ آئندہ کو تم جانو تمہاری قسمت۔

اس کتاب میں

بعض بعض عملیات ایسے بھی ہیں جن کا تعلق نہ قرآن سے نہ حدیث سے مجذوب کی بڑ کی قسم سے ہیں۔ یہ نہیں سمجھنا چاہیئے کہ ان میں اثر نہ ہوگا بات یہ ہے ے

گفتہ او گفتہ اللہ بود
گرچہ از حلقوم عبداللہ بود

ان کی نسبت تو ان بزرگان دین سے ہے۔ جنہیں خدائے ذوالجلال سے تعلق ہے

اس لئے ان کی قبولیت ان کی اثر اندازی میں ہرگز کسی قسم کا وسوسہ دل میں نہ لانا چاہیئے
کیونکہ حضرت مولانا یہ فرماتے ہیں کہ ؎

آں کہ مردان را رساند بر مراد
اعتقاد است اعتقاد است اعتقاد

پہلوانوں کو قوت بخشنے والا نقش

یہ تعویذ اللہ اکبر بڑا موثر ہے۔ پہلوان اپنے بازو پر باندھ کر تجربہ کریں ڈیوڑھی دگنی طاقت کا احساس ہوگا۔ مگر تعویذ باندھنے سے پہلے طاؤس العلماء حضرت جنید بغدادی کی نیاز بریانی پر دلاکر کسی کو کھلادے۔

۱۳۴	۱۲۹	۱۳۶
۱۳۵	۱۳۳	۱۳۱
۱۳۰	۱۳۷	۱۳۲

قرآن پاک کا عمل

یہ عمل اللہ اکبر بڑی تاثیرات اپنے اندر رکھتا ہے۔ پھر لطف یہ کہ پڑھا بے پڑھا مرد عورت سب کر سکتے ہیں اور فائدہ اٹھا سکتے ہیں باوضو قرآن شریف کھولو۔ اور ہر سطر پر

صلی اللہ علیہ وسلم

پڑھو انگلی سطروں پر پھیرتے جاؤ۔ ہمارا خیال تو یہ ہے۔ کہ ایک قرآن پاک کی سطروں پر انگلیاں پھیرنا ختم بھی نہ ہوگا۔ اور کام پورا ہو جائے گا۔ ہر کام کے لئے کیا جا سکتا ہے

بیمار کی صحت کے لئے کاروبار کی ترقی کے لئے کسی مشکل کے لئے حل ہونے کے لئے کسی سے
مل کر فائدہ اٹھانے کے لئے غرض یہ کہ قاضی الحاجات عمل ہے۔ اور سب بچہ بوڑھا
مرد عورت پڑھا بے پڑھا فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ کام ہونے پر لازم ہے۔ کہ
تین مبو کے پیر کے دن ضرور کھلانے چاہئیں۔ جو ایسا نہ کرے گا
وہ نقصان اٹھائے گا یہ عمل حضرت رابعہ بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نقل ہے۔ دنیا
جانتی ہے کہ وہ خدائے تعالیٰ کی کس قدر نیک بندی تھیں کہ حضرت خواجہ حسن بصری بھی انکی
تعظیم کیا کرتے تھے۔

سورہ طٰہٰ کا عمل

حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی رحمت اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ
سورہ طٰہٰ کا پڑھنے والا کبھی محتاج نہیں رہتا۔ اور یہ اک خاص طریقے سے بھی پڑھی
جاتی ہے۔ اس طرح کہ نوچندی جمعرات سے شروع کرے وقت چاشت یعنی گیارہ
بجے دوپہر کو کھڑے ہو کر پڑھا کرے اور ۱۴ دن تک پڑھے اوّل وآخر چودہ ۱۴ بار درود
پاک پڑھے درمیان میں کسی سے بولے نہیں ناغہ نہ کرے ورنہ عمل بے کار ہو جائے گا"
پندرھویں دن جب پڑھ چکے تو دو رکعت نفل پڑھے جس میں پہلی رکعت میں بعد الحمد
کے سورہ والتین اور دوسری میں سورہ اِنَّا اَنزَلنَا پڑھے پھر سجدے میں
جا کر ۱۴ بار طٰہٰ طٰہٰ پڑھے اور دعا مانگے اور تمام نماز ختم کرے جس مقصد کے لیے کوئی صاحب
پڑھیں گے پورا ہوگا۔ اور دوران عمل ہی میں دامن مراد بھر جائے گا۔

خدا رحمت کند بر عاشقاں نیک طینت را

جنہوں نے یہ پوشیدہ اور مخفی رازوں کے جواہر عام کرتے ہیں۔

سورۂ مزمل شریف کا ورد

گیارہ مرتبہ روز پڑھنے سے ۴۱ دن تک اگر کسی صاحب کو فتوحات نہ شروع ہوں تو صاحب عمل فرماتے ہیں کہ حضرت خواجہ بہاؤ الدین زکریا ملتانی رحمۃ اللہ کو خدا کے سامنے جاکر فریاد کرنا کہ ہم نے اس کے کہنے سے یہ پڑھا تھا پھر بھی ہمارا وہ مقصد پورا نہ ہوا۔ اب اور اس سے زیادہ کیا اطمینان قلب دلایا جاسکتا ہے۔ خدا کرے کہ مسلمانوں کو توفیق عمل ادا وہ دولت سرمدی حاصل کریں یہ خاندان سہروردی کا مایہ ناز عمل ہے۔

حضرت خواجہ غریب نواز کا عمل

تین قرآن پاک پڑھ کر حضور خواجہ صاحب کی روح پر فتوح کو ثواب نذر کرو اور اپنا دلی مقصد طلب کرو طفیل حضرت خواجہ غریب نواز اللہ تعالی ضرور مقصد دلی پورا کرے گا۔

لاہور میں حضرت داتا صاحب رحمت اللہ علیہ کے مزار فیض انوار پر خواجہ صاحب کا چلہ بھی بنا ہوا ہے۔ وہاں جاکر اگر یہ عمل کروگے تو حضرت داتا صاحب کا تصرف بھی شامل ہوجائے گا۔ اور عمل میں دوہری طاقت اور نسبت داخل ہوجائے گی۔

کام کی باتیں

۱ تعویذات ہمیشہ پاک روشنائی اور پاک قلم سے لکھا کرو۔

۲ لکھتے وقت لوبان وغیرہ کی دھونی بھی جلا لیا کرو اور عطر بھی لگا لیا کرو۔

۳ یقین پختہ رکھو کہ اثرات ہوں گے تذبذب نہ ہو۔

(۴) جن ہدایات کے مطابق جو عمل لکھا ہے۔ اس کے مطابق کرو ضرور اثر ہوگا۔

(۵) بڑی خصوصیت اس کتاب کی یہ ہے کہ کوئی خاص پابندی کسی عمل میں نہیں ہے سہل العمل عملیات ہیں۔

(۶) جو بات سمجھ میں نہ آئے مصنف کتاب سے بمقام لاہور رام گلی نمبر ۷ میں آکر بالمشافہ دریافت کرلو۔

(۷) خود کوئی عمل نہ کرسکو تو پتہ مذکورہ پر خط وکتابت کرو۔ اور جواب کے لیے جوابی کارڈ ضرور بھیجو۔

(۸) عملیات ہر قسم کے کتاب میں درج ہیں۔ مگر جن کی ممانعت لکھی ہے۔ انہیں کروگے تو خود ذمہ دار ہوگے۔

(۹) جو لوگ سلسلے میں داخل ہونا چاہتے وہ بھی مذکورہ پتے پر خط وکتابت کریں۔

(۱۰) ہر شخص کو شرعی ارکان، کا پابند ہونا لازمی ہے۔

(۱۱) دعائے خیر کے وقت مصنف کتاب کو ضرور اپنی دعا میں شامل کرو۔ یہ درخواست مخلصانہ ہے۔

اک نہایت مجرب عمل!

جو اپنے اندر حب کے اثرات رکھتا ہے۔ جب کہ خواہش مند آج کل نوے فیصدی لوگ ہیں۔ یاد رکھو حب جبھی کارآمد ہوگا۔ جب نیت بخیر ہوگی جو لوگ قرآنی آیتوں کو ہوس کی نذر کرنا چاہتے ہیں وہ خدا سے ڈریں اور مکافات عمل سے لاپرواہ نہ ہوں یہ کہہ دینا تو آسان ہے کہ تعویذوں میں اثر نہیں مگر تعویذوں اور عملوں کو عمل میں لانا شرعی احکام کے مطابق بڑا دشوار عمل ہے۔ جب عامل اپنے نفس پر قابو نہیں پا سکتا تو عمل پر کیا قابو پائے گا۔ بہرحال ہمارا کام سمجھا دینا ہے۔

مانو نہ مانو جانِ جہاں اختیار ہے
ہم نیک و بد حضور کو سمجھائے جاتے ہیں

یہ ہی وہ کلام ہے جو پہاڑوں پہ نازل ہوتا تو ان کے بھی ٹکڑے اڑ جاتے دنیوی کام تو پھر دنیوی ہیں۔ یہ وہ مجرب عمل ہے۔ کہ ہزار عمل ہزار نقش نقش ایک طرف اور آپ کا یہ مذہبی خلوص ایک طرف اسی لئے ہم نے اس کو اب نہایت مجرب عمل کی سرخی سے لکھا ہے امید ہے کہ لوگ اسی نقطہ نظر سے اس سے درس لیں گے۔ جس نقطہ نظر سے یہ سطریں لکھی گئی ہیں۔ وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ۔

مسودہ کتاب ہذا

یہاں تک لکھا جا چکا تھا کہ ہندوستان سے میرے اک مخلص کرم فرما بزرگ جو خاندان قادریہ و چشتیہ کے چشم و چراغ ہیں تشریف لے آئے دیکھا تو کہنے لگے کہ حضرت میرے پاس بھی کچھ انمول ذخیرہ ہے جو میری بیاض میں درج ہیں آپ چاہیں تو لے سکتے ہیں۔ اچھا ہے۔ کہ مخلوق خدا فیض یاب ہو۔ ذیل میں جو نقش اور عمل درج ہیں انہیں بزرگی عنایات سمجھنی چاہییں اللہ تعالیٰ انکو اسکا اجر جزیل عطا فرمائے آمین

دست غیب کا عمل بے نظیر!

واللہ معطی وانا قاسم

اس حدیث مبارکہ کے متعلق حضرت مولا علی فرماتے ہیں۔ کہ اگر کوئی شخص ماہ ثابت کے پہلے بیس دن مہینوں کی تفصیل میری کتاب عملیات جہانگیری میں درج ہے پیر کے دن عصر و مغرب کے درمیان اس حدیث کو ۴۵۵ مرتبہ تیرہ دن متواتر پڑھے گا تو

اس کو غیب سے ایک مقررہ رقم مل جایا کرے گی۔ جو اس کے خرچ روزانہ کے لئے کافی ہوگی۔ جو لوگ توکل ہیں توکل علی اللہ ہوتے ہیں انہیں چاہئیے کہ وہ اس عمل کا تجربہ کریں اور ان بزرگ کے عمل کے عطیات سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔

نقش کارساز

۷۸۶

اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ

یہ اسم ذات کا مربع ہے۔ جو کسی مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے سبز پان میں لپیٹ کر پیشکی میں دبالیا جاتا ہے جاتے ہی عدالت میں کامیابی حاصل ہوتی ہے!

لوح بزرجمہر

۷۸۶

یاہو	۱۸۶	۶۶	۱۱	اللہ
۱۸۶	۶۶	۱۱	اللہ	۹۲
۶۶	۱۱	اللہ	۹۲	۷۰۷
۱۱	اللہ	۹۲	۷۰۷	۱۱۰
اللہ	۹۲	۷۰۷	۱۱۰	۹۸۹

یہ کہا جاتا ہے۔ کہ یہ لوح خواجہ بزرجمہر لکھا کرتے تھے اور حاجت مندوں اور بیماروں کو تقسیم کرتے تھے اور حاجت مند کامیاب ہوتے تھے۔

حضرت ابوہریرہ کے چھوہارے

کتب سیر کی روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ حاجت مندوں کو حاجت پیش کرتے

پر ایک چھوہارے دے دیا کرتے تھے۔ کہ یہ کھاؤ مقصد پورا ہو گا۔ وہ ان چھوہاروں
پر حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے حضور میں درود نذر کیا کرتے تھے۔ خدا جانے کس تعداد
میں پڑھا کرتے تھے۔ مگر بیماروں کو شفا ہوتی تھی۔ غریب اپنی روزی چاہتے تھے۔ مصیبت
زدہ مصیبت سے چھوٹتے تھے۔ دکانداروں کی تجارت میں ترقی ہوتی تھی۔ کتب سیر
سے بھی ثابت ہے۔ کہ حضرت ابو ہریرہ بڑی کثرت سے درود پڑھتے تھے۔ اور ان کی خدمت بہت
میں کھجور بانٹنے والوں کا اژدہام رہتا تھا۔

حضرت صابر کی — گولریاں

جو کلیر میں ہیں۔ قل کے روز ان کے پتے تمام نوچ لئے جاتے اور ارادتمند تبرکاً لاتے
ہیں مگر ہم نے دیکھا ہے۔ کہ حضرت بابا صاحب کے آستانہ پر مسجد کے بائیں جانب
جو دروازہ ہے۔ اس کے سامنے جو پیڑ ہے۔ جس میں چھوٹے چھوٹے
پتے لگے ہوتے ہیں۔ اور ذائقے میں کھٹے ہوتے ہیں وہ اولاد کے متمنی توڑ کر لے
جاتے ہیں۔ اور خدا کی قدرت کہ ان کی آغوش مراد بھر جاتی ہے۔ پھر جا کر وہ حضرت کی نیاز
دلاتے ہیں۔

یہاں لاہور میں حضرت داتا صاحبؒ کے

آستانے پر جائیے قیام اول پر حضور کے سرہانے پانی کا چھوٹا سا حوض جو پتھر کا
بنا ہوا تھا۔ جس میں پانی بھرا رہتا ہے۔ عورتیں اگر حوض میں اور حاجت بر آنے
پر چادریں چڑھاتی ہیں۔ چراغاں کرتی ہیں۔ ان باتوں پر کم نظر لوگ اعتراض
کرتے ہیں۔ ہم تو یہ جانتے ہیں کہ ان لوگوں نے اور ان مقدس ہستیوں کے ازتونے
خدائے قدوس کو اپنایا ہے۔ کہ اللہ رب العزت بھی انہیں کی خوشنودی چاہتا ہے

اللہ اللہ گفتہ اللہ مے شود

ایں سخن حق است باللہ مے شود

بڑے خوش نصیب ہیں وہ لوگ جن کو ان بابرکت مزاروں سے عقیدت و محبت ہے

ہرگز نمیرد آں کہ دلش زندہ شد بعشق

ثبت است بر جریدہ عالم دوام ما۔

حضرت محبوب الٰہیؒ کے یہاں

بمقام دہلی یہ تو ہمارا تجربہ ہے۔ کہ ایک دیوانہ شخص لایا گیا اور اسے لنگر کی روٹی آگئی خدا کے فضل سے وہ بھلا اچھا ہو کر آستانے سے واپس گیا۔

حضرت بابا صاحبؒ کا چلہ

جو لاہور میں ہے اور اہل محبت وہاں حاضر ہوتے رہتے ہیں بڑا ہی پر نور مقام ہے ہمارا تجربہ ہے۔ کہ وہاں جاکر بھی اللہ سے دعا مانگنے والے بامراد ہوتے ہیں کیا کہنے ہیں وہ ہستیاں جن کی ذات سے زمین کے ٹکڑے کو یہ عظمت مل جاتی ہے۔

بر زمینے کہ نشانِ کفِ پائے تو بود

سالہا سجدہ صاحب نظراں خواہد بود

غیبی عطیہ

زرین اک دن کسی خاص الجھن میں مبتلا تھا کہ نیند آگئی خواب میں دیکھا کہ کوئی بزرگ نگ زرین لئے ہوئے تشریف لائے اور مجھے مرحمت کیا فرمایا جاؤ تمہاری مراد تو پوری ہو جائے گی۔ مگر تم کو اجازت ہے کہ جسے تم یہ نقش لکھ کر دے دو گے وہ بھی اپنی مراد پائیگا

برج حمل میں داخل ہوتا ہے۔ اس وقت دن رات دونوں برابر ہوتے ہیں اور فصل بہار کی ابتدا ہوتی ہے آغاز بہاراں ہوتا ہے۔ نجومی اسی وقت کے ستاروں کی نیک و بد رفتار سے اندازہ لگا کر زائچے وغیرہ تیار کرتے ہیں عاملین کا فیصلہ ہے۔ کہ اگر عین اس وقت رفتار کو مدنظر رکھ کر کوئی تعویذ تیار کیا جائے تو وہ بڑا موثر ہوتا ہے۔ راقم صوفی وارثی مصنف کتاب ہذا ہر سال یہ نقش اپنے اور اپنے احباب کے لئے کرتے ہیں ایک برج سے نکل کر دوسرے برج میں جانے کو تعویذ آفتاب کہتے ہیں وہ اکثر ۲۰/ ۲۱ / مارچ کو واقعہ ہوتی ہے۔ وقت اور ساعت جنتریوں سے معلوم ہو سکتی ہے۔ قدر دان حضرات اور شائقین اعمال تجربہ کر کے ہماری معلومات کی داد دیں مگر وہ ساعت اک ہوا کی ہوتی ہے۔ جیسے کسی پل پر دو ریلیں گزر رہی ہوں۔ تو اک لحظہ کے لئے ریلوں کے درمیان اور پل کا اتصال تو ضرور ہو گا اسی طرح تبدیلی ساعت پر تمام عالم کے کاروبار رک جاتے ہیں۔ مگر ایک ثانیہ کے لیے اور وہی وہی وقت عاملین کرام مقبولیت فرماتے ہیں اسی کے دیکھنے کے لیے میری رائے تو یہ ہے۔ کہ گھڑی کا ٹائم ٹھیک کر لیا جائے اور وقت مقررہ سے تین منٹ پہلے اور تین منٹ بعد تک مطلوبہ کام کرتے رہنا چاہئے۔ اسی میں وہ ساعت آجائے گی اور گزر جائیگی توجہ کرنی شرط ہے۔ ورنہ کوئی ایسا عقدہ لاینحل نہیں۔ جو ہو ہی نہ سکے جو صاحب خود تیار نہ کر سکیں۔ فقیر صوفی وارثی لاہور رام گلی نمبر ۳ کے پتے پر جوابی کارڈ لکھ کر نقش تیار کرا لیں مگر اس کے اخراجات کم از کم کے لئے سوا پانچ روپیہ منی آرڈر میں بھیجنا چاہئے بعد تیاری نقش ارسال خدمت کر دیا جائے گا۔

حکیم حاجی علی ضیاء صابری

- فاضل طب والجراحت
- رجسٹرڈ نیشنل کونسل فار طب حکومت پاکستان
- فاضل قانون نظریہ مفرد اعضاء
- سابقہ فزیشن قرشی ہیلتھ سروس لاہور

0301-6914588

الحمد دواخانہ

386۔فاطمہ جناح روڈ ٹلیانوالہ محلہ ساہیوال